بلوچستان کا مقبول روزنامہ
روزنامہ
DAILY
SABA-Quetta
کوئٹہ
صباء
ایڈیٹر غضنفر علی
ABC
CERTIFIED
PHONE:0814170013
EMAIL: sabanewsqta@gmail.com
جلد نمبر 22 | جمعرات یکم اکتوبر 2026 | 16 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 193

سندھ طاس معاہدہ یکطرفہ طور پر معطل، منسوخ یا تبدیل نہیں کیا جاسکتا

عطا اللہ تارڑ

بھارت کو پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، پاکستان بین الاقوامی قانون کے مطابق اپنے قومی مفادات کا دفاع جاری رکھے گا

سندھ طاس معاہدے کی حیثیت میں یکطرفہ تبدیلی کے وسیع تر اثرات دنیا بھر میں سرحد پار پانیوں کے انتظام پر مرتب ہوسکتے ہیں، عالمی برادری کو اس معاملے کی حساسیت کا ادراک کرنا ہوگا، عطاء اللہ تارڑ کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ سندھ طاس معاہدہ یکطرفہ طور پر معطل، منسوخ یا تبدیل نہیں کیا جاسکتا، پانی پاکستان کے 24 کروڑ عوام کا بنیادی اور مسلمہ حق ہے، بھارت کو پانی کو بطور ہتھیار استعمال

بقیہ 1 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان، kp میں کارروائیاں، 4 دہشتگرد ہلاک

بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود برآمد، دہشتگردوں کے ٹھکانے بھی تباہ، سیکیورٹی فورسز کا دہشتگردی کے مکمل خاتمے اور ملک میں پائیدار امن کے قیام کا عزم

ضلع سوراب کے علاقے مال مدرسہ کے قریب سیکیورٹی فورسز نے کارروائی کی، فائرنگ کے تبادلے میں ایک دہشتگرد ہلاک، دوسرا فرار، میر علی اور گرد و نواح میں دہشتگردوں کے ٹھکانوں کارروائی کے دوران تباہ

اسلام آباد (آن لائن) سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشتگردوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 4 دہشتگردوں کو ہلاک کردیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائیوں کے دوران بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود برآمد کیا گیا جبکہ دہشتگردوں کے ٹھکانے بھی تباہ کیے گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق بلوچستان کے ضلع سوراب کے علاقے مال مدرسہ کے قریب سیکیورٹی

بقیہ 6 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ورلڈ فوڈ پروگرام پاکستان کی ڈائریکٹر انچیٹا ہرش کی سربراہی میں ڈبلیو ایف پی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

وفاقی حکومت کے پی میں ایمرجنسی نفاذ سے متعلق سنجیدگی سے غور کررہی ہے، طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی

بقیہ 3 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بلاول بھٹو زرداری سے اہم سیاسی و حکومتی شخصیات کی ملاقاتیں

سندھ کی سیاسی و انتظامی صورتحال، حکومتی امور اور مختلف محکموں کی کارکردگی پر تبادلہ خیال

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے بلاول ہاؤس کراچی میں اہم سیاسی و حکومتی شخصیات نے الگ الگ

بقیہ 2 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان چین کے ساتھ اپنے تعلقات کو سب سے زیادہ اہمیت دیتا ہے

آصف علی زرداری

سی پیک دونوں ممالک کی روایتی دوستی اور سدا بہار سٹریٹجک تعاون پر مبنی شراکت داری کی واضح علامت ہے

پاکستان اور چین کے درمیان دوستی اور تعاون کے رشتے مزید مضبوط ہوتے رہیں گے، صدر کا چین کے قومی دن پر صدر شی جن پنگ کے نام تہنیتی پیغام

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے چین کے ساتھ تزویراتی شراکت داری کو مزید گہرا کرنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ چین -پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) دونوں ممالک کی روایتی دوستی اور سدا بہار سٹریٹجک تعاون پر مبنی شراکت داری کی واضح علامت ہے۔ صدارتی سیکرٹریٹ کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق چین کے قومی دن کے موقع پر چین کے صدر شی جن پنگ کے نام اپنے تہنیتی خط میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ سی پیک کا اعلیٰ معیار کی ترقی پر مبنی دوسرا مرحلہ

بقیہ 4 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم کی زیر صدارت اعلیٰ سطح کا مشاورتی اجلاس، خیبر پختونخوا کی صورتحال پر غور

وفاقی حکومت کا آئندہ لائحہ عمل طے کرنے سے قبل تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لینے پر بھی اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت اعلیٰ سطح کا مشاورتی اجلاس ہوا جس میں خیبر پختونخوا کی امن و امان کی صورتحال، صوبے سے متعلق آئینی و قانونی امور اور ممکنہ اقدامات پر تفصیلی غور کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں وفاقی

بقیہ 5 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان نے کثیرالجہتی اور بین الاقوامی تعاون کی حمایت کی، خطے اور اس سے باہر امن و سلامتی کے تحفظ میں اہم کردار ادا کیا ہے، وزیراعظم شہباز شریف نے اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس سے خطاب میں پاکستان کے قومی مفادات کا مضبوطی سے دفاع کیا

پاک چین دوستی نے ہر امتحان کا سامنا کیا ہے، ہمارے دل ایک ساتھ دھڑکتے ہیں

شہباز شریف

صدر شی جن پنگ کی قیادت میں چین نے انسانی ترقی، سائنس، ٹیکنالوجی اور جدت کے شعبوں میں بے مثال ترقی کی ہے، شہباز شریف کا عوامی جمہوریہ چین کے قیام کی 77ویں سال گرہ کے موقع پر تقریب سے خطاب

چینی زبان کا ایک خوبصورت قول ہے دور دیس میں موجود مخلص دوست، دور کی سرزمین کو قریب کردیتا ہے، یہ الفاظ ہمارے دونوں عظیم ممالک کے درمیان دوستی اور قربت کی بہترین عکاسی کرتے ہیں۔ چین اور پاکستان ہر موسم کے تزویراتی تعاون کے شراکت دار ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے چین کی 77ویں سالگرہ پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ چین کا عالمی امن اور ترقی میں اہم کردار ہے اور ہم چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے دوسرے مرحلے میں داخل ہورہے ہیں۔ وزیراعظم آفس سے جاری اعلامیے کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے عوامی جمہوریہ چین کے قیام کی 77ویں سال گرہ کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چین کے قومی دن کی تقریب میں شرکت میرے لیے باعث مسرت ہے اور اس موقع پر چین کے صدر شی جن پنگ اور چین کے عوام کو دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ یہ تاریخی دن عظیم چینی قوم کی ثابت قدمی، اتحاد اور ناقابل تسخیر جذبے کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے، عالمی امن، استحکام اور ترقی میں چین کا انتہائی اہم کردار ہے، صدر شی جن پنگ کی دور اندیش قیادت میں

بقیہ 43 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف عوامی جمہوریہ چین کے 77 ویں یوم تاسیس کے موقع پر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

صومالیہ آپریشن میں تین پاکستانیوں کی ہلاکت افسوسناک ہے، حافظ نعیم الرحمن

حکومت کو سانحے کی ذمہ داری کا تعین کرتے ہوئے حقائق قوم کے سامنے لانے چاہئیں

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے صومالی فورسز کے آپریشن کے دوران قزاقوں کی فائرنگ سے 3 پاکستانی شہریوں کی شہادت کو انتہائی افسوسناک اور دلخراش سانحہ قرار دیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے

بقیہ 7 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان سے ورلڈ فوڈ پروگرام کی کنٹری ڈائریکٹر کی ملاقات، غذائی قلت کے خاتمے پر اتفاق

غذائی قلت ایک سنگین مسئلہ ہے، تدارک کیلئے مشترکہ اقدامات ناگزیر ہیں، منصوبوں کیلئے ہر ممکن تعاون کریں گے

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ورلڈ فوڈ پروگرام پاکستان کی کنٹری ڈائریکٹر انچیٹا ہرش نے ملاقات کی، جس میں بلوچستان میں ورلڈ فوڈ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں، غذائی قلت کے خاتمے، غذائی تحفظ، غذائیت اور مستقبل کے

بقیہ 8 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بزرگوں کا احترام قومی ذمہ داری، حکومت سماجی و معاشی تحفظ یقینی بنانے کیلئے پر عزم ہے: وزیراعظم

بزرگ ملازمین کے لیے گھر بیٹھے ڈیجیٹل تصدیق، صحت سہولیات اور مالی معاونت کا دائرہ وسیع کرنے کے اقدامات جاری ہیں

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بزرگوں کے عالمی دن پر پاکستان سمیت دنیا بھر کے بزرگ شہریوں کے لیے احترام اور نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بزرگوں کی زندگی بھر کی گراں قدر خدمات نے قومی زندگی

بقیہ 9 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پنجاب حکومت کا روڈا کے منصوبوں کیلئے 15 ارب روپے تک قرض دینے کا فیصلہ

تاج سٹی- 2026 میں مرحلہ وار رقم فراہم کی جائیگی، منسوخ شدہ 2 ارب 75 کروڑ روپے سے زائد کا قرضی بیلنس بھی بحال

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے راوی اربن ڈویلپمنٹ اتھارٹی (روڈا) کے منصوبوں کے لیے 15 ارب روپے تک قرض فراہم کرنے اور پہلے منسوخ کیے گئے 2 ارب 75 کروڑ 10 لاکھ روپے سے زائد کے قرضی بیلنس کی بحالی کی منظوری دے

بقیہ 10 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

دبئی سے اسرائیل کی پرواز سے ہائی جیکنگ سگنل جاری، پائلٹس زیر حراست

دبئی سے تل ابیب جانے والی ایک اور پرواز کو بھی واپس دبئی میں اتار لیا گیا، ذرائع ایوی ایشن

دبئی (این این آئی) اسرائیل جانے والے طیارے کے کاک پٹ میں غیر معمولی صورت حال رپورٹ ہوئی جب پرواز 34000 فٹ کی بلندی سے گرنے کے انداز میں 17000 فٹ کی بلندی پر آ گئی۔ اس انتہائی غیر معمولی صورت حال میں

بقیہ 11 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کراچی: سینئر سیاستدان نواب جام کمال خان کی جانب سے دیے گئے عشائیہ میں گورنر سندھ سید کامران ٹیسوری شریک ہیں اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اور دیگر بھی موجود ہیں

پاکستان معدنیات نکالنے کے بجائے اعلیٰ قدر کی مصنوعات میں ڈھالنے کی طرف بڑھ رہا ہے

احسن اقبال

اے ڈی بی موسمیاتی خطرات سے متاثرہ ممالک کے لیے الگ مالیاتی سہولت قائم کرے، ایم ایل ون پر مکمل تعاون کی درخواست

ترکمانستان، افغانستان اور پاکستان کے درمیان بہتر علاقائی رابطہ کاری سے کیئرگ ممالک کو گوادر تک رسائی فراہم کی جاسکتی ہے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے ایشیائی ترقیاتی بینک کے صدر ماساتو کانڈا سے ملاقات کی، جس میں معدنیات، موسمیاتی تبدیلی، علاقائی رابطہ کاری، ایم ایل ون اور پاکستان کی برآمدات میں اضافے سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان اب صرف معدنیات نکالنے کے بجائے انہیں اعلیٰ قدر کی مصنوعات میں ڈھالنے کی

بقیہ 16 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

9 مئی مقدمہ، نامزد ملزم کا نام پی سی ایل سے نکالنے کی درخواست خارج

پاسپورٹ کی ضبطگی ختم کرنے اور ملزم کو بیرون ملک سفر کی اجازت دینے کا اختیار متعلقہ انسداد دہشتگردی عدالت کے پاس ہے، عدالت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے 9 مئی کے مقدمے میں نامزد ملزم کا نام پاسپورٹ کنٹرول لسٹ (پی سی ایل) سے نکالنے کی درخواست خارج کردی۔ جسٹس منور اقبال ڈوگر نے درخواست پر 6 صفحات پر مشتمل فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا

بقیہ 17 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم شہباز شریف اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کے بعد وطن واپس پہنچ گئے

وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ اور وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے استقبال کیا

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس میں شرکت اور عالمی رہنماؤں سے اہم ملاقاتوں کے بعد وطن واپس پہنچ گئے۔ اسلام آباد پہنچنے پر وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ اور

بقیہ 18 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

غزہ معاہدے پر عملدرآمد میں ناکامی، فلسطینیوں کے امن بورڈ پر تحفظات بڑھ گئے

امن بورڈ غزہ معاہدے پر عملدرآمد کروانے میں ناکام رہا ہے اور فعال کردار ادا کرنے کے بجائے محض تماشائی بن گیا، ابراہیم المدحون

غزہ (این این آئی) فلسطینی میڈیا فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر ابراہیم المدحون نے کہا ہے کہ امن بورڈ غزہ معاہدے پر عملدرآمد کروانے میں ناکام رہا ہے اور فعال کردار ادا کرنے کے بجائے محض تماشائی بن گیا ہے۔ عرب میڈیا سے گفتگو کے دوران ابراہیم

بقیہ 19 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

منگولیا، وفاقی وزیر احسن اقبال ایشیائی ترقیاتی بینک کے صدر ماساتو کانڈا سے ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان اور روس کے تعلقات مثبت سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں، پاکستانی سفیر

فیصل نیاز ترمذی کا ماسکو میں بین الاقوامی بزنس ٹرینڈز فورم سے خطاب، تجارت، علاقائی روابط اور اقتصادی تعاون کے فروغ پر زور

ماسکو (آن لائن) روس میں پاکستانی سفیر فیصل نیاز ترمذی نے کہا ہے کہ پاکستان اور روس کے باہمی تعلقات مثبت سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں جبکہ بدلتے عالمی حالات میں مضبوط شراکت داری اور علاقائی روابط کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے۔ ماسکو میں ایم جی آئی ایم او کے زیر اہتمام بین الاقوامی بزنس ٹرینڈز فورم 2026 میں شرکت کرتے ہوئے

بقیہ 14 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

امریکا و ایران کے رویے سے قطری حکام کی مایوسی بڑھ رہی ہے، امریکی میڈیا

معاملہ تعطل کا شکار ہے، ایرانی ایسے مطالبات کررہے ہیں جنہیں امریکا قبول نہیں کرسکتا، ذرائع

واشنگٹن (این این آئی) امریکا اور ایران کے درمیان ہونے والے حالیہ مذاکرات میں کوئی خاص پیش رفت نہ ہونے کا دعویٰ سامنے آیا ہے۔ امریکا ایران حالیہ مذاکرات سے واقف 3 ذرائع نے امریکی نیوز ویب سائٹ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ سفارتی پیش رفت کرانے کے لیے قطری ثالثوں کی کوششوں میں بہت کم پیش رفت ہوئی، دونوں فریق اپنے موقف سے پیچھے ہٹنے کو تیار نہیں۔ امریکی نیوز ویب سائٹ کے مطابق ذرائع کا کہنا تھا کہ قطری

بقیہ 15 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سمارٹ اسلام آباد منصوبے کے تحت آئندہ چھ ماہ میں 250 آئی او ٹی ڈیوائسز نصب کی جائیں گی، شزہ فاطمہ خواجہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ

بقیہ 13 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

حنیف عباسی کا میر علی میں سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی پر خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے شمالی وزیرستان کے علاقے میر علی میں سکیورٹی فورسز کے کامیاب آپریشن کے دوران 3 خارجی دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر فورسز کے جوانوں اور افسران کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ بدھ کو وزارت ریلوے سے جاری بیان

بقیہ 12 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

حوثیوں کے خلاف پاکستان سعودی عرب کو تمام وسائل فراہم کرے گا

خواجہ آصف

سعودیہ کا دشمن پاکستان کا دشمن ہے، خواجہ آصف کا حوثیوں کی جانب سے کسی بھی خطرے کی صورت میں سعودی عرب کے دفاع کا اعلان

تینوں ممالک سیکریٹریٹ قائم کررہے ہیں اور اتحاد کا فریم ورک تیار ہو رہا ہے جبکہ تینوں ممالک کے درمیان طے پانے والے اس معاہدے کی تفصیلات تاحال جاری نہیں کی گئی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ حوثی سعودی عرب کے خلاف جارحیت کا ارتکاب کررہا ہے اور ہم کسی بھی کشیدگی میں سعودی عرب کی مدد کیلئے موجود ہیں، کشیدگی حوثیوں کی جانب سے ہو یا پھر کسی دوسرے ملک کی جانب سے، سعودی عرب کی سیکیورٹی کو چیلنج کرنے والے کسی بھی اقدام کے دفاع میں سامنے آئیں گے اور پاکستان تمام دستیاب وسائل استعمال کرے گا، ایک چیز بہت واضح ہونی چاہیے اور وہ یہ کہ سعودی عرب کا دشمن پاکستان کا دشمن ہے، حوثیوں کی جانب سے کسی بھی خطرے کی صورت میں سعودی عرب کے دفاع میں سامنے آئیں گے۔ عرب نیوز کو دورہ روم کے دوران انٹرویو میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے سعودی عرب میں موجود پاکستانی فوجیوں کی فضائی حملوں میں شرکت کے حوالے سے آگاہ کرنے سے

بقیہ 44 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ڈاکٹر عائشہ فیض ضمانت پر رہا ہو کر گھر پہنچ گئی ہیں، لشکری رئیسانی

کوئٹہ (یو این اے) نوابزادہ لشکری رئیسانی نے ایک جاری بیان میں کہا ہے کہ پولیس سرجن ڈاکٹر

بقیہ 34 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اوورسیز پاکستانیوں کی جائیدادوں سے متعلق ای فائلنگ رولز 2026ء جاری

خصوصی عدالتوں میں مقدمات کی آن لائن فائلنگ، ویڈیو لنک سماعت، الیکٹرانک نوٹس اور ڈیجیٹل ریکارڈ کی سہولت متعارف

لاہور (این این آئی) اوورسیز پاکستانیوں کے لیے اہم پیش رفت، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ عالیہ نیلم کی جانب سے اوورسیز پاکستانیوں کی جائیدادوں سے متعلق خصوصی عدالتوں کے لیے ای فائلنگ اینڈ پروسیجر رولز 2026ء جاری کر دیے گئے۔ رجسٹرار

بقیہ 21 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان سمیت دنیا بھر میں اساتذہ کرام کا عالمی دن'' ورلڈ ٹیچرز ڈے'' 5 اکتوبر کو منایا جائیگا

جہانیاں (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں اساتذہ کرام کا عالمی دن'' ورلڈ ٹیچرز ڈے'' 5 اکتوبر کو منایا جائے گا اس دن کی مناسبت سے جہانیاں سمیت ملک بھر میں تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس میں اساتذہ کرام کی عظمت کے اعتراف میں ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا جائے گا۔ ورلڈ ٹیچرز ڈے ہر سال 5 اکتوبر کو پاکستان سمیت دنیا بھر میں 100 سے زائد ممالک

بقیہ 20 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

یورپ کو بغیر اضافی تیل خریدے 100 ارب یورو کا نقصان

آبنائے ہرمز کی ایرانی بندش کے باعث تیل کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہوا، رپورٹ

تہران (این این آئی) ایران جنگ کے باعث عالمی توانائی منڈی میں قیمتوں میں اضافے نے یورپی یونین کے لیے ایندھن کا بحران مزید مہنگا کردیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یورپی یونین نے جنگ کے بعد تیل اور گیس کی مقدار میں نمایاں

بقیہ 22 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ایران کی صورتحال بہت خراب ہے، نہیں معلوم وہ ابھی ہتھیار ڈالے یا نہیں، ٹرمپ

تہران (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کی صورتحال بہت خراب ہے، نہیں معلوم کہ وہ ابھی ہتھیار ڈالنے والے ہیں یا نہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق وائٹ ہاؤس میں اے آئی رہنماؤں سے ملاقات کے بعد گفتگو میں ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ہمیں مصنوعی ذہانت کے میدان میں نمایاں برتری حاصل ہے اور ہم اسے برقرار رکھنا چاہتے ہیں۔ امریکی میڈیا کے

بقیہ 24 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

روس میں کروز میزائل لے جانے والا فوجی بمبار طیارہ گر کر تباہ ہوگیا، 6 ہلاک

حادثے کے وقت طیارے میں کوئی گولہ بارود یا جنگی ہتھیار موجود نہیں، وجہ فوری طور پر سامنے نہیں آسکی، حکام

ماسکو (این این آئی) روس کے مشرقی علاقے آمور میں فوجی طیارہ پرواز کے چند ہی منٹ بعد حادثے کا شکار ہوگیا جس کے نتیجے میں 6 افراد ہلاک اور ایک زخمی ہوگیا۔ روسی وزارت دفاع کے مطابق یہ حادثہ ٹی یو 95- طیارے کے ساتھ پیش آیا۔ طیارے نے

بقیہ 23 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

مکہ دفاعی معاہدے میں اہم پیش رفت، سیکرٹریٹ کے قیام کا فیصلہ

ریاض (این این آئی) سعودی ولی عہد اور وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان کی زیر صدارت کابینہ کے اجلاس میں مکہ دفاعی مشترکہ معاہدے کے سیکرٹریٹ کے قیام اور سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دفاعی تعاون پر ہونے والی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ سعودی میڈیا کے مطابق منگل کو ریاض میں ہونے والے کابینہ کے اجلاس میں مکہ دفاعی معاہدے کے سیکرٹریٹ کے قیام کے علاوہ علاقائی

بقیہ 28 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

این ایچ اے نے 2 سال قبل ریونیو میں اضافے کا مقرر کردہ ہدف حاصل کرلیا، عبدالعلیم خان

این ایچ اے کے متعدد منصوبے آئندہ چند ماہ میں مکمل، وزیر اعظم افتتاح کرینگے، وفاقی وزیر

اسلام آباد /لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کی زیر صدارت نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے جاری اور مجوزہ منصوبوں، ریونیو میں اضافے، روڈ سیفٹی اور ترقیاتی پروگرام پر اعلیٰ سطح کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں مختلف منصوبوں پر پیش رفت اور مالی معاملات پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان

بقیہ 30 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ایف بی آر مانیٹرنگ سسٹم سے منسلک نہ ہونے والے کاروباری مراکز سیل کرنے کا فیصلہ

مانیٹرنگ سسٹم سے منسلک نہ ہونے والے رجسٹرڈ کاروباری مراکز کے خلاف کارروائی کی جاسکے گی

اسلام آباد (این این آئی) ایف بی آر مانیٹرنگ سسٹم سے منسلک نہ ہونے والے کاروباری مراکز کو سیل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ایف بی آر نے سیلز ٹیکس رولز 2006 میں ترمیم کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے جس کے تحت مانیٹرنگ سسٹم سے منسلک نہ ہونے والے رجسٹرڈ کاروباری مراکز کے خلاف کارروائی کی جاسکے گی۔

بقیہ 31 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

حماس کے بیرون ملک مقیم رہنما بھی نشانے پر ہیں، چین سے جینے نہیں دیں گے، اسرائیل

بیرون ملک حماس رہنماؤں کو موت ان کے آرام دہ بستروں پر نہیں آئے گی، اسرائیلی وزیر دفاع

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل نے حماس کے بیرون ملک مقیم رہنماؤں کو ایک بار پھر قتل کرنے کی کھلی دھمکی دی ہے۔ اسرائیلی میڈیا پر جاری اپنے ویڈیو بیان میں اسرائیلی وزیر دفاع عزرائیل کاٹز نے دھمکی آمیز لہجے میں کہا کہ حماس کے بیرون ملک موجود رہنما بھی نشانے پر ہیں۔ انہیں چین کی زندگی گزارنے نہیں دیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ

بقیہ 25 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان، ترکیہ، آذربائیجان اور ازبکستان کی اسپیشل فورسز کی مشترکہ مشق مکمل

کثیر ملکی اسپیشل فورسز مشق 13 سے 25 ستمبر 2026 تک منعقد ہوئی، جبکہ قازقستان نے بطور مبصر ملک شرکت کی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان، ترکیہ، آذربائیجان اور ازبکستان کی اسپیشل فورسز کی مشترکہ مشق ایٹرنل برادر ہڈ 5- کا انعقاد ازبکستان میں کیا گیا جس میں پاکستان سمیت پانچ ممالک کے دستوں نے شرکت کی۔ یہ کثیر ملکی اسپیشل فورسز مشق 13 سے 25 ستمبر 2026 تک منعقد ہوئی، جبکہ قازقستان نے بطور مبصر ملک شرکت کی۔ ایٹرنل

بقیہ 26 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

امریکی بحریہ نے نیکسٹ جنریشن کے لڑاکا طیارے کیلئے بوئنگ کو 20 ارب ڈالرز کا معاہدہ دیدیا

ان طیاروں کو زمینی آزمائشوں، پرواز کے قابل ہونے کی جانچ، نظاموں کی جانچ اور ہتھیاروں کے انضمام کے لیے استعمال کیا جائے گا، اعلان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ دفاع نے اعلان کیا ہے کہ امریکی بحریہ نے بحریہ کے سکستھ جنریشن کے F/A-XX اسٹرائیک فائٹر کی تکمیل یقینی بنانے پر تیاری کے لیے بوئنگ کو 20 ارب ڈالرز سے زائد مالیت کا معاہدہ دیا ہے۔ یہ معاہدہ نیکسٹ جنریشن ایئر ڈومیننس پروگرام کے تحت دیا گیا ہے، جس میں متعدد آزمائشی طیاروں کی تیاری بھی شامل

بقیہ 27 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

حکومت کا مقامی قرضوں پر انحصار بڑھانے کا فیصلہ

منصوبے کے مطابق مالی سال کے دوران ملکی قرض کی اصل ادائیگیوں کے لیے 1 ہزار 69 ارب روپے جبکہ بیرونی قرضوں کی ادائیگیوں کے لیے 4 ہزار 135 ارب روپے درکار ہوں گے

پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز کی خالص نئی فنانسنگ 4 ہزار 580 ارب روپے رکھنے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے، جبکہ قلیل مدتی قرضوں کے اجرا کو محدود رکھنے کی حکمت عملی اپنائی جائے گی

اسلام آباد (آن لائن) حکومت نے مالی سال 2026-27 کے لیے سالانہ قرضہ منصوبہ جاری کردیا ہے، جس کے تحت وفاقی مالی خسارے کی فنانسنگ کے لیے 7 ہزار 20 ارب روپے درکار ہوں گے۔ وزارت خزانہ کے مطابق مالی خسارے کی ضروریات پوری کرنے کے لیے مقامی ذرائع سے 6 ہزار 46 ارب روپے جبکہ بیرونی ذرائع سے 813 ارب روپے حاصل کرنے کا منصوبہ بنایا گیا

بقیہ 33 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ایس سی او کے مشترکہ ویژن کو عملی تعاون اور ٹھوس نتائج میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے، اسحاق ڈار

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ ایس سی او کے مشترکہ ویژن کو عملی تعاون اور ٹھوس نتائج میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ بدھ کو ترجمان دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق وزارت خارجہ اسلام آباد میں ایس سی او اور رکن ممالک کے نیشنل کوآرڈینیٹرز کے ساتھ ساتھ ایس سی او سیکرٹریٹ اور ایس سی او آر اے ٹی ایس کے سینئر نمائندوں سے خطاب کیا۔ پاکستان

بقیہ 32 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

صوبائی مشیر برائے ماحولیات نسیم الرحمان خان ملاخیل سے مختلف وفود کی ملاقات

صوبائی حکومت ترقی اور عوامی فلاح کیساتھ ساتھ ماحول کے تحفظ کو بھی اپنی پالیسیوں کا اہم حصہ بنا چکی ہے، گفتگو

کوئٹہ (اے این این) صوبائی مشیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیات نسیم الرحمان خان ملاخیل سے مختلف وفود نے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وفود نے اپنے علاقوں میں درپیش مسائل پر تفصیل سے گفتگو کی اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات

بقیہ 35 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

حلقہ انتخاب کے عوامی مسائل کے حل کیلئے بھرپور کردار ادا کریں گے، زرک مندوخیل

حلقے کے ہر فرد کے مسائل کو اپنا مسئلہ سمجھتے ہوئے ان کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش جاری رکھیں گے، رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (اے این این) رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ حلقہ انتخاب کے عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے۔ عوام نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے، اس پر پورا اترنے کے لیے تمام

بقیہ 36 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی اسپیکر غزالہ اشفاق گولہ سے پیپلز پارٹی صحبت پور کے صدر میر محمد یعقوب خان کی ملاقات، تنظیمی امور پر تبادلہ خیال

کارکنان پارٹی کا بنیادی سرمایہ ہیں، مشکلات کے حل کیلئے ہر ممکن تعاون کریں گے، ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی کی یقین دہانی

چھتر (یو این اے) ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی و پاکستان پیپلز پارٹی خواتین ونگ بلوچستان کی صوبائی صدر غزالہ اشفاق گولہ سے پاکستان پیپلز پارٹی ضلع صحبت پور کے صدر میر محمد یعقوب خان کھوسہ نے ڈپٹی اسپیکر چیمبر میں اہم ملاقات کی

بقیہ 37 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

IMF کا سرکاری اداروں کے قوانین میں مسلسل تاخیر پر اظہار تشویش

حکومت نے جون 2026 میں 6 قوانین پارلیمنٹ کو بھجوائے تھے جبکہ تین مخصوص اداروں سے متعلق قوانین میں ترامیم پر مزید پیش رفت درکار ہے

آئی ایم ایف نے واپڈا کے لیے مؤثر گورننس ماڈل نہ ہونے پر بھی تشویش کا اظہار کیا اور واپڈا کے گورننس ڈھانچے میں مؤثر اصلاحات کا مطالبہ کردیا ہے

اسلام آباد (آن لائن) بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پاکستان میں سرکاری اداروں (ایس او ایز) سے متعلق قوانین میں ترامیم کی مسلسل تاخیر پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان نے سرکاری اداروں کے 9 سے 10 قوانین میں ترامیم کی چوتھی ڈیڈ لائن بھی پوری نہیں کی۔ آئی ایم ایف نے مطالبہ کیا ہے کہ ان اداروں کے قوانین کو مرکزی ایس او ای ایکٹ سے مکمل طور پر ہم آہنگ کیا جائے۔ حکومت نے ان ترامیم کے لیے متعدد مرتبہ نئی ڈیڈ لائنز دی تھیں، تاہم پیش رفت سست رہی۔ ذرائع کے مطابق حکومت

بقیہ 29 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر اعظم نذیر تارڑ اسلام آباد ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن اور پاکستان بار کونسل کے نمائندوں سے ملاقات کر رہے ہیں

امریکی افواج کا 23 سال بعد عراق میں مشن آج مکمل، انخلا کرلیا

ماہرین کو خدشہ ہے کہ اس صورت حال سے ایران کے حمایت یافتہ ملیشیا کو تقویت مل سکتی ہے اور داعش کو دوبارہ منظم ہونے کا موقع مل سکتا ہے

یہ انخلا امریکا کی قیادت میں اتحادی افواج کی جانب سے صدام حسین کی حکومت کا تختہ الٹنے کے 23 سال بعد عمل میں آیا ہے

واشنگٹن (این این آئی) امریکی افواج نے عراق میں 2 دہائیوں سے زائد عرصے پر محیط جنگ کے بعد اپنا مشن ختم کر دیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق عراق سے امریکی افواج انخلا کے بعد سیکیورٹی خلا پیدا ہونے کے خدشات بڑھ گئے۔ ماہرین کو خدشہ ہے کہ اس صورت حال سے ایران کے حمایت یافتہ ملیشیا کو تقویت مل سکتی ہے اور داعش کو دوبارہ منظم ہونے کا موقع مل سکتا ہے۔ آخری امریکی فوجیوں کی واپسی کو تہران اور اس کے اتحادیوں نے فتح کے طور پر پیش کیا، تاہم متعدد عراقی شہریوں کو تشویش ہے کہ ان کی اپنی سیکیورٹی فورسز

بقیہ 38 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سی ای او قائم لاشاری کے اعزاز میں الوداعی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

کوئٹہ، بولان میل اور لاہور کیلئے براستہ ڈی جی خان ٹرین فوری بحال کی جائے، پاکستان ریلوے ورکرز یونین کا مطالبہ

ریلوے کی بندش سے غریب عوام مہنگے بس مافیا کے ہاتھوں لٹنے پر مجبور ہیں، چیف آرگنائزر سید محمد لکٹی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان ریلوے ورکرز یونین اوپن لائن کوئٹہ ڈویژن کے چیف آرگنائزر سید محمد لکٹی نے ایک اہم پریس بیان میں مطالبہ کیا ہے کہ وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی بلوچستان کے عوام کو حقیقی سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے کوئٹہ ڈویژن سے بولان میل اور جیکب آباد براستہ ڈیرہ غازی خان ٹرین کو فوری طور پر بحال کریں۔ سید محمد لکٹی نے کہا کہ بولان میل بلوچستان اور سندھ کے غریب عوام کی زندگی کی رگ کی حیثیت رکھتی تھی، اور اس ٹرین کی طویل بندش کے باعث کوئٹہ، سبی، مچھ، جیکب آباد، لاڑکانہ اور دادو سمیت دیگر علاقوں سے کراچی جانے والے ہزاروں مسافر، مریض، مزدور اور طلبا شدید ترین مشکلات کا شکار ہیں۔

اوتھل، لسبیلہ پولیس کی کارروائی، سندھ پولیس کو مطلوب اشتہاری ملزم کھار کچہ سے گرفتار

دوران سنیپ چیکنگ ناکہ کھار کچہ پر کارروائی، حیدرآباد کے تھانہ فورٹ کے مقدمے میں ملوث ملزم کو حوالے کیا جائے گا

اوتھل (یو این اے) ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی کی خصوصی ہدایت پر SHO عبدالجلیل سومرو کی کامیاب کارروائی، پولیس تھانہ فورٹ ڈسٹرکٹ حیدرآباد سندھ کو مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار لسبیلہ پولیس کے ترجمان کی پریس ریلیز کے مطابق ایس۔ایس۔پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی کی خصوصی ہدایت پر SHO عبدالجلیل سومرو نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائی عمل میں لاتے ہوئے دوران سنیپ چیکنگ ناکہ کھار کچہ کے مقام سے پولیس تھانہ فورٹ ڈسٹرکٹ حیدرآباد سندھ کے مقدمہ نمبر 12/2025 بجرم 337/A، 354-506، 147-148-149 ت پ میں مطلوب اشتہاری مجرم سیو ولد تھرل سنہ پاڑو ہالڑی بازار ہالا تحصیل ہالا ڈسٹرکٹ مٹیاری سندھ کو کامیابی سے گرفتار کیا۔ اشتہاری مجرم کی گرفتاری کے متعلق تھانہ فورٹ ڈسٹرکٹ حیدرآباد سندھ کو آگاہ کیا گیا ہے۔ تمام قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد ملزم کو مزید تفتیش اور قانونی کارروائی کے لیے سندھ پولیس کے حوالے کیا جائے گا۔

جاپانی اعزازی قونصل جنرل سید ندیم شاہ سے ڈاکٹر میر وائس کی ملاقات

بزنس مین چوہدری اجمل نے صحت، تعلیم اور کاروباری روابط کے فروغ پر بات چیت کی

کوئٹہ (اے این این) جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ سے چیف ایگزیکٹو جامعہ شفا ہسپتال ڈاکٹر میر وائس اور معروف بزنس مین چوہدری اجمل نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، صحت کے شعبے میں تعاون، کاروباری روابط کے فروغ اور پاکستان اور جاپان کے درمیان دوستانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ سید ندیم عالم شاہ نے کہا کہ پاکستان اور جاپان کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات قائم ہیں، جنہیں مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کے ذریعے مزید مستحکم کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے صحت، تعلیم اور کاروباری شعبوں میں تعاون بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس موقع پر معروف بزنس مین چوہدری اجمل نے دونوں ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور صحت کے شعبے میں روابط کے فروغ دینے کے حوالے سے اپنی تجاویز پیش کیں۔ ملاقات میں اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ نجی شعبہ پاکستان اور جاپان کے درمیان باہمی تعاون کو وسعت دینے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔

ملک اس وقت سنگین معاشی اور سیاسی چیلنجز کا شکار ہے

غفور حیدری

حکومت ان حقیقی مسائل کو حل کرنے کے بجائے سیاسی مخالفین پر تنقید اور الزامات کی تراشی میں وقت اور وسائل ضائع کر رہی ہے، مرکزی سیکرٹری جنرل جمعیت

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی جنرل سیکرٹری رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ ملک اس وقت سنگین معاشی اور سیاسی چیلنجز کا شکار ہے، لیکن حکومت ان حقیقی مسائل کو حل کرنے کے بجائے سیاسی مخالفین پر تنقید اور الزامات کی تراشی میں وقت اور وسائل ضائع کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کا اپنے نااہلی اور ناکامیوں کا ملبہ دوسروں پر ڈالنا مسائل کا حل نہیں بلکہ اس سے بداعتمادی اور خلیج میں مزید اضافہ ہو رہا ہے۔ حکومت کی "انانیت اور ہٹ دھرمی" کی وجہ سے ملک میں سیاسی عدم استحکام پیدا ہو رہا ہے۔ آئینی و قانونی راستوں کو مسدود کرنے، دھمکیوں اور انتظامی طاقت کے استعمال سے سیاسی اشتعال انگیزی جنم لے رہی ہے، جس کے براہ راست اثرات ملکی معیشت اور عام آدمی کی زندگی پر منفی انداز میں مرتب ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جمہوری نظام کا بنیادی ستون آئینی حدود کی پاسداری ہے۔ جب تک آئین پر من و عن عمل درآمد نہیں ہوگا، معاشرے میں امن، عدل اور استحکام قائم نہیں ہو سکتا۔ ملکی سلامتی، بقا اور ترقی صرف اور صرف آئین

بقیہ 40 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، وزیراعظم کے فوکل پرسن پروگرام چوہدری نعیم کریم، شفقت مری، شہزاد کندن کا بشپ ہاؤس میں بشپ کشین شاہ سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

بسیمہ سے درگ والی روڈ تباہ حالی کا شکار، بی اینڈ آر کی غفلت پر شہریوں کا شدید احتجاج

بھاری ٹریفک اور بڑے بڑے گڑھوں کے باعث متعدد حادثات، کئی قیمتی جانیں ضائع ہو چکی ہیں شہری

بسیمہ (اے این این) بسیمہ شہر سے درگ والی تک جانے والی اہم شاہراہ گزشتہ کافی عرصے سے شدید خستہ حالی کا شکار ہے، سڑک جگہ جگہ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونے کے ساتھ بڑے بڑے گڑھوں میں تبدیل ہو چکی ہے، جبکہ تیل بردار بھاری گاڑیوں اور دیگر ٹریفک کی مسلسل آمدورفت کے باعث سڑک کی صورتحال روز بروز مزید خراب ہوتی جا رہی ہے۔ شہریوں نے محکمہ بی اینڈ آر کی کارکردگی پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ متعلقہ محکمے کی مبینہ غفلت، لاپرواہی اور عدم توجہی کے باعث عوام کو شدید سفری مشکلات کا سامنا ہے شہریوں کے مطابق بسیمہ شہر سے درگ والی تک سڑک پر تیل بردار گاڑیوں سمیت بھاری ٹریفک کا شدید دباؤ ہے، جس کے باعث سڑک کے دونوں اطراف اور متعدد مقامات پر بڑے بڑے گڑھے پڑ چکے ہیں۔ بعض مقامات پر سڑک کی حالت اس قدر خراب ہو چکی ہے کہ گاڑیوں کو گڑھوں سے بچاتے ہوئے ڈرائیوروں کو شدید مشکلات پیش آتی ہیں، جبکہ مخالف سمت سے آنے والی گاڑیوں کے باعث حادثات کا خطرہ مزید بڑھ جاتا ہے شہریوں نے کہا کہ اس شاہراہ پر ٹریفک کے شدید دباؤ اور سڑک کی خستہ حالی کے باعث ماضی میں متعدد حادثات رونما ہو چکے ہیں، جن میں کئی قیمتی انسانی جانیں بھی ضائع ہو چکی ہیں۔

چھتر، نور عزیز عمرانی قتل کیس میں نام شامل کیے جانے پر شبنم عمرانی کا موقف سامنے آ گیا، الزامات کی تردید اور شفاف تحقیقات کا مطالبہ

مبینہ طور پر زمین کے تنازع پر نام ڈالا گیا، جائے وقوعہ اور شواہد کی غیر جانبدارانہ جانچ پڑتال کی جائے، موقف

چھتر (یو این اے) نور عزیز عمرانی قتل کیس، ایف آئی آر میں نام شامل کیے جانے پر میڈیم شبنم عمرانی کا مؤقف سامنے آ گیا الزامات سے لاتعلقی کا اظہار، معاملے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق نور عزیز عمرانی قتل کیس کے حوالے سے میڈم شبنم عمرانی نے اپنے ایک بیان میں ایف آئی آر میں اپنے نام کے اندراج اور ان سے متعلق عائد کیے گئے الزامات پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ان الزامات سے لاتعلق ہیں اور انہیں تسلیم نہیں کرتیں اپنے بیان میں میڈم شبنم عمرانی نے مؤقف اختیار کیا کہ ایف آئی آر میں واقعے سے متعلق بیان کیے گئے بعض امور ان کے مطابق درست نہیں ہیں، جبکہ جائے وقوعہ کی صورتحال کے حوالے سے بھی مختلف باتیں سامنے آ رہی ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ مبینہ طور پر واقعے کے بعد کچھ وقت تک جائے وقوعہ پر کسی شخص کی موجودگی کے بارے میں بھی سوالات ہیں، جن کی متعلقہ حکام کی جانب سے تحقیقات کی جانی چاہئیں انہوں نے مزید مؤقف اختیار کیا کہ زمین کے ایک تنازع کے تناظر میں ان کے خلاف الزامات عائد کیے گئے ہیں، تاہم وہ نور عزیز عمرانی کے قتل کے مقدمے میں اپنے خلاف عائد الزامات کی تردید کرتی ہیں۔

بلوچستان مائنز ہیلتھ اینڈ سیفٹی بل 2026 پر قائمہ کمیٹی کا اجلاس، مائن اونرز اور اسٹیک ہولڈرز سے تجاویز طلب

کان کنوں کے تحفظ اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے اقدامات جاری رہیں گے، چیئرمین کمیٹی غلام دستگیر بادینی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے معدنیات کا اجلاس چیئرمین کمیٹی غلام دستگیر بادینی کی زیر صدارت اسمبلی سیکرٹریٹ کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں کمیٹی رکن خیر جان بلوچ، زابد علی ریکی، صوبائی وزیر برائے معدنیات میر شعیب نوشیروانی، سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، ایڈیشنل سیکرٹری لاء سعید اقبال، ڈائریکٹر جنرل مائنز اینڈ منرلز عبداللہ شاہوانی، ڈپٹی ڈائریکٹر لاء احسان برکت، وسیم احمد اور محکمہ معدنیات کے مائن اونرز نے شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان مائنز ہیلتھ اینڈ سیفٹی بل 2026 پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ کمیٹی کو بتایا گیا کہ مذکورہ بل کے حوالے سے اس سے قبل بھی دو اجلاس منعقد ہو چکے ہیں، جبکہ گزشتہ اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ بل کی مزید شقوں پر محکمہ قانون، مائن اونرز اور متعلقہ محکمے باہمی مشاورت سے غور کریں گے۔

ایران کو ہتھیاروں میں معاونت پر 10 افراد اور اداروں پر پابندی عائد

چین، ہانگ کانگ، ایران، پاکستان سے تعلق رکھنے والے افراد اور اداروں پر پابندیاں لگائیں، محکمہ خزانہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے ایران کے لیے مبینہ طور پر ہتھیاروں اور ان کے پرزہ جات کی خریداری میں معاونت کرنے کے الزام میں چین، ہانگ کانگ، ایران اور پاکستان سے تعلق رکھنے والے 10 افراد اور اداروں پر پابندیاں عائد کر دیں۔ عرب ٹی وی کے مطابق امریکی محکمہ خزانہ نے اعلان کیا کہ پابندیوں کی زد میں آنے والوں میں چین میں مقیم ایرانی وزارت دفاع کا ایک نمائندہ اور مختلف کمپنیوں کے عہدیدار شامل ہیں۔ امریکی حکام کا الزام ہے کہ یہ افراد اور ادارے ایران کی وزارت دفاع کے لیے ہتھیاروں اور متعلقہ اجزا کی خریداری کے نیٹ ورک کا حصہ ہیں، جس سے ایران کی عسکری صلاحیتوں کو برقرار رکھنے میں مدد ملتی ہے۔ امریکی وزیر خزانہ اسکاٹ بیسنٹ نے بیان میں کہا کہ ان تمام افراد اور اداروں نے ایرانی دفاعی پروگرام کے لیے ہتھیاروں کے پرزہ جات کی خریداری میں معاونت کی ہے۔ بیان میں اس عزم کا اظہار کیا گیا ہے کہ امریکا اب ایران کو مادی، تکنیکی یا مالی معاونت فراہم کرنے والے نیٹ ورکس کو نشانہ بنانے اور ان کی سرگرمیاں روکنے کا سلسلہ جاری

بقیہ 42 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

صحبت پور، بزرگ ہستی شہنشاہ سے زائرین کی ٹریکٹر ٹرالی کھائی میں گر گئی، خواتین اور بچوں سمیت متعدد افراد زخمی

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور میں پولیس تھانہ جیانی کی حدود میں مزار بزرگ ہستی شہنشاہ سے زائرین کو لے کر واپس آنے والی ایک ٹریکٹر ٹرالی تیز رفتاری کے باعث خوفناک حادثے کا شکار ہو کر سڑک کے کنارے گہری کھائی میں گر گئی۔ حادثے کے نتیجے میں ٹرالی میں سوار خواتین اور بچوں سمیت متعدد افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق حادثہ تیز رفتاری کے باعث ٹریکٹر کا ٹائر راڈ ٹوٹنے کی وجہ سے پیش آیا، جس کے بعد گاڑی بے قابو ہو کر گاؤں محمد ابراہیم کے قریب کھائی میں جا گری۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور تمام زخمیوں کو فوری طور پر قریبی سول اسپتال منتقل کیا گیا جہاں انہیں طبی امداد دی گئی۔ اسپتال ذرائع کے مطابق حادثے میں زخمی ہونے والے افراد میں سے دو کی حالت تشویشناک ہونے پر انہیں مزید علاج کے لیے سندھ کے شہر لاڑکانہ اسپتال ریفر کر دیا گیا ہے۔

نادرا انچارج گنداخہ اختر علی جمالی کی خدمات قابل تعریف، دور دراز علاقوں سے آنیوالے شہریوں کو سہولیات کی فراہمی جاری

گنداخہ (اے این این) نادرا مرکز گنداخہ کے انچارج اختر علی جمالی اپنے ٹیم کے ہمراہ عوام کو بہتر، بروقت اور شفاف انداز میں سہولیات کی فراہمی کے لیے بھرپور خدمات انجام دے رہے ہیں۔ نادرا مرکز پر روزانہ مختلف علاقوں سے بڑی تعداد میں مرد و خواتین اپنے شناختی کارڈ، ب فارم، فیملی رجسٹریشن اور دیگر ضروری دستاویزات سے متعلق امور کے سلسلے میں پہنچتے ہیں، جن کی رہنمائی اور معاونت کے لیے نادرا عملہ اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھا رہا ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق گنداخہ ایک وسیع علاقے پر مشتمل ہے جہاں دور دراز دیہات اور مختلف علاقوں سے شہری نادرا سے متعلق کاموں کے لیے مرکز کا رخ کرتے ہیں۔ ایسے میں نادرا انچارج اختر علی جمالی کی جانب سے سائلین کی رہنمائی، ان کے مسائل سننے اور دستیاب سہولیات کے ذریعے کام مکمل کرنے میں تعاون قابل تحسین ہے۔

چار معذور بچوں کے پڑھے لکھے غریب باپ کی وزیر اعلیٰ بلوچستان سے سرکاری ملازمت کی اپیل

گنداخہ (اے این این) اوستہ محمد کی تحصیل گنداخہ کے گوٹھ غلام محمد جمالی کے رہائشی ایف اے پاس اور ڈپلومہ ہولڈر غریب عبدالغفار نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی سے سرکاری ملازمت فراہم کرنے کی اپیل کی ہے۔ عبدالغفار کا کہنا ہے کہ وہ تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود مستقل روزگار سے محروم ہے، جبکہ اس کے چار بچے معذوری کا شکار ہیں اور ان کی کفالت سمیت پورے خاندان کی ذمہ داری اس کے کندھوں پر ہے۔ عبدالغفار نے بتایا کہ وہ ایک غریب خاندان سے تعلق رکھتا ہے۔ اور محدود مالی وسائل کے باعث اپنے گھر کے اخراجات پورے کرنے میں شدید مشکلات کا سامنا کر رہا ہے۔ تعلیم حاصل کرنے اور ڈپلومہ رکھنے کے باوجود اسے تاحال مستقل روزگار کا موقع نہیں مل سکا، جس کے باعث وہ انتہائی کسمپرسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہے۔ اس نے بتایا کہ گھر میں مستقل آمدنی کا کوئی ذریعہ نہ ہونے کے باعث وہ اپنے اہل خانہ کا پیٹ پالنے کے لیے پرانی چھوٹے فروخت کر کے گزر بسر کرتا ہے۔ معمولی آمدنی سے گھر کے روزمرہ اخراجات، بچوں کی ضروریات اور دیگر معاملات پورے کرنا انتہائی مشکل ہو چکا ہے۔

وندر، پاک فوج کے افسر کرنل ماجد کا لیاری میں ماتا مندر اور دربار صاحب کا دورہ، نوراتری فیسٹیول کے سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ

وندر (یو این اے) لسبیلہ کے پسماندہ علاقے لیاری میں پاک فوج کے افسر کرنل ماجد نے خصوصی دورہ کرتے ہوئے تاریخی ماتا مندر اور دربار صاحب کا جائزہ لیا اور ہندو برادری کے معززین و ہنگلاج ماتا نوراتری فیسٹیول کے منتظمین سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران آنے والے ہنگلاج ماتا نوراتری فیسٹیول کے انتظامات، زائرین کی سہولت اور سیکیورٹی سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر کرنل ماجد نے ہندو برادری کے معززین اور فیسٹیول منتظمین کو یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ ہنگلاج ماتا یاترا اور نوراتری فیسٹیول میں ملک کے مختلف علاقوں سے آنے والے زائرین کی جان و مال کے تحفظ کے لیے فول پروف سیکیورٹی انتظامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ فیسٹیول میں شرکت کے لیے آنے والے زائرین کو محفوظ اور پرامن ماحول فراہم کرنا ترجیح ہے اور بھرپور کوشش کی جائے گی۔

گنداخہ، شہر میں نکاسی آب کے مسائل کے حل اور سیوریج نظام کی بحالی کیلئے عملی اقدامات کا آغاز

چیئرمین میونسپل کمیٹی ڈاکٹر جاوید اختر جمالی کی ہدایت پر مختلف گلیوں میں سروے جاری، شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے

گنداخہ (یو این اے) میونسپل کمیٹی گنداخہ کی جانب سے شہر میں بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی اور نکاسی آب کے مسائل کے مستقل حل کیلئے عملی اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی کی خصوصی ہدایت پر بلدیاتی فنڈز سے شہر کی مختلف گلیوں میں سیوریج نظام کی بحالی اور نکاسی آب کی بہتری کیلئے سروے کا عمل جاری ہے، سروے کے دوران میونسپل کمیٹی کی ٹیم کی جانب سے مختلف علاقوں اور گلیوں میں سیوریج لائنوں، نالیوں اور نکاسی آب کے موجودہ نظام کا جائزہ لیا جا رہا ہے، جبکہ شہریوں کو درپیش مسائل اور ضروری تعمیر و مرمت کے کاموں کی نشاندہی بھی کی جا رہی ہے۔

کوئٹہ، بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہنے کا امکان، مختلف شہروں کے درجہ حرارت جاری

محکمہ موسمیات کے مطابق کوئٹہ میں درجہ حرارت 28، سبی میں 39 اور تربت میں 40 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ موسمیات کے مطابق آنے والے دنوں میں بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم مجموعی طور پر گرم اور خشک رہے گا۔ صوبے کے مختلف شہروں میں ریکارڈ کیے گئے درجہ حرارت کے اعداد و شمار کے مطابق، صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 28 ڈگری سینٹی گریڈ، قلات میں 25 ڈگری سینٹی گریڈ، زیارت میں 20 ڈگری سینٹی گریڈ اور ژوب میں 30 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات کی رپورٹ کے مطابق صوبے کے گرم علاقوں میں سبی کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 39 ڈگری سینٹی گریڈ اور تربت کا درجہ حرارت 40 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ اس کے علاوہ نوکنڈی میں درجہ حرارت 36 ڈگری سینٹی گریڈ اور پاک افغان سرحد سے متصل شہر چمن میں 30 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا

کوئٹہ، عوامی نیشنل پارٹی کے زیراہتمام شہید ایڈووکیٹ ارباب غلام کاسی اور دیگر شہداء کی برسی کے موقع پر ضلع کوئٹہ کے صدر ثناء اللہ کاکڑ خطاب کر رہے ہیں

عوام کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، اعجاز احمد

امن کیلئے عوام کا تعاون ناگزیر ہے، شہری اپنی تجاویز اور مسائل سے آگاہ کریں، ایس ایچ او تھانہ عبدالخالق شہید

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی صدر قیوم بلوچ نے علاقائی وفد کے ہمراہ تھانہ عبدالخالق شہید کے ایس ایچ او اعجاز احمد کی دعوت پر خصوصی ملاقات کی، جس میں علاقے میں امن و امان کی صورتحال، شہریوں کے مسائل اور پولیس کے اقدامات سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ایس ایچ او اعجاز احمد نے کہا کہ امن و امان کا قیام اور عوام کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے، اس سلسلے میں تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جرائم کے خاتمے اور علاقے میں پائیدار امن کے قیام کیلئے عوام کا تعاون انتہائی ضروری ہے، شہری کسی بھی مشکوک سرگرمی یا مسئلے کی بروقت اطلاع پولیس کو دیں، جبکہ امن و امان کے حوالے سے عوام کی مفید تجاویز کا ہر وقت خیر مقدم کیا جائے گا۔ ایس ایچ او اعجاز احمد نے وفد کو یقین دلایا کہ علاقے میں امن و امان برقرار رکھنے اور شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے جائیں گے اور عوامی شکایات کا ترجیحی بنیادوں پر ازالہ کیا جائے گا۔

تعلیمی خدمات پر ایوارڈ حیدر خان ناصر کی محنت کا اعتراف ہے، صالح محمد کاکڑ

بند سکولوں کو فعال، داخلہ مہم کامیاب بنانے پر حیدر خان ناصر کی خدمات قابل تحسین ہیں، چیئرمین اصلاحی کمیٹی

کوئٹہ (اے این این) چیئرمین اصلاحی کمیٹی کلی ملک عمر خان حاجی صالح محمد کاکڑ نے ڈپٹی ڈی ای او زرغون ٹاؤن حیدر خان ناصر کو محکمہ تعلیم بلوچستان کی جانب سے تعلیمی خدمات، ملنساری، انتھک محنت، زیادہ سے زیادہ بچوں کو سکولوں میں داخل کرانے، داخلہ مہم کامیابی سے چلانے اور بند سکولوں کو دوبارہ فعال بنانے پر ایوارڈ ملنے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے بیان میں حاجی صالح محمد کاکڑ نے کہا کہ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل، صوبائی وزیر محترمہ راحیلہ حمید خان درانی اور محکمہ تعلیم بلوچستان کی جانب سے حیدر خان ناصر کی تعلیمی خدمات کا اعتراف خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ حیدر خان ناصر نے زرغون ٹاؤن میں تعلیمی اداروں کی بہتری، بچوں کو سکولوں میں داخل کرانے اور بند سکولوں کو فعال بنانے کیلئے قابل قدر اقدامات کیے ہیں، جس کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں اور بڑی تعداد میں بچے دوبارہ تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حیدر خان ناصر کی جانب سے اساتذہ کرام کے ساتھ خوش اخلاقی اور مثبت رویے کے ساتھ ساتھ سکولوں سے متعلق مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات قابل تحسین ہیں۔ ٹاؤن کے اندر بند سکولوں کو فعال بنانے اور تعلیمی سرگرمیوں کی بحالی ان کی محنت کا واضح ثبوت ہے۔

بلوچستان میڈیا فورم میڈیا پرسنز کی توانا آواز بن چکا ہے، سید امان شاہ

مرکزی صدر قیوم بلوچ، اللہ داد رند اور پوری ٹیم کو مبارکباد، صحافیوں کے حقوق کیلئے جدوجہد قابل تحسین ہے

کوئٹہ (اے این این) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے کہا ہے کہ بلوچستان میڈیا فورم صوبہ بھر کے میڈیا پرسنز کی توانا اور مؤثر آواز بن چکا ہے، فورم کی جانب سے صحافیوں کے حقوق، آزادی صحافت اور میڈیا سے وابستہ افراد کے مسائل کے حل کیلئے کی جانے والی جدوجہد قابل تحسین ہے۔ انہوں نے بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی صدر قیوم بلوچ، سیکرٹری جنرل اللہ داد رند اور پوری ٹیم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ صحافت معاشرے کا اہم ستون ہے اور صحافیوں کو درپیش مشکلات کے حل کیلئے مؤثر آواز اٹھانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ سید امان شاہ نے کہا کہ بلوچستان جیسے وسیع و پسماندہ صوبے میں صحافی محدود وسائل کے باوجود عوامی مسائل کو اجاگر کرنے اور حقائق عوام تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ بلوچستان میڈیا فورم کی جانب سے صوبے بھر کے میڈیا پرسنز کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنا خوش آئند اقدام ہے، جس سے صحافیوں کے مسائل کو مؤثر انداز میں متعلقہ حکام تک پہنچانے میں مدد ملے گی۔

ہیکٹر، ڈپٹی کمشنر نارتھ ڈیرہ بگٹی محمد ریاض خان داوڑ NICU کی اپ گریڈیشن کا افتتاح کر رہے ہیں

بھاگ، بڑھتی ہوئی بدامنی اور تاجروں سے لوٹ مار کیخلاف شٹر ڈاؤن ہڑتال، تاجر برادری اور شہریوں کا شدید احتجاج

دو روز میں حالات نہ بدلے تو احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا، رہنماؤں کا انتباہ

بھاگ (یو این اے) بھاگناڑی میں بڑھتی ہوئی بدامنی تاجر برادری سے لوٹ مار کیخلاف آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کی اپیل پر بھاگ کے شہری کاروباری مراکز بند کر کے سراپا احتجاج بن گئے احتجاجی مظاہرے میں سیاسی و رکر سماجی تنظیموں بازار پنچایت اور عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی مظاہرے سے آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کے چیئرمین عبدالستار ہنگورئی جنرل سیکرٹری حافظ محمد یوسف گویا وائس چیئرمین حاجی محمد الیاس کلواڑ حافظ اصغر علی مغیری عبدالغنی بلوچ قادر بخش گویا نوید اکبر بلوچ کامریڈ فیاض احمد جاموٹ عبید اللہ مغیری و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھاگ میں قانون سو گیا چور ڈاکو جاگ رہے ہیں شہریوں کی جان و مال غیر محفوظ ڈاکو دن دہاڑے گن پوائنٹ پر اقلیتی تاجر رتن کمار سے بھاری مقدار میں نقدی موبائل فون اور قیمتی اشیا جبکہ گزشتہ روز ویگن کو لوٹا گیا۔

چھتر، صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی سے پیپلز پارٹی صحبت پور کے صدر اور دیگر رہنماؤں کی ملاقات

نصیرآباد ڈویژن میں پارٹی امور، تنظیمی سرگرمیوں اور کارکنوں کو درپیش مسائل کے حل پر تفصیلی تبادلہ خیال

چھتر (یو این اے) صوبائی وزیر برائے آبپاشی بلوچستان و پاکستان پیپلز پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن میر محمد صادق عمرانی سے پیپلز پارٹی ضلع صحبت پور کے صدر میر محمد یعقوب خان کھوسہ اور پیپلز یوتھ آرگنائزیشن بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری شان ثاقب ابڑو نے عمرانی ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی ملاقات کے دوران نصیرآباد ڈویژن سمیت مختلف اضلاع میں پارٹی کی تنظیمی صورتحال، کارکنوں سے رابطوں اور پارٹی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ضلع صحبت پور میں پارٹی کی تنظیمی سرگرمیوں اور کارکنوں سے رابطہ کاری کا جائزہ لیتے ہوئے تنظیمی ڈھانچے کو مزید مؤثر بنانے سے متعلق امور پر مشاورت کی گئی رہنماں نے کارکنوں کو درپیش مسائل متعلقہ فورم پر اجاگر کرنے، مقامی سطح پر پارٹی پروگرامز کو مؤثر انداز میں آگے بڑھانے اور تنظیمی سرگرمیوں میں مزید بہتری لانے کے حوالے سے مختلف تجاویز پر غور کیا ملاقات میں آئندہ کی سیاسی و تنظیمی سرگرمیوں، پارٹی پروگرامز اور کارکنوں سے رابطوں کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

جھل مگسی میں اغوا اور گھروں میں داخل ہونے کے واقعات ناقابل قبول ہیں، نوابزادہ نادر مگسی

جھل مگسی (یو این اے) رکن سندھ اسمبلی نوابزادہ میر نادر خان مگسی نے جرگے سے خطاب کرتے ہوئے گزشتہ چھ ماہ کے دوران پیش آنے والے واقعات پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ نوابزادہ میر نادر خان مگسی نے کہا کہ نواب مگسی کے ریسٹ ہاؤس پر حملہ، گھروں میں داخل ہونے اور لوگوں کو اغوا کرنے جیسے واقعات انتہائی تشویشناک ہیں۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ یہ کون سی بلوچیت ہے کہ لوگوں کے گھروں میں داخل ہو کر انہیں اغوا کیا جائے۔

معذور افراد کو سرکاری سہولیات، خدمات اور معاشرتی تحفظ تک مؤثر رسائی فراہم کی جائے، شکیل قادر خان

کوئٹہ (این این آئی) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنرز کانفرنس کا انعقاد ہوا، جس میں صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں، ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی، عوامی شکایات کے ازالے، پرائس کنٹرول، زرعی انکم ٹیکس، صفائی مہم، تعلیمی سہولیات اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ کانفرنس میں محکمہ مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن کی جانب سے جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔

بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، بلال کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں اور صوبے میں ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لیے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کا کردار اہم ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ ادارہ مستقبل میں بھی سرمایہ کاروں کو سہولیات فراہم کرنے اور صوبے میں کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے مؤثر کردار ادا کرتا رہے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سبکدوش ہونے والے چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) قائم لاشاری کے اعزاز میں الوداعی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں قائم مقام سی ای او عبدالمنان، بورڈ کے افسران و اہلکاروں اور دیگر اسٹاف نے شرکت کی۔

قائمہ کمیٹی برائے معدنیات کا اجلاس، بلوچستان مائنز ہیلتھ اینڈ سیفٹی بل 2026 پر تفصیلی غور

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے معدنیات کا اجلاس چیئرمین کمیٹی غلام دستگیر بادینی کی زیر صدارت اسمبلی سیکرٹریٹ کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں کمیٹی رکن خیر جان بلوچ، زابد علی ریکی، صوبائی وزیر برائے معدنیات میر شعیب نوشیروانی، سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، ایڈیشنل سیکرٹری لاء سعید اقبال، ڈائریکٹر جنرل مائنز اینڈ منرلز عبداللہ شاہوانی، ڈپٹی ڈائریکٹر لاء احسان برکت، وسیم احمد اور محکمہ معدنیات کے مائن اونرز نے شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان مائنز ہیلتھ اینڈ سیفٹی بل 2026 پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ کمیٹی کو بتایا گیا کہ مذکورہ بل کے حوالے سے اس سے قبل بھی دو اجلاس منعقد ہو چکے ہیں، جبکہ گزشتہ اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ بل کی مزید شقوں پر محکمہ قانون، مائن اونرز اور متعلقہ محکمے باہمی مشاورت سے غور کریں گے۔

کوئٹہ، بی این پی کے زیراہتمام شہید آغا خالد شاہ، شہید عبدالسلام ایڈووکیٹ اور ان کی کمسن بیٹی کی برسی پر تعزیتی ریفرنس کا انعقاد

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی ڈسٹرکٹ کوئٹہ کے زیراہتمام شہید آغا خالد شاہ دلسوز شہید عبدالسلام ایڈووکیٹ اور ان کی کمسن بیٹی اسماء کی برسی کے سلسلے میں تعزیتی ریفرنس کلی جیو شہید آغا خالد شاہ کے رہائش گاہ پر منعقد ہوا تعزیتی ریفرنس سے پارٹی کے مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری ملک نصیر احمد شاہوانی، آغا حسن بلوچ، میر اختر حسین لانگو، موسیٰ بلوچ، احمد نواز بلوچ، بی ایس او کے مرکزی سیکرٹری جنرل صمد بلوچ، چیئرمین واحد بلوچ، ثنا بلوچ، حاجی باسط لہڑی، کوئٹہ کے آرگنائزر حاجی وحید احمد لہڑی، جاوید بلوچ، میڈم فریدہ بلوچ، حاجی ابراہیم پرکانی، وائس چیئرمین ڈاکٹر علی احمد قمبرانی، نعمت مظاہر بزدار، آغا عرفان شاہ، مولوی عیسیٰ خان نے شرکت کی۔

مستونگ، تحصیل کھڈ کوچہ میں نامعلوم افراد کا بم دھماکہ، ہوٹل اور ملحقہ دکان تباہ، سولر پلیٹس کو بھی نقصان

مستونگ (یو این اے) تحصیل کھڈ کوچہ کے علاقے ریکی بوز میں گزشتہ شام نامعلوم مسلح افراد نے سیبڑہ بم دھماکے کے ذریعے مدینہ ہوٹل کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں ہوٹل کی عمارت مکمل طور پر زمین بوس ہو گئی۔ مقامی ذرائع کے مطابق دھماکے کی شدت سے ہوٹل سے ملحقہ پرچون کی دکان بھی مکمل طور پر تباہ ہو گئی جبکہ قریبی ٹیوب ویلوں کی سولر پلیٹس کو بھی نقصان پہنچا۔ دھماکے کے باعث آس پاس واقع گھروں کی کھڑکیوں کے شیشے بھی ٹوٹ گئے۔ واقعے کے بعد علاقے میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا۔ اطلاع ملتے ہی متعلقہ حکام اور سیکیورٹی اداروں نے موقع پر پہنچ کر علاقے کا جائزہ لیا اور واقعے سے متعلق شواہد اکٹھے کرنے کا عمل شروع کر دیا۔

پاکستان سرمایہ کاری تجارت کی راہ میں حائل رکاوٹیں دور کرے، مسعود خان

بنگلہ دیش، بھارت اور سری لنکا جیسی علاقائی معیشتوں کے مقابلے پاکستان میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں کمی ایک بڑا چیلنج ہے

اسلام آباد (این این آئی) امریکہ، چین اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر اور آزاد جموں و کشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ پاکستان کو اپنی معاشی استعداد سے بھرپور استفادہ کرنے کے لیے غیر ملکی سرمایہ کاری، برآمدات، کاروبار کرنے میں آسانی اور تکنیکی ترقی کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنا ہوگا۔ سینٹر فار لاء اینڈ سکیورٹی (CLAS) میں پاکستان کے معاشی اور سرمایہ کاری کے منظرنامے پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری (FDI) میں کمی بدستور ایک بڑا چیلنج ہے، خصوصاً بنگلہ دیش، بھارت اور سری لنکا جیسی علاقائی معیشتوں کے مقابلے میں جہاں سرمایہ کاری کے رجحانات نسبتاً بہتر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو متعدد ساختی مسائل کا سامنا ہے جن پر مسلسل توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ سردار مسعود خان نے حقیقی پیداوار اور ویلیو چینز میں موجود کمزوریوں کو برآمدات میں اضافے کی راہ میں اہم رکاوٹ قرار دیتے ہوئے کہا کہ جب تک ملکی پیداوار اور برآمدی سرپلس میں خاطر خواہ اضافہ نہیں ہوگا، پاکستان اپنی برآمدات کو نمایاں طور

39

کوئٹہ صوبائی مشیر ماحولیات نسیم الرحمن ملاخیل چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹری کے نومنتخب صدر دیا یوسف کو کرسی پر بٹھا رہے ہیں

اوتھل، کوسٹ گارڈز کی کارروائی، مسافر کوچ سے 61 نایاب باز برآمد، بیرون ملک سمگلنگ کی کوشش ناکام

کوئٹہ سے کراچی جانے والی گاڑیوں میں اسمگل کیے جانے والے باز وائلڈ لائف حکام کی موجودگی میں قدرتی ماحول میں آزاد

اوتھل (یو این اے) پاکستان کوسٹ گارڈز کی اوتھل چیک پوسٹ پر بڑی کارروائی، کوئٹہ سے کراچی جانے والی دو مسافر کوچز سے 61 نایاب اور قیمتی نسل کے باز برآمد کر لیے گئے، بیرون ملک اسمگلنگ کی کوشش ناکام، تمام بازوں کو وائلڈ لائف حکام کی موجودگی میں آزاد کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کوسٹ گارڈز کے کمانڈنٹ آفیسر لیفٹیننٹ کرنل زین العابدین کی خصوصی ہدایات پر اوتھل چیک پوسٹ پر مسافر گاڑیوں کی سخت نگرانی اور تلاشی کا سلسلہ جاری تھا۔ اسی دوران کوئٹہ سے کراچی جانے والی دو مسافر کوچز کو روک کر تلاشی لی گئی تو ان میں انتہائی نایاب اور قیمتی نسل کے 61 باز چھپائے جانے کا انکشاف ہوا۔ کوسٹ گارڈز کے مطابق برآمد کیے گئے باز بغیر کسی قانونی اجازت کے اسمگل کیے جا رہے تھے اور انہیں حب و کراچی کے راستے بیرون ملک منتقل کرنے کی کوشش کی جا رہی تھی۔ برآمد شدہ بازوں کی بین الاقوامی مارکیٹ میں مالیت کروڑوں روپے بتائی گئی ہے۔ کارروائی کے بعد پاکستان کوسٹ گارڈز کے کیپٹن محمد عظیم کی قیادت میں کوسٹ گارڈز کے اہلکاروں اور محکمہ جنگلات و جنگلی حیات لسبیلہ کے حکام نے مشترکہ طور پر تمام 61 بازوں کو تحویل میں لے کر ان کی صحت کا جائزہ لیا، جس کے بعد انہیں صحت مند حالت میں قدرتی ماحول میں آزاد کر دیا گیا۔ اس موقع پر محکمہ جنگلات و جنگلی حیات کے حکام نے پاکستان کوسٹ گارڈز کی کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ نایاب پرندوں اور جنگلی حیات کا تحفظ قومی ذمہ داری ہے۔ غیر قانونی شکار اور جنگلی حیات کی اسمگلنگ کے خلاف مؤثر کارروائیاں قدرتی ماحول کے تحفظ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

خواتین اور بچوں کی فلاح و بہبود بھی محکمہ کی ترجیحات میں شامل ہے، سیف اللہ کھیتران

ڈی جی سوشل ویلفیئر بلوچستان کی سماجی بہبود کے شعبے میں اقدامات، مستحق طبقات کی فلاح و بہبود اولین ترجیح ہے

کوئٹہ (اے این این) ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر بلوچستان میر سیف اللہ خان کھیتران نے کہا ہے کہ محکمہ سوشل ویلفیئر معاشرے کے کمزور، مستحق اور خصوصی افراد کی فلاح و بہبود، انہیں معاشرے کا فعال حصہ بنانے اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کر رہا ہے۔ یہ بات انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ ڈی جی میر سیف اللہ کھیتران نے کہا کہ صوبے میں سماجی بہبود کے پروگراموں کو مزید منظم اور مؤثر بنانے کے ساتھ ساتھ مستحق افراد تک سرکاری سہولیات کی رسائی یقینی بنانے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ سوشل ویلفیئر کا بنیادی مقصد معاشرے کے محروم اور کمزور طبقات کو سہولیات فراہم کرنا، ان کی مشکلات کا ازالہ اور انہیں باعزت زندگی گزارنے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ اس سلسلے میں خصوصی افراد، خواتین، بچوں، بزرگ شہریوں، یتیموں اور دیگر مستحق طبقات کے لیے مختلف فلاحی اقدامات جاری ہیں۔ میر سیف اللہ خان کھیتران نے کہا کہ خصوصی افراد کی بحالی اور انہیں معاشرے میں باعزت مقام دلانا محکمہ سوشل ویلفیئر کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ خصوصی افراد کو معاون آلات کی فراہمی، بحالی، تعلیم اور روزگار کے مواقع تک رسائی کے لیے مختلف پروگرامز پر کام کیا جا رہا ہے تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر خود کفیل زندگی گزار سکیں۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے میں موجود گداگری کے خاتمے اور گداگروں کی بحالی کے لیے بھی محکمہ سوشل ویلفیئر متعلقہ اداروں کے تعاون سے اقدامات کر رہا ہے۔

کوئٹہ، میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے ایڈمنسٹریٹر بشیر احمد سے انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم آغا جنرل سیکرٹری ولی افغان ملاقات کر رہے ہیں

حکومت لانگ مارچ روکنا چاہتی ہے تو ہمارے مطالبات تسلیم کیے جائیں

بیرسٹر گوہر

ایم این ایز کی ایم پی او کے تحت گرفتاری غیر قانونی، اسپیکر سے درخواست کی کہ وہ اس معاملے میں اپنا رول ادا کریں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ 4 اکتوبر کا لانگ مارچ اٹل ہے۔ اگر حکومت لانگ مارچ روکنا چاہتی ہے تو ہمارے مطالبات تسلیم کیے جائیں اور بات چیت کے دروازے کھولے جائیں۔ بدھ کو پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے بتایا کہ انہوں نے اسپیکر صاحب کو فون کیا تھا اور ارادہ تھا کہ ان سے ملاقات کریں کہ پارٹی کے ایم این ایز ایم پی او کے تحت گرفتار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم این ایز لاکھوں ووٹ لے کر پارلیمنٹ میں آتے ہیں، اپنے علاقوں میں امن و امان برقرار رکھنے والے لیڈر ہوتے ہیں، اس لیے ان کا ایم پی او کے تحت گرفتار ہونا ہی غیر قانونی ہے۔ انہوں نے اسپیکر سے درخواست کی کہ وہ اس معاملے میں اپنا رول ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ اسپیکر لاہور میں تھے اور آج تین بجے آنے والے تھے مگر اس وقت میں دستیاب نہیں ہوں۔ اس لیے آج بالکل کوئی میٹنگ شیڈول نہیں، البتہ بات ضرور ہوئی ہے۔ شوکت یوسف زئی کے خط کے بارے میں انہوں نے کہا کہ اس قسم کے خطوط انہیں بہت

41

گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو بیلٹ پروموشن ٹیسٹ میں پیرا اتھلیٹس کی شاندار کارکردگی

خاور محمود نے پلیئرز سے ٹیسٹ لیے، مہمانان خصوصی میر اشتیاق احمد، سلمہ سعید ہاشمی، شمینہ میر نے کھلاڑیوں میں بیلٹس اور میڈلز تقسیم کیے

کوئٹہ (اے این این) گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو فیڈریشن کے زیر اہتمام بچوں اور نوجوان پلیئرز کی حوصلہ افزائی، ٹریڈیشنل تائیکوانڈو کھیل کے فروغ اور نوجوان نسل کو صحت مند سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کیلئے گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو بیلٹ پروموشن ٹیسٹ کی شاندار تقریب منعقد ہوئی، جس میں مختلف ایج گروپ کے کھلاڑیوں نے بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ شرکت کی۔ گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو فیڈریشن کے نائب صدر، بلیک بیلٹ فورتھ ڈان (ڈبلیو ٹی ایف کوریا) و سیف کوچ اینڈ صدر ٹریڈیشنل تائیکوانڈو کلب خاور محمود، ماسٹر سراج دین، عارف بھٹی اور عبدالمنان نے مختلف بیلٹس کیلئے 40 کھلاڑیوں سے جسمانی فٹنس، تائیکوانڈو کی بنیادی تکنیکوں، ککس، پنچز، دفاعی حرکات اور فائٹنگ صلاحیتوں کا عملی جائزہ لیا۔ پیرا اتھلیٹس سمیت دیگر نوجوان کھلاڑیوں نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی محنت اور مہارت کا بھرپور ثبوت دیا۔ الخدمت فاؤنڈیشن سپارٹس کمپلیکس میں منعقد ہونے والی تقریب میں سابق ایم این اے میر اشتیاق احمد، ایم پی اے سلمہ سعید ہاشمی، مارید نیل ایم وی سینٹر فار اسپیشل نیڈز اکس سوسائٹی شمینہ میر، فرزانہ قسیم اور صائمہ چوہدری مہمانان خصوصی تھیں۔ دلکش اور یادگار تقریب میں گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو فیڈریشن پاکستان کے سیکرٹری جنرل سید علی عمران، گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو بیلٹ پروموشن ٹیسٹ تقریب کی آرگنائزنگ سیکرٹری عائشہ مزمل، سی ای او وائس سوسائٹی ہمایوں تھیم سمیت کھلاڑیوں، کوچز، والدین اور کھیلوں سے وابستہ افراد نے بھرپور شرکت کریں گے۔

بھاگ، بڑھتی ہوئی بدامنی اور تاجروں سے لوٹ مار کیخلاف شٹر ڈاؤن ہڑتال، تاجر برادری اور شہریوں کا شدید احتجاج

دو روز میں حالات نہ بدلے تو احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا، رہنماؤں کا انتباہ

بھاگ (یو این اے) بھاگناڑی میں بڑھتی ہوئی بدامنی تاجر برادری سے لوٹ مار کیخلاف آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کی اپیل پر بھاگ کے شہری کاروباری مراکز بند کر کے سراپا احتجاج بن گئے احتجاجی مظاہرے میں سیاسی و رکر سماجی تنظیموں بازار پنچایت اور عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی مظاہرے سے آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کے چیئرمین عبدالستار ہنگورئی جنرل سیکرٹری حافظ محمد یوسف گویا وائس چیئرمین حاجی محمد الیاس کلواڑ حافظ اصغر علی مغیری عبدالغنی بلوچ قادر بخش گویا نوید اکبر بلوچ کامریڈ فیاض احمد جاموٹ عبید اللہ مغیری و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھاگ میں قانون سو گیا چور ڈاکو جاگ رہے ہیں شہریوں کی جان و مال غیر محفوظ ڈاکو دن دہاڑے گن پوائنٹ پر اقلیتی تاجر رتن کمار سے بھاری مقدار میں نقدی موبائل فون اور قیمتی اشیا جبکہ گزشتہ روز ویگن کو لوٹا گیا تاجر محمد اسماعیل مغیری سے موٹر سائیکل چھیننے پر مزاحمت پر گولی مار کر زخمی کر دیا جو تاحال زندگی اور موت کی کشمکش میں ہسپتال میں زیر علاج ہیں استاد عطاء اللہ مغیری سے موٹر سائیکل کی چھیننے کی کوشش میں گولی مار کر زخمی کر دیا ڈاکٹروں کی ٹیم کو لوٹا گیا شہری نجیب اللہ سے موٹر سائیکل موبائل اور قیمتی اشیا چھینا گیا انہوں نے کہا پولیس اور انتظامیہ نے بھاگ کے شہریوں کو چوروں لٹیروں ڈاکوؤں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا۔

کوئٹہ، وزیر تعلیم راحیلہ درانی، سیکرٹری ثقافت و سیاحت حمید اللہ ناصر و دیگر علامہ اقبال صوبائی ادبی ایوارڈ کی مناسبت سے منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان کا مقبول روزنامہ
DAILY SABA–Quetta
روزنامہ
صباء
ایڈیٹر غضنفر علی
ABC CERTIFIED
PHONE:0814170013
EMAIL: sabanewsqta@gmail.com

پبلشر بالاچ نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپواکر
دفتر روزنامہ صباء ارشد درانی بلڈنگ روم نمبر 3 علمدار روڈ سے شائع کیا

بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں

صوبے میں ملکی وغیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لیے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کا کردار اہم ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ ادارہ مستقبل میں بھی سرمایہ کاروں کو سہولیات فراہم کرتے اور صوبے میں کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے مؤثر کردار ادا کرتا رہے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سبکدوش ہونے والے چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) قائم لاشاری کے اعزاز میں الوداعی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، تقریب میں قائمقام سی ای او عبدالمنان،، بورڈ کے افسران واہلکاروں اور دیگر اسٹاف نے شرکت کی۔ بلال خان کاکڑ نے قائم لاشاری کی بورڈ کے لیے خدمات کو سراہا اور کہا کہ انہوں نے سرمایہ کاری کے فروغ اور ادارے کے امور کو آگے بڑھانے کے لیے اہم کردار ادا کیا۔ بلال خان کاکڑ نے کہا کہ ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاری صوبے کی معیشت کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ مقامی سطح پر روزگار کے مواقع پیدا کرنے، کاروباری سرگرمیوں میں اضافے اور مختلف شعبوں میں ترقی کی رفتار تیز کرنے کا ذریعہ بن سکتی ہے۔ اس مقصد کے لیے سرمایہ کاروں کے ساتھ موثر رابطہ اور ان کے مسائل کے حل پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائم لاشاری کی پیشہ ورانہ خدمات اور تجربہ ادارے کے لیے قابل قدر رہے ہیں جبکہ ان کی محنت اور کاوشوں کو یاد رکھا جائے گا۔ اس موقع پر قائم لاشاری نے بھی تقریب سے خطاب کیا۔ انہوں نے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے افسران اور عملے کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اپنے دور ذمہ داری کے دوران انہیں ادارے کے افسران اور ملازمین کا بھرپور تعاون حاصل رہا۔ انہوں نے کہا کہ ادارے کی ترقی اور اہداف کے حصول کے لیے ٹیم ورک بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔

ہمارے ادارے کب اور کیسے کام کرتے ہیں؟

مختار چودھری

ہمارے ملک میں ادارے بھی موجود ہیں اور قوانین بھی، مگر یہ معلوم نہیں ہوتا کہ ادارے کب اور کس کے حکم پر حرکت میں آتے ہیں حکمران، سیاستدان اور ہر عام وخاص کرپشن کے خلاف ہے، مگر کرپشن ہے کہ بڑھتی ہی چلی جارہی ہے، یقین سے نہیں کہا جاسکتا کہ پاکستان کا کوئی ادارہ یا محکمہ کرپشن سے مکمل طور پر پاک ہے، سیاستدان ایک دوسرے پر میگا کرپشن کے الزامات لگاتے ہیں، سیاستدان بیوروکریسی پر کرپشن کے الزامات عائد کرتے ہیں، ہماری طاقتور اسٹیبلشمنٹ بھی وقفے وقفے سے سیاستدانوں پر کرپشن کے سنگین الزامات عائد کرتی رہی ہے، یاد نہیں کہ پاکستان کی کسی سول حکومت کو کرپشن کے الزام کے بغیر رخصت کیا گیا ہو۔ اصل سوال یہ ہے کہ اگر کرپشن اتنی ہی عام ہے تو اس کا سدباب کیوں نہیں؟ ہم نے جمہوری حکومتیں بھی دیکھیں، آمریتیں بھی بھگتیں، صدارتی نظام بھی دیکھے اور پارلیمانی بھی، بڑے جابر گورنر اور وزراء اعلی کے بڑے بڑے دعوے سنے مگر کرپشن کم ہونے کے بجائے بڑھتی ہی گئی، اس کا مطلب یہ ہے کہ مسئلہ صرف چہروں کا نہیں، اصل مسئلہ نظام ہے۔ ایک اہم سوال یہ بھی ہے کہ جب کسی شخصیت کی کرپشن کے قصے میڈیا پر زیر بحث آتے ہیں، دونوں جانب سے دلائل دیے جا رہے ہوتے ہیں اور الزام تراشی عروج پر ہوتی ہے تو متعلقہ ادارے اس وقت خاموش کیوں رہتے ہیں؟ اداروں کو میڈیا میں سامنے آنے والی سنجیدہ شکایات کا فوری نوٹس لینا چاہئے، اگر واقعی کرپشن ہوئی ہے تو ذمہ دار شخص کے خلاف مقدمہ درج ہو، تحقیقات ہوں اور قانون کے مطابق کارروائی کی جائے اور اگر الزامات جھوٹے اور بے بنیاد ثابت ہوں تو الزام لگانے والوں کے خلاف بھی قانون کے مطابق کارروائی ہونی چاہئے۔ بدقسمتی سے ہمارے ہاں اچانک کسی سیاسی شخصیت یا بڑے بیوروکریٹ کے خلاف کرپشن کا غلغلہ اٹھتا ہے، میڈیا پر دھواں دھار تقاریر اور مباحثے شروع ہو جاتے ہیں، کئی مرتبہ مقدمات بھی قائم ہو جاتے ہیں، لیکن کچھ عرصے بعد یہ شور آہستہ آہستہ بیٹھنے لگتا ہے، معاملہ پس پردہ چلا جاتا ہے اور آخرکار نتیجہ صفر رہتا ہے۔ یورپی ممالک میں صورت حال اس سے مختلف ہے۔ وہاں اگر میڈیا کسی ممکنہ مالی بے ضابطگی یا کرپشن کی نشاندہی کرے تو متعلقہ ادارے فوری طور پر معاملے کا جائزہ لیتے ہیں۔ اگر ابتدائی شواہد موجود ہوں تو تحقیقات شروع ہو جاتی ہے اور معاملہ قانون کے مطابق آگے بڑھتا ہے، ہمارے ہاں اس کے برعکس میڈیا پر ہفتوں بحث جاری رہتی ہے، مگر متعلقہ ادارے بظاہر کہیں دکھائی نہیں دیتے۔ ابھی حال ہی میں پنجاب کی وزیراعلی کے سرکاری جہاز پر نجی دورے کا معاملہ خبروں میں رہا، وزیراعلی، وزراء اور دیگر متعلقہ افراد کی جانب سے مختلف مؤقف سامنے آئے بعدازاں وزیراعلی نے میڈیا پر ایک رسید بھی شیئر کی جس کے مطابق انہوں نے دو کروڑ 71 لاکھ روپے اپنی طرف سے ادا کیے۔ یہ سوال بھی اپنی جگہ موجود ہے کہ قومی احتساب بیورو، جس کا سالانہ بجٹ اربوں روپے ہے، ایسے معاملات میں کیا کردار ادا کرتا ہے؟ نیب کے علاوہ بھی احتساب اور مالی نگرانی کے کئی ادارے موجود ہیں۔ ماضی میں سپریم کورٹ بھی بعض معاملات میں ازخود نوٹس لیا کرتی تھی۔ آج یہ ادارے ایسے معاملات میں کس مرحلے پر حرکت میں آتے ہیں؟ عوام کو کم ازکم یہ معلوم ہونا چاہئے کہ قانون سب کے لئے یکساں ہے اور ادارے کسی اشارے کے منتظر نہیں بلکہ قانون کے تحت خود اپنا کام کرتے ہیں۔ اس حوالے سے یورپ کی دو مثالیں پیش ہیں۔ 1995ء میں سویڈن کی نائب وزیراعظم مونا سہلن، جو سوشل ڈیموکریٹک پارٹی کی رہنما اور آئندہ انتخابات میں وزارت عظمیٰ کی امیدوار بھی جارہی تھیں، ایک تنازع کا شکار ہوئیں، انہوں نے کرسمس کے موقع پر سرکاری کریڈٹ کارڈ سے اپنے بچوں کیلئے کچھ ذاتی خریداری کی، جس میں کپڑوں کے علاوہ Toblerone برانڈ کی چاکلیٹ بھی شامل تھی۔ یہ معاملہ بعد میں Toblerone اسکینڈل'' کے نام سے مشہور ہوا۔

یمن کی جنگ میزائل سے عالمی معیشت تک

نوید سحر

جنگیں عجیب ہوتی ہیں۔ نقشے پر چند لکیریں کھینچی جاتی ہیں چند شہر نشانے پر رکھے جاتے ہیں میزائل داغے جاتے ہیں اور ٹیلی ویژن پر جملہ آتا ہے 'فریقین میں شدید جھڑپیں جاری ہیں۔ ہم جملہ پڑھتے ہیں چائے کا گھونٹ لیتے ہیں اور آگے بڑھ جاتے ہیں۔ لیکن ایک میزائل جب یمن سے سعودی عرب کی طرف جاتا ہے تو وہ اپنے ساتھ کئی سوال لے جاتا ہے۔ اسے کس نے بنایا ٹیکنالوجی کہاں سے آئی اسے روکنے میں کتنے کروڑ ڈالر خرچ ہوئے جس شہر پر یہ گرا وہاں کون رہتا تھا اور اگر اس حملے سے تیل کی تنصیب رک گئی تو اس کا اثر دنیا کے دوسرے سرے تک کیسے پہنچے گا۔ کہانی کیا ہے آئیں سمجھتے ہیں۔ یمن بظاہر ایک غریب ملک ہے، مگر اس کا جغرافیہ بہت قیمتی ہے۔ یہ بحر احمر کے اس دروازے پر بیٹھا ہے جہاں سے عالمی تجارت کا ایک اہم حصہ گزرتا ہے۔ باب المندب ایک تنگ سمندری راستہ ہے، مگر دنیا کی معیشت کے لیے اس کی اہمیت بہت بڑی ہے۔ یمن کی جنگ 2015 میں شروع نہیں ہوئی۔ حوثی تحریک شمالی یمن کی زیدی برادری سے ابھری۔ ابتدا میں یہ مذہبی اور سیاسی بیداری کی تحریک تھی مگر وقت کے ساتھ ریاست سے مسلح تصادم میں بدل گئی 2004 میں حکومت اور حوثیوں کے درمیان جنگ شروع ہوئی۔ پھر 2011 آیا۔ علی عبداللہ صالح اقتدار سے الگ ہوئے اور عبدربہ منصور ہادی صدر بنے۔ مگر ریاست کمزور، معیشت بیمار اور سیاسی ادارے تقسیم تھے۔ جنوب میں علیحدگی پسند جذبات موجود تھے اور حوثی اپنی طاقت بڑھا رہے تھے 2014 میں حوثی صنعاء میں داخل ہوگئے۔ جنوری 2015 میں انہوں نے صدارتی محل پر قبضہ کرلیا اور صدر ہادی ملک سے باہر چلے گئے۔ 26 مارچ 2015 کو سعودی قیادت میں فوجی اتحاد نے یمن میں کارروائی شروع کردی۔ یوں مقامی تنازع علاقائی طاقتوں کی کشمکش بن گیا۔ یہاں ایران کا نام آیا۔ حوثیوں کے ایران کے ساتھ تعلقات مضبوط ہوئے اور مختلف بین الاقوامی تحقیقات اور حکومتوں نے ایرانی مدد یا ٹیکنالوجی کے شواہد پیش کیے۔ سعودی عرب نے اسے اپنی سرحد کے قریب ایران کے بڑھتے ہوئے اثر ورسوخ کے طور پر دیکھا۔ لیکن حوثیوں کو صرف ایران کی پیداوار سمجھنا بھی مکمل تصویر نہیں۔ ان کی اپنی تاریخ، تنظیم، قبائلی روابط اور یمنی سیاسی مفادات ہیں۔ ایران کی مدد ختم بھی ہوجائے تو یمن کا بنیادی بحران ختم نہیں ہوگا، کیونکہ بیماری پہلے سے موجود ہے۔ جنگ نے اسے صرف نمایاں کردیا۔ پھر شہروں پر بم گرے، اسپتال بھرے اور بچے غذائی قلت کا شکار ہوئے۔ 377,000 اموات کا مشہور عدد 2021 تک UNDP کے ایک ماڈل پر مبنی اندازہ تھا، جس میں براہ راست اور بالواسطہ اموات شامل تھیں۔ اعداد کبھی کبھی بہت بے رحم ہوتے ہیں۔ ایک لاکھ انسان مر جائیں تو خبر بنتی ہے۔ ایک بچہ مرے تو ماں کا گھر قبر بن جاتا ہے 2022 میں اقوام متحدہ کی ثالثی سے جنگ بندی ہوئی۔ حملوں میں کمی آئی، صنعاء ایئرپورٹ پر محدود پروازیں بحال ہوئیں اور حدیدہ کی بندرگاہ سے ایندھن کی ترسیل بہتر ہوئی۔ اکتوبر 2022 میں جنگ بندی ختم ہوگئی، مگر جنگ پہلے جیسی نہ رہی۔ یہ امن نہیں تھا، صرف جنگ کی رفتار میں کمی تھی۔ پھر 2026 میں دوبارہ کشیدگی بڑھی اور حملوں و جوابی کارروائیوں نے واضح کردیا کہ یمن کی جنگ ابھی ختم نہیں ہوئی۔ اور دنیا کی نظریں دوبارہ باب المندب پر چلی گئیں۔ یمن کا ایک ڈرون ہزاروں میل دور کسی یورپی کمپنی کو اپنا جہاز کا راستہ بدلنے پر مجبور کرسکتا ہے۔ راستہ لمبا ہوتا ہے، ایندھن اور انشورنس کی لاگت بڑھتی ہے، ترسیل میں تاخیر ہوتی ہے اور اثر بالآخر صارف تک پہنچتا ہے۔ اسی لیے یمن صرف خانہ جنگی نہیں۔ یہ جغرافیہ، علاقائی طاقت، عالمی تجارت اور سب سے بڑھ کر انسانوں کا مسئلہ ہے۔ اس جنگ کو صرف شیعہ سنی تنازع، ایران سعودی پراکسی وار یا حوثیوں کی بغاوت کہنا مکمل تصویر نہیں۔ اس میں مقامی محرومی، اقتدار کی جنگ، ریاستی کمزوری، قبائلی سیاست، مذہبی شناخت، علاقائی رقابت اور عالمی مفادات سب شامل ہیں۔ اور سب سے پیچیدہ بات یہ ہے کہ یمن کے اندر بھی مستقبل کی ایک ہی تصویر نہیں۔ شمال جنوب قبائل، سیاسی دھڑے اور مسلح گروہ اپنے اپنے مفادات اور مطالبات رکھتے ہیں۔ اس لیے کسی بھی دیرپا حل کے لیے صرف بیرونی طاقتوں کا اتفاق کافی نہیں یمن کے اندر سیاسی سمجھوتا بھی ضروری ہوگا۔ اسی لیے ایک گروہ کو شکست دے کر مسئلہ ختم نہیں ہوگا۔ ایک میزائل روک کر امن قائم نہیں ہوگا۔ ایک صدر بدل کر ٹوٹی ہوئی سیاست درست نہیں ہوگی۔ اس کے لیے سیاسی سمجھوتا، مضبوط ریاستی ادارے معاشی بحالی اور سب سے بڑھ کر امن کا ارادہ چاہیے۔ مگر اس سب کے درمیان ایک ایسا ملک کھڑا ہے جس کے عام شہری نے سب سے زیادہ قیمت ادا کی ہے۔ ایک یمنی ماں سے پوچھیں کہ اسے باب المندب میں عالمی تجارت کی کتنی فکر ہے۔ وہ شاید کہے مجھے صرف یہ بتاؤں کہ میرا بچہ کل اسکول جائے گا یا نہیں۔ یہی جملہ یمن کی پوری جنگ کو سمجھا دیتا ہے۔ بڑی طاقتیں نقشے دیکھتی ہیں۔ جنرل میزائلوں کی رینج دیکھتے ہیں۔ حکومتیں سرحدیں دیکھتی ہیں کمپنیاں شپنگ روٹس دیکھتی ہیں۔ لیکن ایک یمنی باپ اپنے بچے کا چہرہ دیکھتا ہے۔ دنیا پوچھتی ہے کون جیت رہا ہے۔ یمن پوچھتا ہے جنگ کب ختم ہوگی۔ دنیا پوچھتی ہے کس کا اثر ورسوخ بڑھ رہا ہے۔ یمن پوچھتا ہے: ہمارے بچوں کا مستقبل کہاں ہے۔ شاید اسی فرق میں یمن کی پوری کہانی چھپی ہوئی ہے۔ جنگ کے اختتام پر کوئی بھی طاقت دعویٰ کرسکتی ہے کہ اس نے دشمن کو شکست دے دی۔ مگر اگر ایک بچہ بھوکا ہے، ایک ماں بے گھر ہے، ایک باپ اپنے بیٹے کی قبر پر بیٹھا ہے اور ایک پورا ملک اپنے مستقبل سے بے خبر ہے تو سوال باقی رہتا ہے۔ جنگ نے آخر حاصل کیا کیا۔ یمن میں شاید اصل لڑائی اس بات پر ہے کہ اس کا مستقبل بندوق طے کرے گی یا سیاست۔ اور جب تک اس سوال کا جواب نہیں ملتا باب المندب کی لہریں چلتی رہیں گی میزائل آتے جاتے رہیں گے اور ایک یمنی بچہ شاید ہر رات ایک ہی دعا کرے گا۔ یا اللہ کل صبح جنگ نہ ہو۔

اپنے کون؟!

اظہر زمان

اپنے کون؟ یہ سوال میں آپ سے نہیں اپنے آپ سے پوچھ رہا ہوں۔ یہ محض ایک اتفاق ہے کہ یہ سوال میرے ذہن میں ایک بار پھر ایک ایسے وقت ابھرا جب میری امی نواب بیگم کے اس دنیا سے رخصت ہونے کی تاریخ پانچ اکتوبر قریب ہے۔ ممکن ہے جب یہ کالم چھپے تو یہ تاریخ گزر چکی ہو۔ اس سے کچھ فرق نہیں پڑتا کہ ہمارا وہابیوں کا خاندان برسیاں نہیں مناتا اور میں برسی کسی اور وجہ سے نہیں مناتا کہ جس ماں کو ہر رات سونے سے پہلے چند آنسو پیش کرتا ہوں اس کی برسی کیا مناؤں۔ برسی تو وہ لوگ اپنے کسی پیارے کی منائیں جو سارا سال اسے بھلائے رکھتے ہیں۔ میں نے اپنی ماں کی یاد چھیڑ لی تو سارا موضوع میرے آنسوؤں میں بہہ جائے گا اس لئے خود پر قابو کرکے اس طرف آخر میں آؤں گا۔ پہلے اپنے سوال ''اپنے کون؟'' کی طرف آتا ہوں۔ اس سوال کا تعلق رشتوں سے ہے جو گھر سے شروع ہوکر خاندان، وسیع برادری اور پھر آپ کے سوشل سرکل کے دوستوں اور عزیزوں تک چلے جاتے ہیں۔ یہ سوشل یا سماجی سوال ہے اور میں نے سائنس کے بعد انگلش جرنلزم پڑھی اور اس موضوع کے اکیڈیمک علم سے محروم رہا۔ لیکن جب میں نے خواتین اور لڑکیوں کے حقوق کی اپنی تحریروں میں حمایت شروع کی تو ان کے اپنے گھروں اور رشتہ داروں کے معاملات کو سمجھنے کی کوشش کی۔ اس طرح میں نے ساتھ میں ''اپنے کون؟'' کے سوال کا جواب بھی تلاشتا رہا۔ ماں سے بڑھ کر تو کوئی اپنا نہیں ہوتا۔ میں نے ان کی زندگی کے آخری لمحے تک ان کی ویسی خدمت نہیں کی جیسی مجھے کرنی چاہیے تھی جس پر مجھے آج بھی شرمندگی ہے۔ لیکن مجھے ان کے سب سے بڑے بیٹے کو اس کی لاپروائی کے باوجود جو محبت ان کی طرف سے ملی وہ دوسرے، بہن بھائیوں کے حصے میں نہیں آئی۔ ان کے آئیڈیل سلوک کے باعث میں نے ''اپنے'' ہونے کا BENCHMARK مقرر کیا وہ بہت بلند تھا۔ اس پیمانے کے باعث رشتوں کے درجے کے حوالے سے میری توقعات بہت بڑھ گئیں اور پھر حساس بھی بہت ہوگیا کہ اپنے قریبی لوگوں کے رویوں کو حقیقت پسندی سے دیکھنے کی بجائے آئیڈیل طریقے سے پرکھتا تھا اور سچی بات یہ ہے کہ میں اس معاملے میں بہت خوش نصیب ہوں کہ اپنی ماں کے علاوہ خاندان میں اپنے بڑوں اور خاص طور پر بڑی خواتین یا بڑی بہنوں سے اتنا پیار ملا کہ ان کے سگے بچے حیران ہو جاتے کہ ''بھائی صاحب'' میں ایسی کیا خاص بات ہے کہ ان پر اتنی شفقتیں لٹائی جاتی ہیں۔ (مجھے اوکاڑہ کی وسیع ترفیملی میں بھائی صاحب کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے) میری کوئی خالہ نہیں تھی لیکن پھوپھیاں بہت تھیں۔ ممانیوں کو دور کا رشتہ سمجھا جاتا ہے لیکن مجھے اپنی تین ممانیوں، مامی زینب، مامی سردار بیگم اور مامی حسینی سے اتنا لاڈ پیار ملا کہ انہوں نے ممانیوں کے بارے میں سارے تصورات بدل دیئے تاہم یہ حقیقت ہے کہ عمومی طور پر جب بھی میں نے ''اپنے کون'' کا جواب تلاش کیا تو ہمیشہ کنفیوژ رہا۔ میں نے ''منہ بولے رشتوں'' کے بارے میں بہت ٹھوس طریقے سے اپنے ابتدائی تجربات کی بنیاد پر جو نتیجہ اخذ کیا اور جس کی اپنی تحریروں میں تشہیر کی وہ یہ تھا کہ قریبی گہرے رشتے کے لئے خونی رشتہ ہونا ضروری نہیں۔ میں اپنے کالموں میں اپنی پھوپھی زاد بڑی بہن باجی مسعودہ کا ذکر کئی مرتبہ کرچکا ہوں جو میرے لئے ہمیشہ بڑی بہن سے زیادہ ماں کی طرح تھیں انہیں مجھ سے اتنا پیار تھا کہ جب وہ تقریباً ایک سال کے عرصے کے لئے اپنے سیاست دان جاگیردار خاوند میاں نذیر احمد (اوکاڑہ شہر کے ایم پی اے) کے ہمراہ ساہیوال میاں عبدالحق کوٹھی میں منتقل ہوئیں تو وہ مجھے ہوسٹل سے اپنے گھر لے آئیں۔ دونوں میاں بیوی جیپ میں گورنمنٹ کالج ہوسٹل سے گھر لانے کے لئے پہنچ گئے۔ حالانکہ اس وقت باجی مسعودہ کا سگا چچازاد بھائی اور میاں نذیر احمد کا سگا بھانجا میاں فضل الٰہی بھی اسی ہوسٹل میں رہ رہا تھا لیکن وہ کوٹھی میں صرف مجھے لے کر آئے۔ منہ بولے رشتوں پر میرے اعتماد کو باجی مسعودہ کے روپے سے بہت تقویت ملی۔ حج 202 کیلئے سعودی عرب کا بڑا اقدام، بیرون ملک سے آنے والے عازمین کیلئے نیا جامع پیکیج متعارف کروا دیا میں نے بعد کی زندگی میں اپنے اوکاڑہ کے خاندان میں منہ بولے رشتے بنائے اور ان کو مثالی طریقے سے نبھایا۔ دوسری طرف سے بھی مجھے اکا دکا میں کوئی کمی محسوس نہیں ہوئی۔ لیکن کئی معاملات میں مجھے فرق محسوس ہوا۔ مطلب یہ کہ منہ بولا رشتہ ہونے کے باعث بہت مقامات پر مجھے محسوس ہوا کہ اگر میرا خونی رشتہ ہوتا تو شاید بہتر سلوک ہوتا میرا تھیسس یہ رہا جس کی میں نے خوب تشہیر بھی کی کہ قریبی رشتوں کے لئے خونی رشتہ ضروری نہیں۔ منہ بولے رشتے بھی اتنے قریبی ہو جاتے ہیں کہ خونی رشتوں سے بڑھ جاتے ہیں۔ میرا یہ تھیسس اب غلط ثابت ہو رہا ہے اس لئے اب میں دعوے سے نہیں کہہ سکتا کہ ''اپنے'' رشتے بنانے کے لئے ان کا خونی ہونا ضروری نہیں۔ لیکن اس تھوڑے سے تلخ تجربے کے بعد میں اب بھی یہ کہوں گا کہ منہ بولے رشتے بہت قیمتی ہوتے ہیں، اگر آپ ایسا رشتہ بنائیں تو انہیں خونی رشتوں سے بڑھ کر اہمیت دیں۔ ہوسکتا ہے آپ کا تجربہ بہتر ہو اور میرا تھیسس آپ کے معاملے میں درست ثابت ہو۔ رہا معاملہ میری امی نواب بیگم کا جو پانچ اکتوبر 1988ء کو اس دنیا سے رخصت ہوئیں۔ سچے کھرے، اصلی، بے لوث، مخلص رشتوں سے پہلی پہچان مجھے ان کے ذریعے ہوئی اسی لئے میں رشتوں کے بارے میں توقعات بلند رکھتا ہوں اور حساس بھی بہت ہوں۔ خواتین کے حقوق کے لئے آواز اٹھانے کا پہلا درس مجھے ان سے ملا۔ راوی کے بے تاج بادشاہ میاں چراغ دین کی بھتیجی (ترنتارن کے میاں رحیم بخش کی اکلوتی بیٹی) نواب بیگم نے اپنے تایا کے سامنے بیٹھ کر خواتین کے حقوق کی بات کی اور یہ واقعہ مجھے سنایا۔ خواتین اور لڑکیوں کے حقوق کے لئے لکھ کر میں دراصل اپنی امی کو ہی خراج عقیدت پیش کررہا ہوں۔ رات کافی ہوگئی ہے۔ کالم کی جگہ بھی ختم ہوگئی ہے۔ اور اب ان کو وہ چند آنسو بھی پیش کرنے میں جو لکھنے کے باعث رکے ہوئے تھے۔

نیٹ فلکس کی کرائم تھرلر نے دنیا بھر میں دھوم مچادی

فلم میں کازنسکی کے ہارورڈ میں گزارے گئے وقت اور ان متنازعہ نفسیاتی تجربات کا احاطہ کیا گیا ہے

نیویارک (آن لائن) نیٹ فلکس کی نئی کرائم تھرلر (Unabom)ber دنیا بھر میں سب سے زیادہ دیکھی جانے والی فلم بن گئی ہے۔ نیٹ فلکس کی نئی کرائم تھرلر فلم (Unabomber) تیزی سے اسٹریمنگ سروس کے عالمی فلم چارٹ میں سرفہرست آ گئی ہے اور ریلیز کے محض ایک دن بعد ہی پہلے نمبر پر براجمان ہے۔ فلم کی کاسٹ میں شیلین ووڈلی، اینابیل والس، الیگزینڈر لڈوگ، اسٹیون اوگ اور مارک مینیجا کا بھی شامل ہیں۔ فلکس پیٹرول کے مطابق رسل کرو اور جیکب ٹریمبلے کی اداکاری پر مبنی یہ فلم 25 ستمبر کو نیٹ فلکس پر ریلیز ہوئی اور اگلے ہی دن دنیا بھر میں پلیٹ فارم کی نمبر ون فلم بن گئی۔ کرائم تھرلر فلم نے امریکا، برطانیہ، آسٹریلیا، کینیڈا، جرمنی اور اٹلی سمیت کئی بڑی مارکیٹوں میں بھی دھوم مچادی ہے۔ اسکرین رینٹ نے نیٹ فلکس کی عالمی درجہ بندی میں فلم کے مقام کی بنیاد پر اس کی ابتدائی کارکردگی کو دنیا کی سب سے زیادہ دیکھی جانے والی فلم قرار دیا ہے۔ جینس میٹز کی ہدایت کاری میں بننے والی یہ فلم ٹیڈ کازنسکی (Kaczynski) کی کہانی بیان کرتی ہے جو امریکا میں بم دھماکوں کے سلسلے کا ذمہ دار ایک مقامی دہشت گرد تھا۔ فلم میں کازنسکی کے ہارورڈ میں گزارے گئے وقت اور ان متنازعہ نفسیاتی تجربات کا احاطہ کیا گیا ہے جن میں انہوں نے حصہ لیا تھا جس کے بعد فلم اس تفتیش کا رخ کرتی ہے جس کے نتیجے میں بالآخر اس کی گرفتاری عمل میں آئی۔ یہ بھی پڑھیں: ماورا حسین کی سادگی سے بھرپور سالگرہ، امیر گیلانی کیساتھ تصاویر نے مداحوں کے دل جیت لیے۔

ایران کا منفرد سفارتی انداز پربھاس کی باہوبلی' ویڈیو شیئر کردی

اس منظر میں پربھاس کا کردار باہوبلی کالکیا فوج کے خلاف جنگ میں اپنی فوج کی قیادت کرتا دکھائی دیتا ہے

تہران (آن لائن) ایرانی قونصل خانے نے اپنے ایک سفارتی پیغام کو بھارتی سنیما کے مقبول ترین ایکشن مناظر میں سے ایک سے جوڑتے ہوئے اداکار پربھاس کی مشہور فلم 'باہوبلی: دی بگننگ' کا جنگی منظر سوشل میڈیا پر شیئر کردیا۔ حیدرآباد میں قائم ایرانی قونصل خانے کی جانب سے شیئر کی گئی ویڈیو میں پربھاس کے کردار کو کالکیا فوج کے خلاف جنگ میں اپنی فوج کی قیادت کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ قونصل خانے نے یہ ویڈیو ایرانی صدر مسعود پزشکیان کے 23 ستمبر کو نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس سے خطاب کے بعد سوشل میڈیا پر جاری کی۔ ویڈیو کے ساتھ صدر مسعود پزشکیان سے منسوب پیغام بھی درج کیا گیا، جس میں کہا گیا کہ ایران اپنا سر نہیں جھکائے گا اور گھٹنے نہیں ٹیکے گا۔ ایرانی قونصل خانے نے جس منظر کا انتخاب کیا، وہ ایس ایس راجامولی کی 2015 میں ریلیز ہونے والی فلم 'باہوبلی: دی بگننگ' کے نمایاں ایکشن مناظر میں شامل ہے۔ اس منظر میں پربھاس کا کردار باہوبلی کالکیا فوج کے خلاف جنگ میں اپنی فوج کی قیادت کرتا دکھائی دیتا ہے۔ فلم میں یہ منظر مزاحمت، جنگ اور قیادت کے پس منظر میں پیش کیا گیا تھا۔ ایرانی قونصل خانے کی جانب سے اس معروف فلمی منظر کو سفارتی پیغام کے ساتھ جوڑنے کے بعد ویڈیو نے سوشل میڈیا پر خاصی توجہ حاصل کی اور بھارتی سنیما کے مداحوں سمیت صارفین کی نظروں میں آگئی۔ یہ پہلا موقع نہیں کہ مقبول فلمی مناظر یا ثقافتی حوالوں کو سیاسی اور سفارتی پیغامات کے اظہار کے لیے استعمال کیا گیا ہو، تاہم 'باہوبلی' کے اس مخصوص منظر کے انتخاب نے ایرانی قونصل خانے کی پوسٹ کو خاص طور پر نمایاں کردیا۔

اکشے کھنہ نے ممبئی کے مالابار ہل میں ایک ارب کا گھر خرید لیا

ممبئی کا مالابار ہل شہر کے مہنگے اور معروف رہائشی علاقوں میں شمار ہوتا ہے

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار اکشے کھنہ نے ممبئی کے معروف علاقے مالابار ہل میں کروڑوں روپے مالیت کا لگژری اپارٹمنٹ خرید لیا ہے۔ پراپرٹی رجسٹریشن دستاویزات کے مطابق اداکار نے اس گھر کے لیے 33.26 کروڑ بھارتی روپے ادا کیے ہیں، جو پاکستانی روپوں میں تقریباً ایک ارب کے برابر ہیں۔ یہ لین دین ستمبر 2026 میں رجسٹر ہوا۔ دستاویزات کے مطابق اپارٹمنٹ کا کارپٹ ایریا 2,341.39 مربع فٹ ہے، جبکہ اس کے ساتھ 17545 مربع فٹ کا بالکنی ایریا بھی موجود ہے۔ یوں کارپٹ اور بالکنی کو ملا کر مجموعی رقبہ 2,516.84 مربع فٹ بنتا ہے۔ پراپرٹی کے ساتھ تین پارکنگ یونٹس بھی شامل ہیں۔ اس مہنگی پراپرٹی ڈیل پر تقریباً 1.99 کروڑ روپے اسٹامپ ڈیوٹی ادا کی گئی، جبکہ رجسٹریشن فیس 30 ہزار روپے رہی۔ پراپرٹی 30 منزل گھر، مالابار ہل روڈ پر واقع ہے۔ ممبئی کا مالابار ہل شہر کے مہنگے اور معروف رہائشی علاقوں میں شمار ہوتا ہے۔ جنوبی ممبئی میں واقع اس علاقے کی خاص بات اس کا سمندر سے قریب ہونا اور شہر کے اہم کاروباری و تفریحی مراکز تک آسان رسائی ہے۔ نیپئین سی روڈ، والکیشور روڈ اور پیڈر روڈ کے ذریعے یہ علاقہ میرین ڈرائیو، نریمان پوائنٹ اور کولابا جیسے اہم مقامات سے جڑا ہوا ہے۔ اکشے کھنہ کئی دہائیوں پر محیط فلمی کیریئر میں مختلف نوعیت کے کردار نبھا چکے ہیں۔ حالیہ عرصے میں دھرندھر میں رحمان ڈکیت کے کردار نے بھی انہیں خاص توجہ دلائی۔ فلم میں ان کی مکالموں کی ادائیگی، کردار کی شدت اور منفرد اسکرین موجودگی کو ناظرین نے نمایاں طور پر سراہا۔ اس کے علاوہ وہ چھاوا میں وکی کوشل کے مقابل اورنگزیب کے کردار میں بھی نظر آئے تھے۔ ممبئی کا مالابار ہل شہر کے مہنگے اور معروف رہائشی علاقوں میں شمار ہوتا ہے۔

دلجیت نے حق ادا کردیا' راحت فتح علی خان کی تعریف

دلجیت نے اتنے بڑے بین الاقوامی اسٹیج پر نصرت فتح علی خان کے گانے کو پیش کیا اور انہیں خراج تحسین دیا

کراچی (آن لائن) پاکستان کے معروف گلوکار راحت فتح علی خان نے بھارتی پنجابی گلوکار دلجیت دوسانجھ کی جانب سے استاد نصرت فتح علی خان کو خراج تحسین پیش کرنے کو سراہا ہے۔ راحت فتح علی خان برصغیر کے معروف گلوکاروں میں شمار ہوتے ہیں اور انہوں نے اپنے خاندان کی موسیقی کی روایت کو آگے بڑھایا۔ وہ پاکستان کے ساتھ ساتھ بھارت اور دنیا کے مختلف ممالک میں بھی اپنی آواز کا جادو جگا چکے ہیں۔ بھارتی پنجابی گلوکار دلجیت دوسانجھ اپنے عالمی میوزک ٹورز اور بڑے بین الاقوامی کنسرٹس کے باعث بھی خاصی شہرت رکھتے ہیں۔ حال ہی میں ایک کنسرٹ کے دوران دلجیت دوسانجھ نے 'سانسوں کی مالا' پیش کی اور استاد نصرت فتح علی خان کو خراج تحسین پیش کیا۔ دلجیت کی یہ پرفارمنس سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہوئی اور دنیا بھر میں موسیقی کے شائقین نے اسے سراہا۔ دلجیت دوسانجھ کی پرفارمنس پر ردعمل دیتے ہوئے راحت فتح علی خان نے ایک میڈیا گفتگو میں ان کی کھل کر تعریف کی۔ راحت فتح علی خان نے کہا کہ بہت سے فنکار استاد نصرت فتح علی خان کے گائے ہوئے کلام کو پیش کرچکے ہیں، تاہم دلجیت دوسانجھ نے جس انداز میں یہ گانا پیش کیا، وہ قابل تعریف ہے۔ انہوں نے خاص طور پر اس بات کو سراہا کہ دلجیت نے اتنے بڑے بین الاقوامی اسٹیج پر نصرت فتح علی خان کے گانے کو پیش کیا اور انہیں خراج تحسین دیا۔ راحت فتح علی خان کے مطابق دلجیت کی اس کوشش نے استاد نصرت فتح علی خان کی موسیقی کو ایک بڑے عالمی سامعین تک پہنچانے میں بھی کردار ادا کیا۔

عبداللہ کدوانی کے بیٹے کی ہیرو کے طور پر انٹری، سوشل میڈیا پر ڈرامے کے ٹیزر جاری، شائقین کی توجہ کا مرکز بن گئے

یہ تبصرے سوشل میڈیا صارفین کی آراء ہیں اور ان سے ڈرامے یا اداکار کی کامیابی کے بارے میں حتمی نتیجہ اخذ نہیں کیا جاسکتا

کراچی (آن لائن) نجی ٹی وی کے آنے والے ڈرامے 'محبت' کے ٹیزرز سوشل میڈیا پر جاری ہوتے ہی شائقین کی توجہ کا مرکز بن گئے ہیں۔ ڈرامے میں عید آصف اور شاہویر کدوانی مرکزی نوجوان جوڑی کے طور پر نظر آئیں گے، جبکہ ڈرامے میں فیروز خان بھی اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ شاہویر کدوانی پروڈیوسر عبداللہ کدوانی کے بیٹے ہیں اور 'محبت' میں متوازی مرکزی کردار ادا کر رہے ہیں۔ ڈرامے کے ایک ٹیزر میں انہیں عید آصف کے ساتھ فلم 'عاشقی 2' کے ایک مقبول منظر کو دوبارہ پیش کرتے ہوئے دیکھا گیا، جس کے بعد سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے مختلف ردعمل سامنے آئے۔ کچھ صارفین نے ان کی اسکرین پریزنس اور رومانوی ہیرو کے کردار پر تنقید کی، جبکہ بعض نے ان کی عمر اور کردار کی مناسبت پر بھی سوالات اٹھائے۔ ٹیزرز دیکھنے کے بعد بعض صارفین نے شاہویر کدوانی کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ ایک صارف نے لکھا کہ وہ اسکول کے بچے جیسے دکھائی دیتے ہیں۔ ایک اور صارف نے انہیں 'سفارش کے ذریعے کام حاصل کرنے والا' قرار دیا، جبکہ ایک تبصرے میں کہا گیا کہ ان کے والد انہیں مسلسل مواقع دیتے رہیں گے یہاں تک کہ وہ ہیرو بن جائیں۔ یہ تبصرے سوشل میڈیا صارفین کی آراء ہیں اور ان سے ڈرامے یا اداکار کی کامیابی کے بارے میں حتمی نتیجہ اخذ نہیں کیا جاسکتا۔ 'محبت' کی مکمل کہانی اور عید آصف اور شاہویر کدوانی کی جوڑی کو ناظرین کی جانب سے کیسا ردعمل ملتا ہے، یہ ڈرامے کی باقاعدہ نشریات شروع ہونے کے بعد ہی واضح ہوگا۔

سشانت سنگھ راجپوت کی موت پر بہن کا نیا دعویٰ، پوسٹ مارٹم سے متعلق اہم انکشاف

پوسٹ مارٹم کرنے والے ایک شخص نے بتایا کہ سشانت پستول استعمال ہوئی تھی اور اداکار کی ٹانگ بھی ٹوٹی ہوئی تھی

ممبئی (آن لائن) بالی ووڈ اداکار سشانت سنگھ راجپوت کی بہن شویتا سنگھ کیرتی نے اپنے بھائی کی موت کے معاملے پر ایک بار پھر نئے دعوے کیے ہیں۔ ایک حالیہ ویڈیو میں شویتا نے کہا کہ سشانت کا پوسٹ مارٹم کرنے والے ایک شخص نے انہیں بتایا تھا کہ واقعے میں پستول استعمال ہوئی تھی اور اداکار کی ٹانگ بھی ٹوٹی ہوئی تھی۔ شویتا کے مطابق انہیں مذکورہ شخص سے ایسی معلومات بھی ملی تھیں جن میں سشانت کے جسم پر مبینہ طور پر شدید طاقت استعمال کیے جانے کا ذکر تھا۔ انہوں نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ ان کے بھائی کی آنکھوں کو نقصان پہنچایا گیا تھا۔ شویتا نے گفتگو کے دوران اس شخص کا نام ظاہر نہیں کیا جس کے بارے میں وہ کہتی ہیں کہ اس نے انہیں پوسٹ مارٹم سے متعلق معلومات فراہم کی تھیں۔ انہوں نے یہ بھی تفصیل نہیں بتائی کہ یہ معلومات انہیں کب اور کن حالات میں دی گئیں۔ اس لیے ویڈیو میں بیان کیے گئے یہ دعوے شویتا کے مؤقف کے طور پر سامنے آئے ہیں اور ان کی آزادانہ تصدیق اس گفتگو میں پیش نہیں کی گئی۔ 'اپنے لیے معاف کرنا آسان ہوسکتا ہے، اپنوں کے لیے نہیں' اپنے بھائی کے ساتھ پیش آنے والے واقعے کا ذکر کرتے ہوئے شویتا جذباتی بھی نظر آئیں۔ انہوں نے کہا کہ جب تکلیف یا کوئی واقعہ خود انسان کے ساتھ پیش آئے تو بعض اوقات ذمہ دار شخص کو معاف کرنے کی گنجائش پیدا ہوسکتی ہے، لیکن جب معاملہ کسی ایسے شخص سے متعلق ہو جس سے آپ بے حد محبت کرتے ہوں تو اسے معاف کرنا کہیں زیادہ مشکل ہو جاتا ہے۔ شویتا کا کہنا تھا کہ وہ اپنے دل میں نفرت، انتقام یا رنجش کو جگہ نہیں دینا چاہتیں۔ ان کے مطابق وہ اپنی زندگی محبت، ایمان اور نیکی کے راستے پر گزارنا چاہتی ہیں اور خدا کے لیے کھڑے رہنے پر یقین رکھتی ہیں۔ سشانت سنگھ راجپوت جو 2020 میں ممبئی میں مردہ پائے گئے تھے۔ ان کی موت کے حالات کے حوالے سے گزشتہ کئی برسوں کے دوران مختلف دعوے اور سوالات سامنے آتے رہے ہیں۔ شویتا سنگھ کیرتی بھی متعدد مواقع پر اپنے بھائی کی موت کے حوالے سے سوالات اٹھاتی رہی ہیں اور اپنے حالیہ بیان میں بھی انہوں نے کہا کہ وہ ان سوالات کے جوابات تلاش کرنے کی کوشش جاری رکھے ہوئے ہیں۔ تاہم حالیہ ویڈیو میں سامنے آنے والے پوسٹ مارٹم سے متعلق دعوؤں کی آزادانہ تصدیق پیش نہیں کی گئی، اس لیے انہیں حتمی حقیقت کے طور پر بیان نہیں کیا جاسکتا۔

پاکستان ہاکی لیگ کا باضابطہ افتتاح 14 اکتوبر 2026 کو اسلام آباد میں ہوگا

لیگ ایف آئی ایچ ہاکی پرو لیگ اور انڈین ہاکی لیگ کی طرز پر تشکیل دی جارہی ہے، پہلے سیزن میں 6 سے 8 فرنچائز ٹیمیں شامل ہوں گی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں قومی کھیل کے احیا اور جدید خطوط پر استوار کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت کے طور پر پاکستان ہاکی لیگ کا باضابطہ افتتاح 14 اکتوبر 2026 کو اسلام آباد میں ہوگا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق پاکستان ہاکی فیڈریشن (پی ایچ ایف) کی جانب سے ملک میں ہاکی کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر اور جدید بنانے کی کوششوں کا یہ ایک تازہ ترین اقدام ہے۔ پی ایچ ایف نے رواں سال کے شروع میں ایک مسابقتی بولی کے عمل کے بعد اس کے حقوق میڈیا کاسٹ کے سپرد کیے تھے۔ اب پی ایچ ایف اور میڈیا کاسٹ 2027 میں پی ایچ ایل کے پہلے سیزن کے آغاز کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں۔ یہ لیگ ایف آئی ایچ ہاکی پرو لیگ اور انڈین ہاکی لیگ کی طرز پر تشکیل دی جارہی ہے اور قوی امکان ہے کہ اس کے پہلے سیزن میں 6 سے 8 فرنچائز ٹیمیں شامل ہوں گی۔ لیگ میں دنیا کے نامور بین الاقوامی کھلاڑیوں کو پاکستانی کھلاڑیوں کے ساتھ کھیلنے کے لیے سائن کیا جائے گا، جس سے ہمارے کھلاڑیوں کو بہترین بین الاقوامی صلاحیتوں کے حامل کھلاڑیوں کے ساتھ ڈریسنگ روم شیئر کرنے کا موقع ملے گا۔ یہ لیگ فرنچائز مالکان اور کارپوریٹ سپانسرز کی شکل میں نجی شعبے کے شراکت داروں کو بھی متوجہ کرے گی، جس کے نتیجے میں ملک بھر میں ہاکی کے فروغ کے لیے درکار تجارتی معاونت اور مارکیٹنگ حاصل ہوگی۔ پی ایچ ایل پاکستانی ہاکی پیشہ ور افراد کو تجربہ کار بین الاقوامی ماہرین کے ساتھ کام کرنے اور ایسی مہارت پیدا کرنے کا موقع بھی فراہم کرے گی۔

ارشد ندیم کا ٹوکیو میں شاندار استقبال، پاکستانی کمیونٹی کی جانب سے پروقار عشائیہ

قومی کھلاڑی ہمارے ہیروز ہیں۔ مشکل وقت میں بھی اپنے کھلاڑیوں کو اسی طرح حمایت اور حوصلہ افزائی دینی چاہیے

ٹوکیو (این این آئی) پاکستان کے اسٹار ایتھلیٹ ارشد ندیم کی ٹوکیو آمد پر پاکستانی کمیونٹی نے ان کا شاندار استقبال کیا۔ مسلم لیگ (ن) جاپان کے صدر ملک نور اعوان اور اوور سیز پاکستانیز فاؤنڈیشن کے چیئرمین کے ایڈوائزر اسد نواز خان نے ان کے اعزاز میں عشائیے کا اہتمام کیا۔ میزبانوں میں سکندر پیپہ اور حشمت نواز بھی شامل تھے، جبکہ جاپان میں پاکستان کے قائم مقام سفیر حسنین حیدر تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ حسنین حیدر نے ارشد ندیم کی خدمات اور پاکستان کے لیے ان کی کامیابیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ قومی کھلاڑی ہمارے ہیروز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مشکل وقت میں بھی اپنے کھلاڑیوں کو اسی طرح حمایت اور حوصلہ افزائی دینی چاہیے جس طرح کامیابی کے موقع پر ان کی پذیرائی کی جاتی ہے، کسی ایک مقابلے کا نتیجہ ان کی محنت اور قومی خدمات کی اہمیت کم نہیں کرتا۔ ملک نور اعوان نے ارشد ندیم کو خوش آمدید کہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ آئندہ مقابلوں میں پاکستان کے لیے مزید تمغے حاصل کریں گے اور اسد نواز خان نے بھی ان کی جدوجہد کو سراہا۔ تقریب میں ارشد ندیم کے کوچ و منیجر سلمان اقبال بٹ، چوہدری اکرام، بغداد شاہ، شیخ عامر، الحاج فواد، علامہ شکیل ثانی، سید سلیم شاہ، منصور الٰہی، ان کے صاحبزادے بلال الٰہی اور سینئر نعت خواں ثاقب سمیت پاکستانی کمیونٹی کی متعدد شخصیات شریک ہوئیں۔ ارشد ندیم نے استقبال اور میزبانی پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ جیتنے والے کو سب سراہتے ہیں۔

بنگلہ دیش کیخلاف آسٹریلوی ٹیم کی قیادت تہلیا میک گرا کریں گی، مولینیو اور ہیملٹن باہر

آسٹریلیا کو امید ہے کہ وہ بگ بیش لیگ کے کچھ میچز کے لیے دستیاب ہوسکتی ہیں

سڈنی (این این آئی) آسٹریلیا کی خواتین کرکٹ ٹیم کی کپتان صوفی مولینیو اور لوسی ہیملٹن انجریز کے باعث بنگلہ دیش کے خلاف 3 ایک روزہ بین الاقوامی میچز کی سیریز سے باہر ہوگئی ہیں تاہم دونوں کے نیوزی لینڈ کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز تک فٹ ہونے کی امید ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق آسٹریلیا نے دونوں سیریز کے لئے 14 رکنی مشترکہ سکواڈ کا اعلان کیا ہے، بنگلہ دیش کے خلاف ایک روزہ سیریز 9 سے 14 اکتوبر تک برسبین میں کھیلی جائے گی، جس میں تہلیا میک گرا ٹیم کی قیادت کریں گی۔ اگر صوفی مولینیو نیوزی لینڈ کے خلاف 18 سے 22 اکتوبر تک سڈنی میں ہونے والی ٹی ٹوئنٹی سیریز کے لیے مکمل فٹ نہ ہوئیں تو نائب کپتان ایشلی گارڈنر قیادت سنبھالیں گی۔ صوفی مولینیو کولہے کی انجری کے باعث ایک روزہ سیریز سے باہر ہوئی ہیں۔ قومی سلیکٹر شان فلیگلر کے مطابق انجری میں بہتری آ رہی ہے تاہم وہ بنگلہ دیش کے خلاف میچز کے لیے مکمل فٹ نہیں ہیں۔ لوسی ہیملٹن کو ٹریننگ کے دوران ران کے پٹھے میں معمولی کھنچاؤ کا سامنا کرنا پڑا، تاہم ان کے نیوزی لینڈ کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز تک فٹ ہونے کی توقع ہے۔ فاسٹ بالر ڈارسی براؤن کمر کی انجری کے باعث دونوں سیریز سے باہر ہیں۔ ان کی انجری کے باعث 10 ہفتوں تک کرکٹ سے دور رہنے کا خدشہ ہے، تاہم آسٹریلیا کو امید ہے کہ وہ بگ بیش لیگ کے کچھ میچز کے لیے دستیاب ہوسکتی ہیں۔ بنگلہ دیش کے خلاف سیریز کے لیے آسٹریلیا کے پاس فی الحال 12 کھلاڑی دستیاب ہیں۔ سلیکٹرز ویمنز نیشنل کرکٹ لیگ کے آئندہ میچز کے بعد ایک اضافی کھلاڑی سکواڈ میں شامل کرنے پر غور کررہے ہیں۔ دوسری جانب ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کی فاتح ٹیم کا حصہ رہنے والی گریس ہیرس کو دونوں سیریز کے لیے سکواڈ میں شامل نہیں کیا گیا۔ سلیکٹر شان فلیگلر نے کہا کہ محدود سکواڈ اور ورلڈکپ کے دوران کم مواقع کے باعث گریس ہیرس کا انتخاب نہ ہونا بدقسمتی ہے، تاہم وہ مستقبل کے لیے ٹیم کی منصوبہ بندی میں شامل ہیں۔

سلمان علی آغا اور شاہین آفریدی کو ٹی ٹوئنٹی ٹیم سے بھی نکالے جانے کا امکان

سلیکٹرز ایشین گیمز میں نوجوان کھلاڑیوں کی پرفارمنس پر نظر رکھے ہوئے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) سری لنکا کے خلاف ٹی ٹوئنٹی اور سہ ملکی سیریز کے لیے پاکستان کی ٹیموں کا اعلان رواں ہفتے متوقع ہے۔ ذرائع کے مطابق سلیکشن کمیٹی نے مجوزہ ناموں پر ابتدائی مشاورت کی ہے، صاحبزادہ فرحان کو ٹی ٹوئنٹی ٹیم کا کپتان بنائے جانے کا قوی امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق صاحبزادہ فرحان کو کپتان بنائے جانے کی صورت میں ٹی ٹوئنٹی سیریز میں سلمان علی آغا ٹیم کا حصہ نہیں ہوں گے۔ اس کے علاوہ ٹی ٹوئنٹی ٹیم میں شاہین شاہ آفریدی اور حارث رؤف کا انتخاب بھی مشکل دکھائی دے رہا ہے۔ البتہ فخر زمان کی واپسی یقینی لگ رہی ہے۔ سلیکٹرز ایشین گیمز میں نوجوان کھلاڑیوں کی پرفارمنس پر نظر رکھے ہوئے ہیں، مجوزہ کھلاڑیوں کی فہرست کو حتمی شکل ایشین گیمز کے سیمی فائنل کے بعد ہوگی۔ دوسری جانب ون ڈے ٹیم میں شاہین شاہ آفریدی اور بابر اعظم کا انتخاب امکان ہے۔ ڈومیسٹک سیزن میں کھلاڑیوں کی مصروفیات اور ایشین گیمز کی وجہ سے الگ سے کیمپ نہیں لگے گا۔ وائٹ بال ٹیموں میں منتخب کردہ کھلاڑی براہ راست راولپنڈی میں ٹیم ہوٹل میں رپورٹ کریں گے۔ سری لنکن ٹیم 4 اکتوبر کو پاکستان پہنچے گی۔ پاکستان اور سری لنکا کے درمیان پہلا ٹی ٹوئنٹی 9 اکتوبر کو کھیلا جائے گا۔ دوسرا ٹی ٹوئنٹی 11 اکتوبر، تیسرا ٹی ٹوئنٹی 13 اکتوبر کو راولپنڈی میں کھیلا جائے گا۔ ٹی ٹوئنٹی سیریز کے بعد پاکستان، انگلینڈ اور سری لنکا کی ٹیمیں سہ ملکی ایک روزہ سیریز میں حصہ لیں گی۔ سری لنکا کیخلاف ون ڈے میچز کے لیے پاکستانی ٹیم کا اعلان بعد میں ہوگا۔

ایشین گیمز، پاکستان نے جنوبی کوریا کو ہرا کر اسکواش سیمی فائنل میں جگہ بنالی

محمد اشعب عرفان اور نور زمان نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ٹیم کو فیصلہ کن برتری دلائی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان نے 20 ویں ایشین گیمز کے مردوں کے اسکواش ٹیم ایونٹ کے کوارٹر فائنل میں جنوبی کوریا کو 2-0 سے شکست دے کر سیمی فائنل میں جگہ بنالی ہے۔ پاکستان کی جانب سے محمد اشعب عرفان اور نور زمان نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ٹیم کو فیصلہ کن برتری دلائی۔ مردوں کے سنگلز مقابلوں میں پہلے ہی کانسی کا تمغہ جیتنے والے محمد اشعب عرفان نے پاکستان کو کامیاب آغاز فراہم کیا۔ انہوں نے جنوبی کوریا کے جو یونگ نا کو براہ راست 3 گیمز میں 11-5، 11-8 اور 11-8 سے شکست دی۔ عرفان نے پہلے گیم میں ابتدا ہی سے برتری قائم رکھی اور 11-5 سے کامیابی حاصل کی، دوسرے اور تیسرے گیم میں جنوبی کوریائی کھلاڑی نے مزاحمت کی۔ تاہم عرفان نے اعصاب پر قابو رکھتے ہوئے دونوں گیمز بھی 11-8 کے یکساں اسکور سے جیت لیے۔ اس کامیابی کے ساتھ پاکستان کو کوارٹر فائنل میں 1-0 کی برتری حاصل ہوگئی۔ پاکستان کو سیمی فائنل میں پہنچنے کے لیے صرف ایک اور کامیابی درکار تھی اور نور زمان نے فیصلہ کن مقابلے میں ٹیم کی توقعات پوری کردیں۔ پاکستان کے اعلیٰ درجہ رکھنے والے کھلاڑی نے جنوبی کوریا کے سیو جن اوہ کو 11-4، 11-5، 8-11 اور 11-2 سے شکست دے کر پاکستان کی کامیابی یقینی بنادی۔ نور زمان نے پہلے 2 گیمز میں جارحانہ کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے 2-0 کی برتری حاصل کرلی۔ تاہم جنوبی کوریا کے اوہ نے تیسرے گیم میں عمدہ واپسی کی اور 11-8 سے کامیابی حاصل کرکے مقابلے میں اپنی ٹیم کی امیدیں برقرار رکھیں۔ نور زمان نے چوتھے گیم میں دوبارہ کھیل پر مکمل گرفت حاصل کرلی۔ انہوں نے 11-2 سے گیم جیت کر میچ اپنے نام کیا اور پاکستان کو کوارٹر فائنل میں 2-0 سے کامیابی دلا دی۔ پاکستان کی ٹیم میں ناصر اقبال بھی شامل تھے، تاہم پہلے دونوں میچوں میں پاکستان کی کامیابی کے بعد فیصلہ کن تیسرا مقابلہ کھیلنے کی ضرورت پیش نہیں آئی۔

ویرات کوہلی نے ایک ہی میچ میں کئی نئے ریکارڈ اپنے نام کرلیے

اب وہ اپنے ملک میں سب سے زیادہ بین الاقوامی سنچریاں بنانے کے ٹنڈولکر کے ریکارڈ کو پیچھے چھوڑنے سے بھی صرف ایک سنچری دور ہیں

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کے اسٹار بیٹر ویرات کوہلی نے ویسٹ انڈیز کے خلاف پہلے ون ڈے میں ناقابل شکست 139 رنز کی شاندار اننگز کھیل کر کئی نئے ریکارڈ اپنے نام کرلیے۔ تفصیلات کے مطابق ویرات کوہلی نے نا صرف ون ڈے کرکٹ میں اپنی 55 ویں سنچری مکمل کی بلکہ ویسٹ انڈیز کے خلاف سب سے زیادہ بین الاقوامی سنچریاں بنانے کے معاملے میں سابق بھارتی کپتان سنیل گواسکر کا ریکارڈ بھی برابر کردیا۔ سنیل گواسکر نے اپنے کیریئر میں ویسٹ انڈیز کے خلاف 38 میچز میں 13 سنچریاں بنائی تھیں اور اب ویرات کوہلی نے 74 میچز میں اپنی 13 ویں سنچری اسکور کر کے ان کا ریکارڈ برابر کردیا۔ ویرات کوہلی نے اس اننگز کے دوران بھارتی لیجنڈ سچن ٹنڈولکر کے 2 بڑے ریکارڈ بھی اپنے نام کیے ہیں۔ انہوں نے ون ڈے کرکٹ کی تاریخ میں تیز ترین 15 ہزار رنز مکمل کرنے کا ریکارڈ بھی بنایا جو کہ اس سے قبل سچن ٹنڈولکر کے پاس تھا۔ علاوہ ازیں ویرات کوہلی نے ون ڈے فارمیٹ میں بھارتی سرزمین پر سب سے زیادہ رنز بنانے کا سچن ٹنڈولکر کا ریکارڈ بھی توڑ دیا۔ سچن ٹنڈولکر نے بھارت میں کھیلے گئے ون ڈے میچوں میں 6 ہزار 976 رنز بنائے تھے، جب کہ ویرات کوہلی نے اپنے رنز کی تعداد 7 ہزار 6 تک پہنچادی۔ کوہلی نے ترواننت پورم میں کھیلی گئی اپنی اننگز کے دوران ایک اور منفرد ریکارڈ بھی قائم کیا۔ انہوں نے اس میدان میں ون ڈے کرکٹ کے دوران آؤٹ ہوئے بغیر مجموعی طور پر 338 رنز بنالیے، جو کسی ایک میدان میں آؤٹ ہوئے بغیر بنائے گئے سب سے زیادہ رنز کا ریکارڈ ہے۔ اس کے ساتھ ہی ویرات کوہلی نے لسٹ اے کرکٹ میں 59 سنچریاں مکمل کرکے سچن ٹنڈولکر کی برابری بھی کرلی۔ اب وہ اپنے ملک میں سب سے زیادہ بین الاقوامی سنچریاں بنانے کے سچن ٹنڈولکر کے ریکارڈ کو پیچھے چھوڑنے سے بھی صرف ایک سنچری دور ہیں۔ واضح رہے کہ بھارت نے پہلے ون ڈے میں ویسٹ انڈیز کو 8 وکٹوں سے شکست دے کر 3 میچز کی سیریز میں 1-0 کی برتری حاصل کرلی ہے۔

بقیہ صباح 1

کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، پاکستان بین الاقوامی قانون کے مطابق اپنے قومی مفادات کا دفاع جاری رکھے گا، سندھ طاس معاہدے کی حیثیت میں یکطرفہ تبدیلی کے وسیع تر اثرات دنیا بھر میں سرحد پار پانیوں کے انتظام پر مرتب ہو سکتے ہیں، عالمی برادری کو اس معاملے کی حساسیت کا ادراک کرنا ہوگا۔ وہ بدھ کو یہاں انسٹیٹیوٹ آف سٹریٹجک سٹڈیز اسلام آباد (آئی ایس ایس آئی) میں پانی کا بطور ہتھیار استعمال، سندھ طاس معاہدے کی معطلی کے تاریخی، قانونی و تزویراتی پہلو کے موضوع پر خصوصی رپورٹ کی تقریب رونمائی سے خطاب کر رہے تھے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہم اپنی شناخت دریائے سندھ کے پانیوں سے وابستہ سمجھتے ہیں، سندھ طاس معاہدے کے وجود میں آنے اور دو فریقوں کے درمیان دستخط کے وقت شاید یہ تصور بھی نہیں کیا گیا ہوگا کہ چند دہائیوں بعد ایسا وقت بھی آئے گا جب بھارت قانونی تقاضوں سیاسی علم اور اخلاقی اقدار سے عاری ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ طاس معاہدہ شرائط و ضوابط کا تعین کرنے والا قانونی فریم ورک ہے اور دستخط کے بعد دونوں فریقین پر قانونی طور پر قابل نفاذ اور لازم ہے، جب معاہدے میں یہ شرط ہی موجود ہو کہ اسے یکطرفہ طور پر منسوخ، ختم یا تبدیل نہیں کیا جا سکتا تو اس سے پاکستان کے موقف کو قانونی تقویت اور جواز ملتا ہے۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ معاہدے کو نہ تو یکطرفہ طور پر تبدیل، ختم یا منسوخ کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی اسے معطل کیا جا سکتا ہے، کسی تنازع کی صورت میں بھی دونوں فریق معاہدے کی شرائط و ضوابط پر عمل کرنے کے پابند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگست 2025 میں عالمی ثالثی عدالت نے پاکستان کے اس موقف کو قانونی جواز اور تقویت دی کہ معاہدے کی حیثیت کو یکطرفہ طور پر تبدیل کرنے کی کوئی کوشش نہیں کی جا سکتی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان نے اس معاملے کو سفارتی انداز میں آگے بڑھایا، عالمی برادری سے رابطہ کر کے اپنا قانونی اور سفارتی موقف پیش کیا اور ایک ایسی ریاست کے طور پر اپنا مقدمہ پیش کیا جو دوسروں کے حقوق کا احترام کرتی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حال ہی میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ سندھ طاس معاہدہ پاکستان اور خطے کے عوام کے لیے زندگی کی شہ رگ ہے اور اس حق کو غصب کرنے کی کسی بھی کوشش کو جنگی اقدام تصور کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے پاکستان کا موقف بالکل واضح ہے۔ دفتر خارجہ اور وزارت اطلاعات و نشریات نہ صرف عالمی اداروں بلکہ خطے کے ممالک کے ساتھ بھی رابطے میں ہیں کیونکہ سندھ طاس معاہدہ خطے میں امن اور استحکام کا ذریعہ ہے۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ بھارت اپنے غیر قانونی اقدامات کے دفاع کے لیے [illegible] سرحد پار دہشت گردی کو جواز کے طور پر پیش کرتا ہے، تاہم پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہزاروں جانوں کی قربانیاں دی ہیں جبکہ گزشتہ کئی دہائیوں کے دوران پاکستان کو 150 ارب ڈالر سے زائد کے معاشی نقصانات کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں جب کوئی پاکستانی اپنی جان کا نذرانہ پیش کرتا ہے تو وہ صرف پاکستان کے تحفظ کے لئے نہیں بلکہ پوری دنیا کو زیادہ محفوظ بنانے کے لئے ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان دہشت گردی کی جنگ میں صف اول کا کردار ادا کر رہا ہے جبکہ دوسری جانب بھارت جس نے سندھ طاس معاہدہ غیر قانونی طور پر معطل کرنے کی کوشش کی لیکن کینیڈا اور دیگر ممالک میں سکھوں سمیت اقلیتوں کے خلاف ماورائے سرحد قتل و کارروائیوں کے الزامات بھی عائد ہوئے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پانی کو ہتھیار بنانے اور سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے تنازعہ پیدا کرنے کی کوشش قابل مذمت ہے اور اسے قانونی، سفارتی یا اخلاقی سطح پر جائز قرار نہیں دیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے پاکستان کا موقف واضح ہے اور متعدد ممالک نے پاکستان کے موقف کی تائید کی ہے، جب بھی یہ معاملہ عالمی سطح پر قانونی فورمز پر پیش ہوا، وہاں بھی پاکستان کے موقف کو تقویت ملی ہے۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان ایک پرامن قوم ہے اور امن پر یقین رکھتا ہے تاہم بھارت کو پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے کی اجازت نہیں دیں گے کیونکہ یہ پاکستان کے 24 کروڑ عوام کا بنیادی اور مسلمہ حق ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری کو اس معاملے میں موجود وسیع تر مثال کو بھی مدنظر رکھنا چاہیے، اگر کوئی ریاست متفقہ تنازعات کے حل کے طریقہ کار کی موجودگی کے باوجود کسی پابند بین الاقوامی آبی معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل کر سکتی ہے تو اس کے اثرات دنیا بھر میں سرحد پار پانیوں کے انتظام اور تقسیم کے نظام تک پھیل سکتے ہیں، اس کے ان ممالک پر بھی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں جن کے درمیان پانی کی تقسیم کے حوالے سے معاہدے موجود ہیں، اسی لئے انسٹیٹیوٹ آف سٹریٹجک سٹڈیز اسلام آباد کا کام اہم ہے، تحقیقی اداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ ایسی پیشرفت کا تاریخی، قانونی اور تزویراتی جائزہ لے کر پالیسی سازوں اور عالمی برادری کو شواہد پر مبنی تجزیہ فراہم کریں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے جاری کی جانے والی خصوصی رپورٹ اس بحث میں اہم کردار ادا کرتی ہے جس میں سندھ طاس معاہدے کی تاریخ، بھارت کے فیصلوں کے قانونی پہلوؤں، بالائی علاقوں میں آبی انفراسٹرکچر سے متعلق پیشرفت اور پاکستان سمیت پورے خطے پر اس کے تزویراتی اثرات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ حکومت پاکستان عالمی برادری سے رابطے جاری رکھے گی اور بین الاقوامی قانون کے مطابق پاکستان کے اہم قومی مفادات کا دفاع کرتی رہے گی، جو ممالک بین الاقوامی قانون کی پاسداری نہیں کرتے وہ ترقی نہیں کر سکتے اور ان کے عزائم کو دنیا بخوبی دیکھ سکتی ہے۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ ثالثی عدالت میں بھارت کو جس سبکی کا سامنا کرنا پڑا اسے سب نے دیکھا ہے۔ وفاقی وزیر نے خصوصی رپورٹ جاری کرنے پر انسٹیٹیوٹ آف اسٹریٹجک اسٹڈیز اسلام آباد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ حکومت اس مقصد کے لئے ادارے کے ساتھ مسلسل کام کرنے کی خواہاں ہے۔

بقیہ صباح 2

ملاقاتیں کیں، جن میں سندھ کی سیاسی و انتظامی صورتحال، حکومتی امور اور مختلف محکموں کی کارکردگی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سابق وفاقی وزیر غوث بخش خان مہر نے بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کی، جس میں سندھ کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے بھی بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کی اور انہیں صوبے کی سیاسی و انتظامی صورتحال سمیت جاری حکومتی امور سے آگاہ کیا۔ سندھ کے وزیر صنعت و تجارت جام اکرام اللہ دھاریجو نے ملاقات کے دوران اپنے محکمے کی کارکردگی اور متعلقہ امور سے چیئرمین پیپلز پارٹی کو آگاہ کیا۔ دریں اثنا بلوچستان کے وزیراعلیٰ کے مشیر برائے محنت و افرادی قوت بابا غلام رسول عمرانی نے بھی بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کی اور اپنے محکمے کی کارکردگی کے حوالے سے بریفنگ دی۔ ملاقاتوں میں صوبائی سیاسی صورتحال، انتظامی معاملات اور مختلف محکموں کی کارکردگی سے متعلق امور زیر بحث آئے۔

بقیہ صباح 3

امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت کے پی میں ایمرجنسی نفاذ سے متعلق سنجیدگی سے غور کر رہی ہے، دہشتگردی کے خلاف ناکامی کے باعث آرٹیکل 232 کے تحت ایمرجنسی نفاذ پر غور کیا جا رہا ہے، ایمرجنسی کے نفاذ کی صورت میں پیپلز پارٹی حکومت سے تعاون کرے گی، ایمرجنسی نفاذ کے لیے جو بھی سیاسی نقصان اٹھانا پڑے ہم اس کیلئے تیار ہیں۔ ایک انٹرویو میں وفاقی وزیر نے کہا خیبر پختونخوا میں دہشتگردی میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے، عوام اور امن وامان قائم کرنے والے اہلکار شہید ہو رہے ہیں، کے پی حکومت صوبے میں امن وامان کی صورتحال پر قابو پانے میں ناکام ہوئی ہے۔ طارق فضل چوہدری نے کہا دہشتگردی بلوچستان میں بھی ہے لیکن وہاں کے وزیراعلیٰ روک تھام کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، کے پی حکومت دہشتگردی کی روک تھام کے سلسلے میں وفاقی حکومت کی راہ میں رکاوٹ بنی ہوئی ہے۔

بقیہ صباح 4

پاکستان اور چین کیلئے مصنوعی ذہانت، قابل تجدید توانائی اور گرین مائننگ سمیت باہمی مفاد کے دیگر شعبوں میں نئے مواقع پیش کرتا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ گزشتہ 77 برس کے دوران چین کی ترقی نہ صرف چینی عوام بلکہ دنیا بھر کے لوگوں کے لیے بھی نمایاں اقتصادی اور سماجی ثمرات کی حامل رہی ہے۔ انہوں نے کروڑوں لوگوں کو غربت سے نکالنے میں چین کی کامیابی، جامع ترقی اور نئی معیاری پیداواری قوتوں پر توجہ نیز عالمی امور میں چین کے بڑھتے ہوئے کردار کو اجاگر کیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان اور چین اس سال سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ منا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کی آہنی دوستی نے وقت کی ہر آزمائش پر پورا اترتے ہوئے ثابت کیا ہے کہ یہ تعلقات تزویراتی باہمی اعتماد اور بنیادی مفادات سے متعلق امور پر ایک دوسرے کی مسلسل حمایت سے مزید مضبوط ہوئے ہیں۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان چین کے ساتھ اپنے تعلقات کو سب سے زیادہ اہمیت دیتا ہے اور صدر شی جن پنگ کے ساتھ مل کر دونوں ممالک کی منفرد اور خصوصی دوستی کو آگے بڑھانے، عملی تعاون کو مزید گہرا کرنے اور نئے دور میں مشترکہ مستقبل کی حامل قریب تر چین۔ پاکستان کمیونٹی کی تشکیل کو تیز کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ پاکستان اور چین کے درمیان دوستی اور تعاون کے رشتے مزید مضبوط ہوتے رہیں گے جس سے دونوں ممالک کے عوام کی خوشحالی، علاقائی امن و استحکام اور زیادہ پرامن، منصفانہ اور تعاون پر مبنی علاقائی و بین الاقوامی نظام کے فروغ میں مدد ملے گی۔

بقیہ صباح 5

حکومت کی جانب سے آئندہ لائحہ عمل طے کرنے سے قبل تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لینے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ اور وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے شرکت کی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے وزیراعظم کو ملک بالخصوص خیبر پختونخوا میں امن و امان کی صورتحال پر بریفنگ دی۔ ذرائع کے مطابق وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے خیبر پختونخوا سے متعلق آئینی و قانونی امور اور دستیاب قانونی راستوں پر اجلاس کو آگاہ کیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وزیر داخلہ نے تحریک انصاف کی قیادت کے ساتھ ہونے والے پس پردہ رابطوں کے حوالے سے بھی وزیراعظم کو اعتماد میں لیا۔ اجلاس میں صوبے کی صورتحال کو قابو کرنے کے لیے مختلف آئینی اور قانونی آپشنز پر غور کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے خیبر پختونخوا سے متعلق کسی بھی اہم فیصلے سے قبل تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعظم اس معاملے پر صدر مملکت سے بھی ملاقات کریں گے۔ اجلاس میں خیبر پختونخوا کی صورتحال کا مختلف پہلوؤں سے جائزہ لیا گیا اور آئندہ کے اقدامات کے حوالے سے مشاورت جاری رکھنے پر بھی غور کیا گیا

بقیہ صباح 6

فورسز نے دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں ایک دہشتگرد ہلاک جبکہ دوسرا فرار ہوگیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سیکیورٹی فورسز نے مال مدرسہ اور بلیکو کے درمیان دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کارروائی کی۔ ہلاک دہشتگرد کے قبضے سے اسلحہ اور موٹر سائیکل بھی برآمد کرلی گئی۔ دوسری جانب خیبر پختونخوا کے ضلع شمالی وزیرستان کے علاقے میر علی میں سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی کے دوران 3 دہشتگرد ہلاک کیے گئے جبکہ ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد ہوا۔ ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے میر علی اور گرد و نواح میں دہشتگردوں کے ٹھکانوں کو کارروائی کے دوران تباہ کردیا۔ سیکیورٹی فورسز نے دہشتگردوں کی جانب سے میر علی بازار کے قریب راشن سے لدے ٹرک کو روکنے کی کوشش بھی ناکام بنادی۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 اور خیبر پختونخوا میں عزم استحکام ویژن کے تحت دہشتگردوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ سیکیورٹی فورسز نے دہشتگردی کے مکمل خاتمے اور ملک میں پائیدار امن کے قیام کے عزم کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ صباح 7

بیان میں حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ ان پاکستانیوں کی بحفاظت بازیابی کے لیے ہر سطح پر آواز اٹھائی گئی، احتجاج کیا گیا۔ میں نے خود حکومت اور حکومتی اداروں سے بار بار رابطہ کیا مگر حکومت پاکستان بروقت مؤثر اقدامات کرنے میں ناکام رہی۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ حد تو یہ ہے کہ کراچی میں متاثرہ خاندانوں کے احتجاجی کیمپ کو بھی اکھاڑ دیا گیا۔ حکومت کی ناکافی کوششوں اور غفلت کے باعث 3 پاکستانی شہری اپنی جانوں سے گئے اور ان کے اہل خانہ پر قیامت ٹوٹ پڑی۔ حافظ نعیم الرحمن کا کہنا تھا کہ یہ صرف تین خاندانوں کا نہیں، پوری قوم کا نقصان ہے۔ حکومت کو اس سانحے کی ذمہ داری کا تعین کرتے ہوئے حقائق قوم کے سامنے لانے چاہئیں۔

بقیہ صباح 8

اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران حکومت بلوچستان اور ورلڈ فوڈ پروگرام کے درمیان جاری پروگرامز کو مزید وسعت دینے اور باہمی تعاون کو مؤثر بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ورلڈ فوڈ پروگرام کے منصوبوں کے لیے صوبائی حکومت کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں غذائی قلت ایک سنگین مسئلہ ہے جس کے تدارک کے لیے مربوط اور مشترکہ اقدامات ناگزیر ہیں۔ حکومت بلوچستان اور ورلڈ فوڈ پروگرام کے مشترکہ اقدامات صوبے میں غذائی قلت کے خاتمے کے لیے مزید کام کرنے پر اتفاق ہوا ہے۔

بقیہ صباح 9

کے سماجی، معاشی اور اخلاقی تشخص کی تشکیل میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اپنے پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ بزرگ شہری اجتماعی اور انفرادی دانش، تجربے اور اعلیٰ اقدار کے امین ہیں، جنہوں نے نسلوں کی تربیت اور رہنمائی میں اہم کردار ادا کیا۔ حکومت بزرگ شہریوں کے احترام کو محض الفاظ تک محدود رکھنے کے بجائے پالیسی سازی، ادارہ جاتی اصلاحات اور عملی اقدامات میں ڈھالنے کے لیے پرعزم ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ بزرگ ملازمین کو پنشن کی ادائیگی مزید آسان بنانے کے لیے ڈیجیٹل تصدیقی نظام کا حصہ بنایا گیا ہے، جس کے تحت لائف سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے دفاتر میں ذاتی طور پر حاضر ہونے کے بجائے گھر بیٹھے ڈیجیٹل تصدیق کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت نے ایمپلائز اولڈ ایج بینیفٹس انسٹی ٹیوشن کے دائرہ کار میں توسیع اور بزرگ مستحقین کے لیے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت خصوصی مالی معاونت سمیت متعدد اقدامات کیے ہیں۔ حکومت ان فلاحی منصوبوں کا دائرہ مزید وسیع کرنے کے لیے بھی پرعزم ہے تاکہ کوئی بھی بزرگ شہری بنیادی سماجی تحفظ سے محروم نہ رہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ عمر رسیدہ افراد کی سہولت کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے حکومت اقوام متحدہ کے زیر نگرانی میڈرڈ انٹرنیشنل پلان آف ایکشن آن ایجنگ پر عملدرآمد کے لیے بھی کوشاں ہے۔ بزرگ شہریوں کے حقوق، فلاح و بہبود اور سماجی تحفظ کے لیے مربوط پالیسی فریم ورک اور مسلسل ادارہ جاتی اصلاحات پر کام جاری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بزرگ شہریوں کے لیے صحت کی سہولیات تک رسائی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ صوبائی حکومتوں کے تعاون سے سرکاری نظام صحت میں بزرگوں کے لیے خصوصی طبی نگہداشت کی سہولیات منظم کرنے اور صحت بیمہ کی کوریج کو وسعت دینے پر بھی پیش رفت جاری ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ بزرگ شہریوں کی عزت و احترام اور انہیں سہولت فراہم کرنے والا معاشرہ ہی حقیقی انسانی فلاح و بہبود کی مثال ہے۔ بزرگوں کی معاشرتی زندگی میں تعمیری شمولیت اور مختلف سرگرمیوں میں فعال کردار سماجی ترقی کی علامت ہے۔ انہوں نے صوبائی حکومتوں، سول سوسائٹی اور نجی شعبے سے اپیل کی کہ وہ وفاقی حکومت کی کوششوں کو مؤثر بنانے میں بھرپور معاونت کریں۔ وزیراعظم نے کہا کہ بزرگ شہریوں کی فلاح و بہبود کے لیے قانون سازی کے ساتھ ہمدردی اور احساس ذمہ داری سے آراستہ قومی معاشرے کی تشکیل بھی مشترکہ کوششوں سے ہی ممکن ہے۔ وزیراعظم نے بالخصوص نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اپنے بزرگوں کے احترام، نگہداشت اور ضروریات کا خصوصی خیال رکھیں، کیونکہ یہ دینی تعلیمات اور ہماری ثقافتی روایات کا تقاضا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نسلوں کے درمیان رشتوں اور باہمی احترام کو مزید مضبوط بنا کر ایسا سماجی مستقبل تشکیل دینا ہوگا جس میں ہر عمر کے شہریوں کی فلاح، وقار اور تحفظ یقینی ہو۔

بقیہ صباح 10

دی۔ سرکاری دستاویزات کے مطابق سینٹرل بزنس ڈسٹرکٹ (سی بی ڈی) اتھارٹی 17.5 ارب روپے تک کی رقم مرحلہ وار صوبائی اکاؤنٹ ون میں جمع کرائے گی، جس کے بعد خزانے میں موصول ہونے والی رقم روڈا کو قرض کی صورت میں جاری کی جائے گی۔ دستاویزات کے مطابق روڈا کو یہ قرض مقررہ شرائط کے تحت مالی سال 2026-27 میں ضمنی گرانٹ کے ذریعے فراہم کیا جائے گا۔ پنجاب حکومت نے روڈا کے پہلے منسوخ کیے گئے 2 ارب 75 کروڑ 10 لاکھ روپے سے زائد کے قرضی بیلنس کو بھی بحال کرنے کی منظوری دی ہے۔ بحال کی جانے والی رقم دریائے راوی پر سیلاب سے بچاؤ کے منصوبوں کے لیے استعمال کی جائے گی۔ سرکاری دستاویزات کے مطابق قرضی رقم کی بحالی کا مقصد سیلاب سے بچاؤ کے منصوبوں پر کام کو بلا تعطل جاری رکھنا ہے۔ ذرائع کے مطابق روڈا کے لیے قرض اور ضمنی گرانٹ کی منظوری پنجاب کابینہ نے سرکولیشن کے ذریعے دی ہے۔

بقیہ صباح 11

دوسرے پائلٹ نے مداخلت کی۔ نارمل پائلٹ نے اسے ایمرجنسی سمجھ کر فوری ہنگامی کوڈ جاری کیا۔ فلائٹ ڈیٹا کے مطابق جارحانہ پائلٹ نے طیارے کو انتہائی سیدھے رخ موڑ دیا، جب نارمل پائلٹ نے طیارہ فوری سنبھالنے کی کوشش کی تو مزاحمت ہوئی، ہاتھا پائی کے دوران طیارہ 9 منٹ میں مزید 4 ہزار فٹ نیچے آیا۔ ذرائع کے مطابق جارحانہ انداز کو دیکھ کر نارمل پائلٹ نے ہائی جیکنگ کوڈ جاری کیا، اس پرتشدد کارروائی کے دوران فضائی عملے نے بھی فوری مداخلت کی، کوڈ آن ہوتے ہی زمین پر موجود ایئر ٹریفک کنٹرولرز الرٹ ہو گئے۔ ادھر دبئی سے تل ابیب جانے والی ایک اور پرواز کو واپس دبئی میں اتار لیا گیا ہے۔ ایوی ایشن ذرائع کے مطابق پرواز کو دوران سفر واپس دبئی کی طرف موڑا گیا۔ ایوی ایشن ذرائع کا کہنا تھا کہ پرواز کا رخ پیش آئے واقعے کے مقام سے دبئی کی جانب موڑا گیا، واضح رہے کہ اس سے قبل دبئی سے تل ابیب جاتے ہوئے ہنگامی صورتحال کا سگنل جاری کرنے والی پرواز سعودی عرب میں باحفاظت لینڈ کر گئی تھی۔

بقیہ صباح 12

کے مطابق وفاقی وزیر نے دہشت گرد عناصر کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور مؤثر کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ملک کے محافظ دہشت گردی کے عفریت کے خلاف دن رات سینہ سپر ہیں اور وطن عزیز کے امن و سلامتی کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں۔ محمد حنیف عباسی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کا غیر متزلزل عزم اور بے مثال حوصلہ لائق تحسین ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ملک سے دہشت گردی کے ناسور کے مکمل اور حتمی خاتمے تک پوری قوم اور حکومت اپنی سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ صباح 13

نے اعلان کیا ہے کہ سمارٹ اسلام آباد منصوبے کے تحت آئندہ چھ ماہ کے دوران وفاقی دارالحکومت بھر میں 2,500 انٹرنیٹ آف تھنگز (آئی او ٹی) ڈیوائسز نصب کی جائیں گی تاکہ شہریوں کو جدید ڈیجیٹل سہولیات کی فراہمی اور شہری انتظام کو خودکار بنایا جا سکے۔ وہ بدھ کو ہواوے سمر آئی سی ٹی ٹریننگ پروگرام مکمل کرنے والی اسلام آباد کے سکولوں کی طالبات کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب اور اسناد تقسیم کر رہی تھیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی اب ہر شعبہ زندگی اور شہری سہولیات کی فراہمی میں ناگزیر ہو چکی ہے، حکومت شہریوں کو قطاروں اور دفتری چکروں سے نجات دلانے کے لیے ون سٹاپ موبائل ایپلیکیشن اور آسان خدمت مراکز کے ذریعے تمام بلز، ٹیکسز اور سرکاری خدمات کو تیزی سے ڈیجیٹلائز کر رہی ہے جس کے ساتھ ساتھ کیپیٹل میں وسیع پیمانے پر آئی او ٹی نیٹ ورک قائم کیا جا رہا ہے۔ شزہ فاطمہ خواجہ نے تقریب میں شریک طالبات کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ گریڈ 7 سے سیکنڈ ایئر تک کی کم عمر طالبات نے گرمیوں کی چھٹیوں میں نہ صرف جدید آئی ٹی ٹریننگ مکمل کی بلکہ اوسطاً 25 سے 28 سرٹیفکیشنز حاصل کیں اور اپنی عمر سے کہیں زیادہ اعلیٰ درجے کے کورسز پاس کر کے دنیا کو حیران کر دیا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ پاکستان کی 68 فیصد نوجوان آبادی اور 50 فیصد خواتین ملک کا سب سے بڑا اثاثہ ہیں، اب وقت آ چکا ہے کہ ہمارے نوجوان محض ٹیکنالوجی کے صارفین بن کر نہ رہیں بلکہ خود ٹیکنالوجی تخلیق کرنے والے پروڈیوسرز اور ڈویلپرز بنیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ جدید دور میں آئی ٹی اور سائبر سیکیورٹی کا براہ راست تعلق ملکی دفاع و قومی سلامتی سے جڑ چکا ہے، اس سلسلے میں حکومت جامع سائبر سیکیورٹی ایکٹ اور نئی پالیسی پر بھی تیز رفتاری سے کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کامیاب طالبات کو مبارکباد دیتے ہوئے سرمائی تعطیلات میں وزارت آئی ٹی کے پروفیشنلز میں انٹرن شپ کی پیشکش بھی کی۔

بقیہ صباح 14

پاکستانی سفیر نے کہا کہ دنیا میں طاقت کے نئے مراکز کے ابھرنے کے ساتھ عالمی تجارت کے نئے رجحانات تشکیل پا رہے ہیں۔ ایسے حالات میں علاقائی تعاون، تجارت اور باہمی روابط کو مزید مؤثر بنانے کی ضرورت ہے۔ فیصل نیاز ترمذی نے کہا کہ پاکستان اور روس کے درمیان تجارت کے فروغ کے لیے ویزا سہولیات، براہ راست فضائی رابطوں اور مؤثر ترسیلی نظام کی ضرورت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ شنگھائی تعاون تنظیم، ترقی پذیر آٹھ ممالک کی تنظیم، جنوبی ایشیائی علاقائی تعاون تنظیم اور اقتصادی تعاون تنظیم کے پلیٹ فارمز کو تجارت، نقل و حمل اور ترسیلی روابط کے فروغ کے لیے مؤثر طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ پاکستانی سفیر نے کہا کہ پاکستان وسطی ایشیا، جنوبی ایشیا اور مشرق وسطیٰ کے درمیان قدرتی رابطے کا کردار ادا کرتا ہے اور ملک کی جغرافیائی حیثیت علاقائی تجارت کے لیے اہم زمینی اور بحری راستے فراہم کرتی ہے۔ انہوں نے پاکستان کی نوجوان آبادی کو ملک کی بڑی قوت قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی تقریباً 68 فیصد آبادی 30 سال سے کم عمر ہے، جو ایک طرف بڑی طاقت ہے تو دوسری جانب اہم ذمہ داری بھی ہے۔ پائیدار اقتصادی ترقی اور جدت کے لیے کاروباری شعبے اور سائنسی اداروں کو ایک دوسرے کے قریب لانا ضروری ہے۔ فیصل نیاز ترمذی نے کہا کہ پاکستان اور روس کے درمیان اعلیٰ سطحی روابط میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ روسی وزیر داخلہ کا اکتوبر میں پاکستان کا دورہ دونوں ممالک کے درمیان بڑھتے ہوئے اعلیٰ سطحی روابط کا مظہر ہے۔ فورم کے موقع پر پاکستانی سفیر نے مختلف ممالک کے سفراء، روسی کاروباری و علمی شخصیات اور ایم جی آئی ایم او کے طلبہ سے بھی ملاقاتیں کیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان روس کے ساتھ شراکت داری، علاقائی اقتصادی تعاون اور عوامی روابط کو مزید مضبوط بنانے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ صباح 15

حکام مذاکرات میں پیش رفت کے لیے کوششیں جاری رکھیں گے، امریکا اور ایران دونوں کے رویے سے قطری حکام کی مایوسی بڑھتی جا رہی ہے۔ قطری ثالث علی الثوادی نے نیویارک میں عباس عراقچی اور ان کی ٹیم سے ملاقات کی۔ ذرائع نے بتایا کہ ملاقات میں قطر کے 2 صفحات پر مشتمل سمجھوتے کی تجویز پر بات ہوئی، قطری تجویز میں ایران کا امریکی بحری ناکہ بندی ختم کرنے کا مطالبہ شامل تھا۔ ذرائع نے بتایا کہ قطر کی تجویز میں امریکا سے ایران کے جوہری معاملات پر رعایت کا مطالبہ شامل تھا۔ عباس عراقچی سے ملاقات کے بعد قطری ثالث واشنگٹن میں جیرڈ کشنر اور امریکی حکام سے بھی ملے، قطری ثالث سے ملاقات کے ایک حصے میں نائب صدر جے ڈی وینس بھی شریک ہوئے، تاہم مذاکرات میں کوئی نمایاں پیش رفت نہیں ہوئی۔ ذرائع کے مطابق معاملہ تعطل کا شکار ہے، ایرانی ایسے مطالبات کر رہے ہیں جنہیں امریکا قبول نہیں کر سکتا، امریکا سمجھتا ہے کہ وہ جیت رہا ہے، اس لیے اسے سمجھوتہ کرنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی، پاکستان اور مصر سمیت دیگر علاقائی ثالثوں نے بھی ایران پر جوہری معاملات میں رعایت دینے پر زور دیا ہے۔ ایران کا موقف ہے کہ وہ اس معاملے پر تب ہی غور کرے گا جب امریکا جون کے مفاہمتی سمجھوتے پر واپس آئے گا۔

بقیہ صباح 16

جانب بڑھ رہا ہے۔ پاکستان وسطی ایشیا کی اہم معدنیات کو عالمی منڈیوں تک پہنچانے کے لیے کیرک کا جنوبی گیٹ وے بن سکتا ہے اور معدنیات کی عالمی سپلائی چین میں اہم شراکت دار کے طور پر ابھرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کا عالمی کاربن اخراج میں حصہ نہایت کم ہے، تاہم ملک موسمیاتی خطرات سے شدید متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی مالیاتی اداروں کو بدلتے ہوئے عالمی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اپنے کردار کو از سر نو متعین کرنا ہوگا۔ احسن اقبال نے تجویز دی کہ موسمیاتی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثرہ ممالک کے لیے ایشیائی ترقیاتی بینک الگ مالیاتی سہولت قائم کرے، جبکہ موسمیاتی موافقت اور ماحولیاتی تحفظ کے لیے مالی معاونت موجودہ ملکی مختص رقم سے ہٹ کر ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ 2022 اور حالیہ سیلاب کے دوران عالمی برادری مطلوبہ مالی وسائل متحرک نہ کر سکی، جبکہ سیلاب سے نمٹنے کے لیے فراہم کیے گئے وسائل بھی قرضوں کی صورت میں تھے، جس سے سماجی شعبے کے منصوبے متاثر ہوئے۔ ان کا کہنا تھا کہ اے ڈی بی کو موسمیاتی تبدیلی اور قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے نئی مالیاتی سہولت فراہم کرنی چاہیے۔ وفاقی وزیر نے مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی کو موسمیاتی خطرات کی بروقت نشاندہی اور مالی وسائل کی مؤثر فراہمی کے لیے بروئے کار لانے پر بھی زور دیا۔ ملاقات میں ایم ایل ون منصوبے پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی۔ احسن اقبال نے کہا کہ ایم ایل ون پاکستان کی معاشی اور علاقائی رابطہ کاری کے لیے نہایت اہم منصوبہ ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کا پیغام ہے کہ ایم ایل ون سے متعلق ضروری کارروائی جلد مکمل کر کے منصوبے کا سنگ بنیاد جلد رکھا جائے۔ انہوں نے ایشیائی ترقیاتی بینک سے ایم ایل ون کو اپنا اہم ترین منصوبہ سمجھتے ہوئے مکمل تعاون کرنے کی درخواست کی۔ اس موقع پر پاکستان کی برآمدات 2036 تک 100 ارب ڈالر تک پہنچانے کے لیے مشترکہ مطالعاتی پروگرام شروع کرنے کی تجویز بھی پیش کی گئی۔ احسن اقبال نے کہا کہ ترکمانستان، افغانستان اور پاکستان کے درمیان بہتر علاقائی رابطہ کاری سے کیرک ممالک کو گوادر تک رسائی فراہم کی جا سکتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان آئندہ سال کیرک کی صدارت سنبھالے گا اور اگلی وزارتی کانفرنس کی میزبانی بھی کرے گا۔ اے ڈی بی کے صدر ماساتو کانڈا نے کہا کہ پاکستان میں ترقی کے لیے پالیسیوں میں تسلسل، استحکام اور مسلسل اصلاحات ضروری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم ایل ون پاکستان کے لیے اہم اور ایشیائی ترقیاتی بینک کا فلیگ شپ منصوبہ ہے، جس پر بینک پاکستان کو مکمل تعاون فراہم کرے گا۔

بقیہ صباح 17

کہ انسداد دہشت گردی ایکٹ کے تحت چالان شدہ ملزم کا پاسپورٹ قانون کے تحت ضبط شدہ تصور ہوتا ہے، پاسپورٹ کی ضبطی ختم کرنے اور ملزم کو بیرون ملک سفر کی اجازت دینے کا اختیار متعلقہ انسداد دہشت گردی عدالت کے پاس ہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ محض ضمانت منظور ہونے سے ملزم کو پاسپورٹ استعمال کرنے یا بیرون ملک سفر کرنے کی خودکار اجازت نہیں مل جاتی، بیرون ملک سفر کی اجازت کے لیے ملزم کو متعلقہ انسداد دہشت گردی عدالت سے رجوع کرنا ہوگا۔ فیصلے کے مطابق پاسپورٹ کنٹرول یا سٹاپ لسٹ سے کسی شخص کا نام نکالنے سے قانونی طور پر ضبط شدہ پاسپورٹ کی حیثیت خود بخود ختم نہیں ہوتی۔ انسداد دہشت گردی ایکٹ کے تحت پاسپورٹ ضبط کرنے اور اس کی مدت کا تعین کرنے کا اختیار متعلقہ عدالت کے پاس ہے۔ لاہور ہائیکورٹ نے قرار دیا کہ ہائیکورٹ اپنے آئینی دائرہ اختیار میں براہ راست ٹرائل کورٹ کے اختیار کو استعمال نہیں کر سکتی، کسی انتظامی حکم یا سٹینڈنگ آرڈر کے ذریعے پارلیمنٹ کے بنائے گئے قانون کو غیر مؤثر نہیں کیا جا سکتا۔ عدالت نے ڈویژن بینچ کے مقدمہ فیڈریشن بنام شیخ رشید احمد کے فیصلے کی نظیر کو بھی برقرار رکھا جبکہ ایف آئی اے اور امیگریشن حکام کی جانب سے 6 اور 19 مئی کو کیے گئے اقدامات کو قانون کے مطابق قرار دیا۔ درخواست گزار کے خلاف تھانہ سرور روڈ میں 9 مئی کے واقعات کا مقدمہ نمبر 96/22 درج ہے۔ سماعت کے دوران پنجاب حکومت کی جانب سے اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل محمد عثمان خان پیش ہوئے، انہوں نے درخواست گزار کا نام پاسپورٹ کنٹرول لسٹ سے نکالنے کی مخالفت کرتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ پاسپورٹ کی ضبطی ختم کرنے اور بیرون ملک سفر کی اجازت دینے کا اختیار متعلقہ انسداد دہشت گردی عدالت کے پاس ہے۔ فریقین کے دلائل اور قانونی نکات کا جائزہ لینے کے بعد لاہور ہائیکورٹ نے درخواست خارج کر دی۔

بقیہ صباح 18

وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے وزیراعظم کا استقبال کیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس میں پاکستان کی نمائندگی کی اور اپنے خطاب میں عالمی برادری کے سامنے پاکستان کا مؤقف مؤثر انداز میں پیش کیا۔ وزیراعظم نے عالمی سطح پر امن، سلامتی، پائیدار ترقی اور باہمی تعاون کے فروغ کے لیے پاکستان کے مؤقف کو اجاگر کیا، جبکہ عالمی رہنماؤں اور اعلیٰ حکام کے ساتھ اہم دوطرفہ و کثیرالجہتی ملاقاتیں بھی کیں۔ دورے کے دوران وزیراعظم نے عالمی مالیاتی اداروں کے نمائندگان اور کاروباری شخصیات سے ملاقاتیں کیں، جن میں پاکستان میں سرمایہ کاری کے فروغ، معاشی تعاون اور اقتصادی روابط بڑھانے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

بقیہ صباح 19

المدحون نے کہا کہ فلسطینی دھڑوں کو منصوبہ قبول کرنے کے بدلے جارحیت روکنے، اسرائیلی فوج کے انخلا، امن دستوں اور [illegible] کی فورسز کی تعیناتی اور ایک انتظامی کمیٹی کے قیام کی یقین دہانی کروائی گئی تھی، اسرائیل نے ان میں سے کسی ایک بھی اقدام پر عمل نہیں کیا۔ ابراہیم المدحون کے مطابق امن بورڈ عمومی بیانات جاری کر کے معاہدے کی ناکامی کا ذمہ دار تمام فریقوں کو قرار دیتا ہے حالانکہ ایک فریق معاہدے کو مسترد کر کے اس پر عمل نہیں کر رہا جبکہ دوسرا فریق معاہدے پر مکمل عمل کر رہا ہے۔ انہوں نے اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے مزید کہا کہ امن بورڈ کی اس ناکامی کے باعث فلسطینیوں، خطے کے دیگر حلقوں اور حتیٰ کہ ثالثوں میں بھی بورڈ کی افادیت اور مستقبل کے حوالے سے شکوک بڑھ رہے ہیں۔

بقیہ صباح 20

میں منایا جاتا ہے۔ بعض ممالک میں اس دن کی اہمیت کے پیش نظر تعطیل بھی کی جاتی ہے۔ دنیا بھر میں اساتذہ تنظیمیں یہ دن اہتمام سے مناتی ہیں، جہانیاں میں بھی یوم اساتذہ کے حوالے تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا۔ اس دن کے منانے کا مقصد اساتذہ کو تعلیمی شعبوں میں متحرک کرنے میں مدد فراہم کرنا اور اس امر کو یقینی بنانا ہے کہ اساتذہ مستقبل کے معماروں کی تعلیمی ضروریات کو جاری رکھیں گے۔ "یونیسکو" کے زیر اہتمام عالمی یوم اساتذہ 1994ء سے ہر سال باقاعدگی سے منایا جا رہا ہے۔ عالمی ٹیچرز ڈے اس عالی شان اظہار کی نمائندگی کرتا ہے جو کہ تعلیم کے میدان میں ترقی کیلئے اساتذہ کرام خدمات انجام دیتے ہیں۔

بقیہ صباح 21

لاہور ہائیکورٹ کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق نئے قواعد پنجاب اسٹیبلشمنٹ آف سپیشل کورٹس (اوورسیز پاکستانی پراپرٹی) ایکٹ 2025ء کے تحت مرتب کیے گئے ہیں۔ نئے قواعد کے تحت اوورسیز پاکستانیوں کی جائیدادوں سے متعلق خصوصی عدالتوں میں مقدمات کی الیکٹرانک فائلنگ، سماعت، عدالتی ریکارڈ اور دیگر کارروائیوں کو ڈیجیٹل نظام کے تحت لایا جائے گا۔ قواعد کے مطابق ای فائلنگ کے لیے لاہور ہائیکورٹ کے منظور شدہ پورٹل کا استعمال کیا جائے گا، جہاں درخواستیں، دستاویزات، حلف نامے اور دیگر متعلقہ ریکارڈ الیکٹرانک صورت میں جمع کرائے جا سکیں گے۔ فائلنگ کے بعد درخواست گزار کو الیکٹرانک رسید، فائلنگ نمبر اور ادائیگی کی تفصیلات بھی فراہم کی جائیں گی۔ نئے طریقہ کار کے تحت وکلا اور فریقین کو پورٹل پر رجسٹریشن کرانا ہوگی جبکہ بنیادی الیکٹرانک پتے اور شناختی معلومات کے ذریعے رسائی دی جائے گی۔ عدالت کو فریقین کی درخواست پر یا مناسب سمجھنے کی صورت میں کارروائی الیکٹرانک ذرائع سے آگے بڑھانے کا اختیار بھی حاصل ہوگا۔ قواعد میں واضح کیا گیا ہے کہ فائل کی جانے والی دستاویزات قابل قبول، پڑھنے کے قابل اور مقررہ فارمیٹ میں اپ لوڈ کرنا ہوں گی، تصاویر، آڈیو، ویڈیو، نقشے اور دیگر متعلقہ مواد بھی عدالت کے منظور شدہ طریقہ کار کے مطابق الیکٹرانک ریکارڈ کا حصہ بن سکیں گے۔ لاہور ہائیکورٹ نے الیکٹرانک نوٹس اور سروس کے لیے بھی طریقہ کار وضع کر دیا ہے، فریقین کو نوٹس ای میل، پورٹل نوٹیفکیشن یا دیگر منظور شدہ الیکٹرانک ذرائع سے بھیجا جا سکے گا، جبکہ الیکٹرانک سروس کا ریکارڈ عدالتی کارروائی کا حصہ ہوگا۔ نئے قواعد کے تحت خصوصی عدالتیں مناسب حالات میں ویڈیو لنک کے ذریعے بھی سماعت کر سکیں گی، خصوصاً اوورسیز پاکستانیوں کی شرکت آسان بنانے کے لیے ویڈیو لنک کے استعمال کی گنجائش رکھی گئی ہے، تاہم عدالت فریقین کی حاضری، کارروائی کی شفافیت اور انصاف کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے طریقہ کار طے کرے گی۔ قواعد میں الیکٹرانک ثبوت اور ریکارڈنگ سے متعلق بھی تفصیلی ضوابط شامل کیے گئے ہیں، عدالت الیکٹرانک طور پر پیش کیے گئے قابل قبول شواہد کا جائزہ لے سکے گی جبکہ عدالتی کارروائی کی ریکارڈنگ اور الیکٹرانک ریکارڈ محفوظ رکھنے کا طریقہ بھی مقرر کیا گیا ہے۔ لاہور ہائیکورٹ کے قواعد کے مطابق عدالتی فیصلوں، ڈگریوں اور دیگر اہم دستاویزات کو پورٹل پر اپ لوڈ کیا جائے گا، مخصوص حالات میں الیکٹرانک طور پر اپ لوڈ کیا گیا فیصلہ سرکاری نقل تصور کیا جا سکے گا، جبکہ ڈیجیٹل طور پر تصدیق شدہ نقول کے اجرا اور تصدیق کا طریقہ بھی وضع کیا گیا ہے۔ قواعد میں الیکٹرانک ریکارڈ کی سیکیورٹی، اسٹوریج اور رازداری کے لیے بھی اقدامات مقرر کیے گئے ہیں، حساس عدالتی معلومات تک رسائی قانون اور لاہور ہائیکورٹ کی پالیسی کے مطابق محدود رکھی جائے گی جبکہ ریکارڈ کے تحفظ کے لیے بیک اپ اور دیگر حفاظتی اقدامات کیے جائیں گے۔ لاہور ہائیکورٹ نے یہ بھی قرار دیا ہے کہ جہاں ای فائلنگ عملی طور پر ممکن نہ ہو، وہاں مخصوص وجوہات کی بنیاد پر فزیکل فائلنگ کی اجازت دی جا سکتی ہے، اسی طرح پورٹل میں تکنیکی خرابی یا سرور میں تعطل کی صورت میں فائلنگ کے متبادل طریقہ کار کی بھی گنجائش رکھی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق نئے قواعد کو لاہور ہائیکورٹ رولز اینڈ آرڈرز کے متعلقہ حصے میں شامل کیا جائے گا۔ لاہور ہائیکورٹ کی جانب سے جاری 14 صفحات پر مشتمل دستاویز میں ای فائلنگ، سماعت، عدالتی ریکارڈ، فیصلوں، نوٹسز اور عبوری انتظامات سمیت مکمل طریقہ کار بیان کیا گیا ہے۔

بقیہ صباح 22

اضافہ کے بغیر صرف قیمتوں میں ہوشربا اضافے کی وجہ سے تقریباً 100 ارب یورو اضافی ادا کیے۔ یورپی کمشنر برائے توانائی ڈین جورگنسن نے کہا کہ اضافی رقم خرچ ہونے کے باوجود یورپ کو توانائی کی اضافی مقدار حاصل نہیں ہوئی۔ توانائی کی قیمتوں میں اضافے کا بڑا سبب آبنائے ہرمز میں پیدا ہونے والی صورتحال ہے جو عالمی تیل اور ایل این جی تجارت کے لیے اہم ترین سمندری راستوں میں شمار ہوتی ہے۔ آبنائے ہرمز پر ایرانی کنٹرول اور بندش کے باعث یورپ میں ڈیزل اور پیٹرول کی قیمتیں بھی نمایاں طور پر بڑھی ہیں جس کا براہ راست اثر ٹرانسپورٹ، صنعت اور گھریلو صارفین پر پڑ رہا ہے۔ یورپی ممالک اب بڑھتے ہوئے اخراجات کم کرنے کے لیے مختلف اقدامات کر رہے ہیں۔ جرمنی نے اکتوبر سے دسمبر تک پیٹرول اور ڈیزل پر عارضی ٹیکس کمی کی منظوری دی ہے جبکہ دیگر ممالک بھی سبسڈی اور ٹیکس اقدامات پر غور کر رہے ہیں۔ دوسری جانب یورپ کی بڑی ایئرلائنز بھی مہنگے ایندھن سے متاثر ہو رہی ہیں۔ جرمن فضائی کمپنی لفتھانزا نے رواں سال اضافی جیٹ فیول لاگت کا تخمینہ پہلے بتائے گئے 1.5 ارب یورو سے بھی بڑھنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ ادھر امریکی صارفین بھی تیل قیمتوں میں اضافے سے متاثر ہو رہے ہیں جہاں گزشتہ سال کے مقابلے میں رواں سال پٹرول اور ڈیزل پر اخراجات میں اربوں ڈالر کا اضافہ ہوا ہے۔

بقیہ صباح 23

آمور کے علاقے میں اڑان بھری تھی کہ کچھ دیر بعد گر کر تباہ ہوگیا۔ حادثے کے بعد امدادی ٹیموں نے کارروائی کرتے ہوئے زخمی افراد کو اسپتال منتقل کیا۔ روسی حکام کا کہنا تھا کہ حادثے کے وقت طیارے میں کوئی گولہ بارود یا جنگی ہتھیار موجود نہیں تھا تاہم حادثے کی وجہ فوری طور پر سامنے نہیں آسکی۔ روسی میڈیا کے مطابق ٹی یو 95 - سوویت دور میں تیار کیا جانے والا طویل فاصلے تک پرواز کرنے والا اسٹریٹجک بمبار طیارہ ہے۔ یہ طیارہ روسی فضائیہ کے اہم ترین بمبار طیاروں میں شمار ہوتا ہے اور اسے طویل فاصلے کے کروز میزائل لے جانے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ روسی حکام نے حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات شروع کر دی ہیں جبکہ تباہ ہونے والے طیارے کے ملبے کی جگہ پر امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ صباح 24

مطابق صدر ٹرمپ نے ٹیکنالوجی عہدیداروں کے ساتھ مصنوعی ذہانت سے متعلق ایک دستاویز پر دستخط کیے ہیں۔ ٹرمپ نے دستاویز کو تحفظ کی ایک شکل قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نگرانی کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دینے پر غور کر رہے ہیں، ہم خود احتسابی کا زبردست عمل دیکھ رہے ہیں، اے آئی رہنما اس بات کو سمجھتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ملاقات میں ڈیٹا سینٹرز کے قیام کے مقامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ جن علاقوں میں ڈیٹا سینٹرز تعمیر کیے جائیں گے، وہاں کے لوگوں کو مالی طور پر بہت زیادہ فائدہ ہوگا۔

بقیہ صباح 25

7 اکتوبر 2023 کے حملے میں مرکزی کردار ادا کرنے والے حماس کے رہنما اور جنگجوؤں کو اپنے بستروں پر سکون سے مرنے نہیں دیا جانا چاہیے۔ اسرائیلی وزیر دفاع نے حماس کے رہنماؤں کو اکتوبر 2023 کے حملے کا ذمہ دار قرار دیتے ہوئے کہا کہ اسرائیل ان کے تعاقب کا سلسلہ جاری رکھے گا۔ تاہم ان کے بیان میں حماس کے کسی مخصوص رہنما یا ان کے خلاف کسی بھی قسم کی کارروائی کی تفصیلات نہیں بتائی گئیں۔ یاد رہے کہ اسرائیل نے ستمبر 2025 میں قطر کے دارالحکومت دوحہ میں حماس کی قیادت کو نشانہ بنانے کے لیے فضائی حملہ کیا تھا۔ جس میں ایک قطری شہری جاں بحق ہوگیا تھا۔ اسرائیلی قیادت نے اس حملے کو حماس کے سینئر رہنماؤں کے خلاف کارروائی قرار دیا تھا تاہم بعد ازاں اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے قطر سے حملے پر معذرت بھی کی تھی۔ واضح رہے کہ غزہ میں امریکی ثالثی میں جنگ بندی اور پیس بورڈ کے قیام کے باوجود اسرائیل نے جارحانہ کارروائی جاری رکھی ہوئی ہیں بلکہ اس کا سلسلہ مغربی کنارے تک وسیع کر دیا ہے۔

بقیہ صباح 26

برادر ہڈ 5 - مشق کا مقصد شریک ممالک کی اسپیشل فورسز کے درمیان تعاون، رابطہ کاری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ کرنا تھا۔ مشق کے دوران شریک فورسز نے مختلف جدید آپریشنز اور جنگی حکمت عملیوں سے متعلق عملی تجربات اور معلومات کا باہمی تبادلہ کیا۔ مشترکہ مشق میں شریک اسپیشل فورسز نے سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے بھی اپنے تجربات ایک دوسرے کے ساتھ شیئر کیے۔ مشق کے ذریعے جدید آپریشنز اور جنگی حکمت عملیوں کے حوالے سے شریک ممالک کی فورسز کے درمیان رابطہ کاری اور باہمی تجربات کے تبادلے کو فروغ دیا گیا۔ اٹرنل برادر ہڈ 5 - مشق شریک ممالک کے درمیان بڑھتے ہوئے دفاعی اور سیکیورٹی تعاون، باہمی اعتماد اور فوجی تعلقات کے استحکام کی عکاسی کرتی ہے۔ کثیر ملکی مشق میں مختلف ممالک کی اسپیشل فورسز کی شرکت سے مشترکہ پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور باہمی رابطہ کاری میں اضافے کے مقصد کو آگے بڑھایا گیا۔

بقیہ صباح 27

ہے۔ پینٹاگون کے مطابق ان طیاروں کو زمینی آزمائشوں، پرواز کے قابل ہونے کی جانچ، نظاموں کی جانچ اور ہتھیاروں کے انضمام کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ امریکی محکمہ دفاع کے حصول اور امور پائیداری کے انڈر سیکرٹری مائیکل پی ڈفی نے F/A-XX کو فضائی برتری برقرار رکھنے اور متنازع ماحول میں امریکی فوج کی کارروائی کی صلاحیت مضبوط بنانے کی کوششوں کا ایک مرکزی جزو قرار دیا۔ پی ڈفی نے کہا کہ F/A-XX طاقت کے ذریعے امن برقرار رکھنے کے ہمارے عزم کا ایک اہم ستون ہے، جو متنازع فضائی حدود میں برتری قائم کرے گا، آپریشنل رسائی بڑھائے گا اور جنگجوؤں کو فیصلہ کن جنگی برتری فراہم کرے گا۔ پی ڈفی کے مطابق یہ پروگرام ملک کی مستقبل کی فضائی جنگی صلاحیتوں میں ایک بڑی سرمایہ کاری کی نمائندگی کرتا ہے۔ واضح رہے کہ F/A-XX کو بحری بیڑے کے طیارہ بردار، بحری جہازوں سے آپریشن کے لیے تیار کیا جا رہا ہے، جس کا مقصد امریکی بحریہ کے طیارہ بردار بیڑے کی آپریشنل رسائی میں اضافہ کرنا ہے۔

بقیہ صباح 28

اور عالمی صورتحال پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں آبنائے ہرمز، باب المندب، بحیرہ احمر اور خلیج عدن میں بحری آمد و رفت کی آزادی اور تحفظ کی اہمیت اجاگر کی گئی۔ اجلاس کے شرکا نے آبنائے ہرمز میں حالات کو 28 فروری سے پہلے کی سطح پر بحال کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا جبکہ تجارتی جہازوں پر حوثی ملیشیا کے حملوں کی مذمت سے متعلق اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے بیان کا خیرمقدم کیا گیا۔ کابینہ نے مکہ وفاقی مشترکہ معاہدے کے سیکرٹریٹ کے قیام سے متعلق پیشرفت کا بھی جائزہ لیا جس کے ساتھ سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کے مابین دفاعی تعاون کے امور بھی زیر بحث آئے۔ اجلاس میں سمندری راستوں کے تحفظ، علاقائی سلامتی اور دفاعی تعاون سے متعلق امور کو اہمیت دی گئی۔

بقیہ صباح 29

نے جنوری 2026 میں 6 قوانین پارلیمنٹ کو بھجوائے تھے جبکہ تین مخصوص اداروں سے متعلق قوانین میں ترامیم پر مزید پیش رفت درکار ہے۔ آئی ایم ایف نے ان ترامیم کو نومبر کے وسط تک مکمل کرنے کی ہدایت کر دی ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے واپڈا کے لیے مؤثر گورننس ماڈل نہ ہونے پر بھی تشویش کا اظہار کیا اور واپڈا کے گورننس ڈھانچے میں مؤثر اصلاحات کا مطالبہ کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے نیب چیئرمین کی تقرری کے عمل کو شفاف اور قواعد پر مبنی بنانے پر پیش رفت کا جائزہ بھی لیا ہے۔ اس سلسلے میں قومی احتساب آرڈیننس میں ترمیم زیر غور ہے تاکہ تقرری کا عمل زیادہ شفاف بنایا جا سکے۔ آئی ایم ایف بورڈ کا اجلاس نومبر میں ہونے کا امکان ہے جبکہ چوتھا جائزہ کامیاب مذاکرات سے مشروط ہوگا۔ آئی ایم ایف کے 7 ارب ڈالر کے پروگرام کے تحت پاکستان کو مزید ایک ارب ڈالر کی قسط ملنے کا امکان ہے جبکہ اب تک 4.2 ارب ڈالر جاری ہو چکے ہیں۔

بقیہ صباح 30

نے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ این ایچ اے نے 2 سال کی ریونیو میں اضافے کے لیے مقرر کردہ ہدف کامیابی سے حاصل کر لیا ہے اور اب جہاں سے ریونیو آ رہا ہے، وہاں نئی سڑکوں کی تعمیر خود این ایچ اے کرے گا۔ انہوں نے بتایا کہ آئندہ چند ماہ میں مکمل ہونے والے اہم منصوبوں میں لودھراں، ملتان ایکسپریس وے، پنڈی بھٹیاں، فیصل آباد موٹروے کی توسیع اور پشاور ناردرن بائی پاس کے منصوبے شامل ہیں جن کا افتتاح وزیراعظم کریں گے۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے بتایا کہ سیالکوٹ کھاریاں موٹروے پر بھی تیزی سے کام جاری ہے جبکہ کراچی، کوئٹہ، چمن پاکستان ایکسپریس وے این 25 پر تعمیراتی کام بھی شروع ہیں۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے لاہور، گوجرانوالہ جی ٹی روڈ کی ناقص حالت پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے این ایچ اے حکام کو فوری اقدام کی ہدایت کی تاکہ یہاں سے گزرنے والے شہریوں کو ریلیف مل سکے۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے این ایچ اے حکام سے کہا کہ وہ نئی شاہراہوں کی تعمیر میں بہتر انجینئرنگ کے ذریعے شاہراہوں پر روڈ سیفٹی یقینی بنائیں کیونکہ انسانی جانوں کا مکمل تحفظ ہماری پہلی ترجیح ہونی چاہیے۔ وفاقی وزیر مواصلات نے ایم 4 سمیت مختلف شاہراہوں کی ڈیزائننگ پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہماری سڑکوں کو گرین اور ہر لحاظ سے محفوظ ہونا چاہیے جس کے لیے ہمارے انجینئرنگ سٹاف کو ترقی یافتہ ممالک کی طرز پر موٹر ویز کو محفوظ اور آرام دہ بنانا ہوگا۔ انہوں نے روڈ انجینئرنگ اور بہتر ڈیزائننگ کے لئے این ایچ اے کو غیر ملکی ماہرین کی خدمات حاصل کرنے کے لئے کہا۔ این ایچ اے کے اعلیٰ سطحی اجلاس میں وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کو موٹروے ایم 6 کے لئے فنڈز کی فراہمی، پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام میں جاری منصوبوں اور چاروں صوبوں میں جاری این ایچ اے کے پراجیکٹس پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ اس ادارے کے پاس قومی شاہراہوں کا 3.18 فیصد نیٹ ورک ہے جبکہ اس پر 80 فیصد سے زائد ٹریفک رواں دواں ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ این ایچ اے کی طرف سے جلد وزیراعظم کو گزشتہ ڈھائی برسوں کی کارکردگی پر پریزنٹیشن دی جائے گی۔ اجلاس کو وفاقی سیکرٹری مواصلات اور چیئرمین این ایچ اے نے مختلف منصوبوں پر بریفنگ بھی دی۔

بقیہ صباح 31

نوٹیفکیشن کے مطابق پروڈکشن مانیٹرنگ، ویڈیو سرویلنس یا ڈیجیٹل آئی ٹی سسٹم لگانا لازم ہوگا، ایف بی آر سسٹم سے منسلک نہ ہونے والے رجسٹرڈ کاروبار زد میں آئیں گے۔ ایف بی آر کے اعلامیے میں کہا گیا کہ کاروبار سیل کرنے کے لیے ضرورت پڑنے پر پولیس کی مدد لی جائے گی، کمشنر ان لینڈ ریونیو رپورٹ کی بنیاد پر کارروائی شروع کر سکے گا، اسسٹنٹ کمشنر یا اس سے اوپر کا افسر تحریری رپورٹ کمشنر کو دے گا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کمشنر انکوائری کرنے کے بعد چیف کمشنر کو رپورٹ بھیجے گا، چیف کمشنر کاروبار سیل کرنے یا نہ کرنے کا تحریری حکم جاری کرے گا، کاروباری مقام کا مکمل یا صرف مخصوص حصہ سیل کیا جا سکے گا، سیل کرنے سے پہلے کاروباری شخص کو حکم کی کاپی دی جائے گی۔ ایف بی آر اعلامیے میں بتایا گیا کہ کاروباری مقام اس وقت تک سیل رہے گا جب تک مانیٹرنگ سسٹم ایف بی آر سے منسلک نہیں ہو جاتا جبکہ سیل شدہ کاروبار کھلوانے کے لیے جرمانہ ادا کرنے کے ساتھ مانیٹرنگ سسٹم نصب کرنا ہوگا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سسٹم کی تنصیب کے وقت ایف بی آر کی ٹیکنیکل ٹیم موجود ہوگی، جبکہ سسٹم نصب ہونے کے بعد کمشنر 3 دن کے اندر سرٹیفکیٹ جاری کرے گا، الیکٹرانک مانیٹرنگ کے قواعد کا دائرہ کار مزید کاروباروں اور مینوفیکچررز پر لاگو ہو سکتے ہیں۔

بقیہ صباح 32

کی صدارت میں نیشنل کوآرڈینیٹرز کونسل کے پہلے اجلاس میں نیشنل کوآرڈینیٹرز کا خیرمقدم کرتے ہوئے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے پاکستان کے ایک کھلے، جامع اور تعمیری صدارتی عزم کا اعادہ کیا، جو باہمی اعتماد، باہمی مفاد، مساوات، مشاورت اور مشترکہ ترقی کے شنگھائی اسپرٹ پر مبنی ہے۔ انہوں نے پاکستان کی صدارت کے موضوع ویژن کو عمل میں تبدیل کرنا، کنیکٹیوٹی، جدت اور مشترکہ خوشحالی کو اجاگر کیا اور اس بات پر زور دیا کہ ایس سی او کے مشترکہ ویژن کو عملی تعاون اور ٹھوس نتائج میں تبدیل کیا جائے۔ انہوں نے 2027 میں اسلام آباد میں ایس سی او کونسل آف ہیڈز آف اسٹیٹ کی میزبانی کی تیاریوں کا بھی ذکر کیا اور کامیاب صدارت کو یقینی بنانے کے لیے رکن ممالک کے درمیان قریبی رابطے کی ضرورت پر زور دیا۔ وافر فراہمی یقینی بنائی جا سکے گی اور عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم ہوگا۔

بقیہ صباح 33

ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق مالی سال 2026-27 میں حکومت کی مجموعی مالی ضروریات کا تخمینہ 28 ہزار 647 ارب روپے لگایا گیا ہے، جو مجموعی ملکی پیداوار (جی ڈی پی) کے تقریباً 20 فیصد کے برابر بنتی ہیں۔ منصوبے کے مطابق مالی سال کے دوران ملکی قرض کی اصل ادائیگیوں کے لیے 17 ہزار 96 ارب روپے جبکہ بیرونی قرضوں کی ادائیگیوں کے لیے 4 ہزار 531 ارب روپے درکار ہوں گے۔ حکومت نے قرضوں کے حصول میں طویل مدتی اور فلسڈ ریٹ سیکیورٹیز پر توجہ مرکوز کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز کی خالص نئی فنانسنگ 4 ہزار 580 ارب روپے رکھنے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے، جبکہ قلیل مدتی قرضوں کے اجرا کو محدود رکھنے کی حکمت عملی اپنائی جائے گی۔ حکومت مالی سال 2026-27 میں 6 ہزار 600 ارب روپے کے سکوک جاری کرنے کا ہدف بھی رکھتی ہے، جبکہ 20 سالہ فلسڈ کوپن بانڈ متعارف کرانے کا منصوبہ بھی شامل ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق ٹی بلز کی مد میں خالص قرض منفی 2 ہزار 592 ارب روپے رکھنے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ حکومت کا کہنا ہے کہ طویل مدتی سیکیورٹیز پر زیادہ انحصار کا مقصد قرضوں کی ری فنانسنگ کے خطرے کو کم کرنا ہے۔ وزارت خزانہ کے اعداد و شمار کے مطابق جون 2026 تک پاکستان کا مجموعی سرکاری قرض 86.7 ٹریلین روپے ریکارڈ ہوا۔ اس میں ملکی قرض 59.4 ٹریلین جبکہ بیرونی قرض 27.3 ٹریلین روپے رہا۔ حکومت نے ستمبر 2024 سے اب تک 4.7 ٹریلین روپے کے قرض مینجمنٹ آپریشنز کیے ہیں، جبکہ قرض کی اوسط مدت جون 2025 کے 2.7 سال سے بڑھ کر جون 2026 میں 3.8 سال ہو گئی ہے۔ حکومت 2028 تک قرض کی اوسط مدت 4.2 سال تک بڑھانے کا ہدف مقرر کیا ہے۔ سالانہ قرضہ منصوبے کے مطابق مالی سال 2026-27 میں بیرونی ذرائع سے 13.378 ارب ڈالر حاصل ہونے کا تخمینہ ہے، جبکہ بیرونی قرضوں اور ادائیگیوں کا مجموعی حجم 10.574 ارب ڈالر متوقع ہے۔ ملٹی لیٹرل ذرائع سے 4.975 ارب ڈالر کی بیرونی آمد متوقع ہے، جبکہ حکومت بین الاقوامی بانڈز کے ذریعے 2 ارب ڈالر حاصل کرنے کا منصوبہ رکھتی ہے۔ نجکاری سے 16 ارب روپے حاصل ہونے کی توقع بھی ظاہر کی گئی ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق حکومت بیرونی قرضوں کی مدت بڑھا کر ری فنانسنگ کے خطرے کو کم کرنے کی حکمت عملی پر عمل پیرا ہے۔

بقیہ صباح 34

عائشہ فیض ضمانت پر رہا ہو کر اپنے گھر خیریت و عافیت سے پہنچ گئی ہیں، عدالت میں کیس کی پیروی کرنے پر اپنی لیگل ٹیم کا مشکور ہوں۔ یاد رہے کہ کوئٹہ پولیس کے محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) نے ریٹائرڈ پولیس سرجن ڈاکٹر عائشہ فیض کو صوبے میں شدت پسندوں کی حمایت اور سیکیورٹی اداروں کے خلاف بیان کے الزام میں گرفتار کیا تھا۔ ڈاکٹر عائشہ فیض نے 31 اگست 2026 کو کوئٹہ پریس کلب میں ایک پریس کانفرنس کے دوران بلوچستان کی سیاسی صورت حال، اس کے تاریخی پس منظر اور حالیہ واقعات پر اظہار خیال کیا تھا۔

بقیہ صباح 35

سے نمٹنے کے لیے صوبائی حکومت کے اقدامات کو سراہتے ہوئے ان پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔ نسیم الرحمان خان ملاخیل نے وفد کو بتایا کہ صوبائی حکومت ترقی اور عوامی فلاح کے ساتھ ساتھ ماحول کے تحفظ کو بھی اپنی پالیسیوں کا اہم حصہ بنا چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں تعلیم، صحت، روزگار، پینے کے صاف پانی کی فراہمی اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے ساتھ ساتھ ماحول دوست منصوبوں پر تیزی سے عمل جاری ہے۔ شجرکاری مہمات، آلودگی کے خاتمے اور قدرتی وسائل کے مؤثر استعمال جیسے اقدامات موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کم کرنے میں مددگار ثابت ہو رہے ہیں۔ صوبائی مشیر نے کہا کہ حکومت کا مقصد صرف ترقیاتی منصوبے مکمل کرنا نہیں بلکہ عوام کے لیے ایک صاف، سرسبز اور محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ عوامی شمولیت کے بغیر ترقی کا عمل ادھورا ہے، اس لیے ضروری ہے کہ ہر شہری ماحولیاتی بہتری کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔ وفود نے اس موقع پر حکومت کی ماحولیاتی پالیسیوں اور عملی اقدامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان اقدامات سے عوامی زندگی میں بہتری اور صوبے میں پائیدار ترقی کے نئے امکانات پیدا ہوں گے۔

بقیہ صباح 36

دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، یہ بات انہوں نے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل سے بخوبی آگاہ ہیں اور ان کے حل کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں۔ حلقہ انتخاب میں ترقیاتی منصوبوں، سڑکوں، بجلی، پانی، صحت اور دیگر بنیادی سہولیات کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ عوام کے لیے ہمارے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں، بلا رنگ و نسل عوام کی خدمت پر یقین رکھتے ہیں اور حلقے کے ہر فرد کے مسائل کو اپنا مسئلہ سمجھتے ہوئے ان کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش جاری رکھیں گے۔

بقیہ صباح 37

ملاقات کے دوران ضلع صحبت پور میں پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنان و عہدیداران کو درپیش مسائل، تنظیمی امور، عوامی رابطہ مہم اور پارٹی سرگرمیوں سمیت مختلف اہم معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر میر محمد یعقوب خان کھوسہ نے ضلع صحبت پور کے پارٹی کارکنان کو درپیش مسائل اور مشکلات سے ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی کو آگاہ کیا اور کارکنان کے مسائل کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ ملاقات میں پارٹی کارکنان کے کردار کو سراہتے ہوئے اس امر پر بھی گفتگو کی گئی کہ کارکنان پاکستان پیپلز پارٹی کا بنیادی سرمایہ ہیں، جو مشکل حالات میں بھی پارٹی کے نظریے، منشور اور عوامی خدمت کے پیغام کو عوام تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اس موقع پر ضلع صحبت پور میں پارٹی کو مزید فعال اور منظم بنانے، کارکنان کے درمیان رابطوں کو مضبوط کرنے، تنظیمی سرگرمیوں کو فروغ دینے اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ محترمہ غزالہ اشفاق گولہ نے پارٹی کارکنان کے مسائل کو اہمیت دیتے ہوئے ان کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی اور پارٹی تنظیم کو مزید مضبوط بنانے کے لیے باہمی رابطوں کو مؤثر بنانے پر زور دیا۔

بقیہ صباح 38

ملک کی حفاظت کی ذمہ داری سنبھالنے کے لیے ابھی پوری طرح تیار نہیں۔ واضح رہے کہ امریکی افواج کے انخلا 2024 میں جو بائیڈن کے دور حکومت میں اتفاق کیا گیا تھا، جس پر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ نے ایسے وقت میں عمل درآمد کیا جب دونوں ملک ایران کے خلاف جنگ بھی جاری رکھے ہوئے ہے۔ یہ انخلا امریکا کی قیادت میں اتحادی افواج کی جانب سے صدام حسین کی حکومت کا تختہ الٹنے کے 23 سال بعد عمل میں آیا ہے، جس کے بعد عراق میں کئی برس تک بدامنی اور انتشار جاری رہا۔ امریکی فوجی ابتدائی طور پر 2011 کے اختتام پر عراق سے نکل گئے تھے، تاہم 3 سال سے بھی کم عرصے بعد اس وقت واپس آئے جب داعش کے جنگجوؤں نے عراق کے تقریباً ایک تہائی حصے پر قبضہ کر لیا تھا۔ امریکا کی اس صدی کی سب سے بڑی جنگ میں ساڑھے 4 ہزار سے زائد امریکی فوجی ہلاک ہوئے، جو افغانستان میں لڑی جانے والی متوازی جنگ میں ہلاک ہونے والے امریکی فوجیوں کی تعداد سے تقریباً دوگنا ہے۔ عراق باڈی کاؤنٹ منصوبے کے مطابق عراق میں 2 لاکھ سے زائد شہری بھی مارے گئے۔

بقیہ صباح 39

پر دسترس نہیں دے سکتا۔ انہوں نے دانشورانہ املاک کے تحفظ اور کاروبار کرنے میں آسانی کے نظام میں بھی تجدید و بہتری کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ اداروں کی اعلیٰ سطح پر بار بار تبدیلیاں بھی مسائل پیدا کر سکتی ہیں، خصوصاً اس وقت جب پالیسی سازوں اور منتظمین کو متعلقہ شعبوں کے بارے میں مطلوبہ تجربہ اور فہم حاصل نہ ہو۔ ان کے مطابق تجارت، سرمایہ کاری، کامرس اور معاشی پالیسی کے شعبوں میں ادارہ جاتی مہارت اور ان شعبوں سے مکمل آگاہ قیادت ناگزیر ہے۔ سردار مسعود خان نے کہا کہ گزشتہ کئی دہائیوں کے دوران پاکستان کے عالمی تشخص پر بھی اثر پڑا، بالخصوص دہشت گردی کے خلاف جنگ اور افغانستان کے تنازع کے اثرات کے باعث۔ اسی عرصے میں بھارت، چین، ملائیشیا اور انڈونیشیا سمیت خطے کے متعدد ممالک نے نمایاں معاشی ترقی کی۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کو اپنا معاشی تشخص مزید مستحکم کرنے کے ساتھ عالمی کاروباری برادری کے سامنے اپنی سرمایہ کاری کی استعداد کو زیادہ مؤثر انداز میں اجاگر کرنا ہوگا۔

بقیہ صباح 40

کی بالادستی اور مضبوط جمہوریت میں مضمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی مسلسل تصادم اور محاذ آرائی کی پالیسی نے جمہوریت اور ملکی سیاست کا مستقبل گھمبیر بحران سے دوچار ہو چکا ہے کہ جب بھی ریاست کے اندر سیاسی تصادم اور اداروں یا فریقین کے درمیان ٹکراؤ ہوا، اس کا خمیازہ کسی ایک طبقے کو نہیں بلکہ پوری قوم کو بھگتنا پڑ رہا ہے۔ جمعیت علماء اسلام ان تمام صورتحال کا جائزہ لے رہا ہے اور وقت کی حساب سے اپنا کردار ادا کریں گے۔

بقیہ صباح 41

آتے ہیں۔ صرف ان کے اپنے ایک سوالی خطوط موصول ہوئے۔ وہ سب کا ٹریک رکھتے ہیں اور جہاں ممکن ہو جواب دیتے ہیں۔ یہ پارٹی کا اندرونی معاملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کوئی ڈکٹیٹر یا کنگز پارٹی نہیں، پارٹی میں جمہوریت ہے اور سب اپنی رائے کا اظہار کر سکتے ہیں۔ شوکت یوسف زئی نے انہیں واٹس ایپ میسج کے ذریعے خط بھیجا اور رائے کا اظہار کیا۔ وہ دستور پارٹی کے انفارمیشن سیکرٹری ہیں، ان کی رائے کی قدر کی جاتی ہے۔ پارٹی میں میٹنگز میں سب مکمل رائے کا اظہار کرتے ہیں اور پھر پارٹی کے فیصلے پر عمل ہوتا ہے۔ انہیں یا پارٹی کو شوکت یوسف زئی کے خلاف کوئی گریوینس نہیں کہ انہوں نے خط لکھا۔ ہاں، انہوں نے انہیں کہا کہ ایسے خط یا میسج بھیجنے کی ضرورت نہیں تھی کیونکہ وہ لیک ہو گیا تھا، جو مناسب نہیں۔ شوکت یوسف زئی نے کہا کہ وہ دو گروپوں میں نہیں ہیں اس لیے انہوں نے مناسب سمجھا کہ خط بھیج دیں۔ انہوں نے کہا کہ فی الحال حکومت اور اپوزیشن کے درمیان آنا جانا ہو رہا ہے مگر مقصد کی بات نہیں ہو رہی، جس کی وجہ سے چیزیں ہائپ پر چلی گئی ہیں۔ وزیراعظم نے خط ضرور لکھا ہے اور وہ واپس ملک آ چکے ہیں۔

بقیہ صباح 42

رکھے گا۔ امریکی وزیر خزانہ اسکاٹ بیسنٹ کے بقول محکمہ خزانہ ایرانی حکومت کے معاونین کی نشاندہی کر کے انہیں نظام سے دور اور الگ تھلگ کرنے کے لیے اقدامات کرتا رہے گا۔ یہ پابندیاں ایک ایسے وقت میں عائد کی گئی ہیں جب امریکا اور ایران کے درمیان جنگ کے خاتمے کے لیے سفارتی کوششیں جاری ہیں تاہم دونوں ممالک کے درمیان اختلافات برقرار ہیں۔ واضح رہے کہ امریکی انتظامیہ کی جانب سے ایران پر اقتصادی دباؤ بڑھانے کی مہم کے تحت اس سے قبل بھی ایرانی عسکری پروگرام سے منسلک افراد اور کمپنیوں کو پابندیوں کا نشانہ بنایا جا چکا ہے۔

بقیہ صباح 43

چین نے انسانی ترقی، سائنس، ٹیکنالوجی اور جدت کے شعبوں میں بے مثال ترقی کی ہے۔ وزیراعظم نے کہا 2026 کا سال پاکستان اور چین کے مشترکہ سفر میں ایک خصوصی اہمیت رکھتا ہے، پاکستان اور چین اپنے سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ منا رہے ہیں، ہمارے دل ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں اور ایک ساتھ دھڑکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری دوستی نے ہمیشہ وقت کے ہر امتحان، خواہ وہ زلزلے ہوں، طوفان ہوں یا سیلاب، سامنا کیا ہے، چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) ہماری دیرینہ دوستی اور اپنے عوام کے لیے زیادہ خوشحال اور ترقی یافتہ مستقبل کے مشترکہ عزم کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب ہم سی پیک کے اگلے مرحلے سی پیک 2.0 میں داخل ہو رہے ہیں، نئے فیز میں صنعت کاری، خصوصی اقتصادی زونز، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت، زراعت، کان کنی اور معدنیات پر خصوصی توجہ مرکوز کی جائے گی۔ شہباز شریف نے کہا کہ زراعت کے شعبے میں ہونے والی پیش رفت انتہائی خوش آئند ہے، پاکستان سے تعلق رکھنے والے ایک ہزار زرعی گریجویٹس کے پہلے گروپ نے چین میں اپنی تربیت مکمل کر لی ہے، مزید ایک ہزار افراد پر مشتمل اگلا گروپ چین جانے کیلئے تیار ہیں

بقیہ صباح 44

گریز کرتے ہوئے بتایا کہ پاکستان کی فوجی صلاحیتیں سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے درمیان طے پانے والے نئے دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کے لیے دستیاب ہوں گی۔ انہوں نے بتایا کہ میں تفصیل میں نہیں جاؤں گا لیکن جب میں یہ کہتا ہوں کہ اس معاہدے کے تحت سعودی عرب کے دفاع کے پابند ہیں تو اس کا مطلب ہے جو وسائل ہمارے پاس موجود ہیں وہ سب سعودی عرب کے لیے دستیاب ہوں گے اور یہ واضح بیان ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ انہوں نے حوثیوں کے خلاف کیے گئے حملوں میں پاکستان کے شامل ہونے سے متعلق واضح تصدیق نہیں کی اور نہ ہی یہ بتایا کہ سعودی عرب کی جانب سے کسی قسم کی مدد کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ حوثیوں نے سعودی عرب پر میزائل اور ڈرون حملے کیے ہیں اور یمن میں بحیرہ احمر کے ساحل تک اپنا کنٹرول وسیع کر دیا ہے۔ انٹرویو میں خواجہ آصف نے حوثیوں کو جارح قرار دیا اور کہا کہ پاکستان کے سعودی کو مدد فراہم کرنے کے عزم میں کوئی ابہام نہیں ہے، سعودی عرب کا کوئی بھی دشمن پاکستان کا دشمن ہے۔

NOTICE INVITING TENDER

The office of Development Officer Local Government Kahan invites Sealed percentage tender on composite schedule of rate 2023 Government of Balochistan (amended up to date) from interested contractors/firms for the following works under **Grant in aid 2025-26 of Local Councils.** Time limit for each scheme is 3 months & **2% EARNEST MONEY** for each Scheme. Tender Fees for each scheme are Rs. 1500 deposited in the office of undersigned as mentioned in bidding documents.

S#	Name of Work	TSE No.	Estimated cost
1	Construction of Kacha Talab at Union Council Pingora at District Kohlu.	TSE-2627091200733	3.34 M
2	Supply & Installation of Home Solar System Union Council Shameni at District Kohlu.	TSE-2627091200713	3.34 M
3	Construction of Kacha Talab at Union Council Tartani at District Kohlu.	TSE-2627091200683	3.34 M
4	Supply & Installation of Home Solar System Union Council Nisao at District Kohlu.	TSE-2627091200653	3.34 M

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules-2014. **Eligibility of Bidders:** Bidding firms must have valid registration with PEC in category C-6 or above. Bidding firm must be registered with FBR and BRA. **Bid Security**: The bids must accompany Bid Security in the form of Call Deposit or Bank Guarantee of amount specified above in the name of the undersigned from a scheduled bank. **Tender Documents**: The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed upon payment (non-refundable) bidding document fee (amount mentioned above). The NIT & Bidding Documents can also be downloaded from https://bpptwo.vdc.services/tenderssearch **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **16th October 2026** during office hours on working days. **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted at the latest by **16th October 2026 at** the office of the undersigned at **09:00 A.M** sharp, after which the bidder will not be entertained. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed office at **10:00 A.M. Address:** Office of Assistant Director Local Government District Harnai, Harnai.

Development Officer
Local Government Kahan

DAB/AB No.381/30-09-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dprgob @dgprbalochistan